

باب
1

لوگوں کا نقل مقام




A8L8B2

اکتسابی نتائج

طلبہ اس قابل بنیں گے:

- نقل مقام کی تعریف کر سکیں گے اور اس کی اسباب بیان کر سکیں گے۔ (CG - 4)
- نقل مقام کی وجوہات کی درجہ بندی کر سکیں گے۔ (CG - 4)
- نقل مقام کے مثبت اور منفی اثرات کی فہرست بنا سکیں گے۔ (CG - 4)
- گندے محلے (slums) کے بننے کے بارے میں جان سکیں گے۔ (CG - 4)
- مہاجر مزدوروں کی زندگیوں کے بارے میں ہم دردی کا اظہار کر سکیں گے۔(CG - 2)
- خاندانی بجٹ کا تجزیہ کر سکیں گے۔ (CG - 1)

نیچے دیے گئے تصویر کا مشاہدہ کیجیے:



- آپ تصویر میں کیا مشاہدہ کر رہے ہیں؟
- لوگ اپنے خاندانوں کے ساتھ ایک جگہ سے دوسری جگہ کیوں جا رہے ہیں؟

نقل مقام بہتر روزگار کی تلاش میں لوگوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقلی کو کہتے ہیں۔ بعض اوقات یہ خاندانوں کی ہیت کو بدل دیتی ہے۔

لوگ کام، ملازمت، کاروبار، حفاظت اور دیگر وجوہات کی بنا پر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتے ہیں۔ نقل مقام کی دو اقسام ہیں۔

1. عارضی نقل مقام 2. مستقل نقل مقام

2. **عارضی نقل مقام:** لوگ تھوڑی دیر کے لیے ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے ہیں اور پھر اپنے گھروں کو واپس آجاتے ہیں۔

Examples : i) People move to find work when there are no works in their own area.

ii) People move to safe places during floods or cyclones, either voluntarily or compulsorily.

2. **Permanent migration :** People leave their homes to live in a new place forever. They do not plan to come back.

Examples : Elderly parents leave their village to live with their children permanently.

Reasons for migration :

There are some reasons for people to migrate. They are:

1. Natural reasons 2. Other reasons

Let us Discuss :

1. **Natural reasons :** People migrate because of the natural calamities that make life difficult in their place.

Examples :

i) Floods : People from frequently flooded areas migrate to safer places.

ii) Cyclones : Houses and crops get damaged, so families migrate to another area.

iii) Drought : Lack of rain causes drought. Because of drought, crops fail and people move to other places for a better life.



Hi, I'm Chintu. We moved to Vijayawada because we lost our home and crop in the cyclone. It affected many families in our area. My father is working as a watchman at an apartment. My mother is working as a maid. I will join school this year.

2. **Other reasons :** People move to earn more money or to get better opportunities.

Examples :

i) Seasonal migration : Seasonal migration means moving to another place only for a season (certain period of time) and returning when the season changes. People migrate to find seasonal jobs in farming, fishing, construction work, etc.

ii) Work Opportunities : People move to new places for a higher salary, a new job, and during transfers.

iii) Business opportunities : Families shift to places with more business opportunities.

Hi, I'm Kumari. We have no property. My father works as a daily wage labourer. So, we moved to Chennai. He is paid well here. But the cost of living here is higher than in our village.



APSCERT

مثالیں: (i) جب لوگوں کے اپنے علاقے میں کام نہیں ہوتا، تو وہ کام کی تلاش میں دوسری جگہ جاتے ہیں۔

(ii) سیلاب یا طوفان کے دوران لوگ اپنی مرضی سے یا مجبوری میں محفوظ مقامات پر منتقل ہو جاتے ہیں۔

2۔ مستقل نقل مقام: لوگ ہمیشہ کے لیے کسی نئی جگہ رہنے کے لیے اپنے گھر چھوڑ دیتے ہیں۔ ان کا واپس آنے کا کوئی ارادہ نہیں ہوتا۔

مثالیں: بوڑھے والدین اپنے گاؤں کو چھوڑ کر مستقل طور پر اپنے بچوں کے ساتھ رہنے چلے جاتے ہیں۔

نقل مقام کی وجوہات:

لوگوں کے ہجرت کرنے کی کچھ وجوہات درج ذیل ہیں 1 :۔ قدرتی وجوہات 2۔ دیگر وجوہات

آیئے بحث کرتے ہیں :

1۔ قدرتی وجوہات: لوگ قدرتی آفات کی وجہ سے ہجرت کرتے ہیں جو ان کے علاقے میں زندگی کو مشکل بنا دیتی ہیں۔

مثالیں:

i) **سیلاب:** سیلاب زدہ علاقوں سے لوگ محفوظ مقامات کی طرف ہجرت کرتے ہیں۔

ii) **طوفان:** گھروں اور فصلوں کو نقصان پہنچتا ہے، اس لیے خاندان دوسرے علاقے میں منتقل ہو جاتے ہیں۔

iii) **قحط:** بارش کی کمی قحط کا سبب بنتی ہے۔ قحط کی وجہ سے فصلیں تباہ ہو جاتی ہیں اور لوگ بہتر زندگی کے لیے دوسری جگہوں پر چلے جاتے ہیں۔



"اسلام وعلیکم، میں چنٹو ہوں۔ ہم وجئے واڑہ منتقل ہو گئے کیونکہ طوفان میں ہمارا گھر اور فصل تباہ ہو گئی تھی۔ اس سے ہمارے علاقے کے بہت سے خاندان متاثر ہوئے تھے۔ میرے والد ایک اپارٹمنٹ میں چوکیدار کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ میری والدہ نوکرانی کے طور پر کام کر رہی ہیں۔ میں اس سال اسکول میں داخلہ لوں گا۔"

2۔ دیگر وجوہات: لوگ زیادہ پیسے کمانے یا بہتر مواقع حاصل کرنے کے لیے نقل مکانی کرتے ہیں۔

مثالیں:

i) **موسمی نقل مقام:** اس کا مطلب صرف ایک سیزن (مخصوص وقت) کے لیے دوسری جگہ جانا اور سیزن بدلنے پر واپس آنا ہے۔ لوگ کھیتی باڑی، ماہی گیری، تعمیراتی کام وغیرہ میں موسمی ملازمتیں تلاش کرنے کے لیے ہجرت کرتے ہیں۔

ii) **روزگار کے مواقع:** لوگ زیادہ تنخواہ، نئی ملازمت اور تبادلوں کے دوران نئی جگہوں پر منتقل ہوتے ہیں۔

iii) **کاروباری مواقع:** خاندان ایسے مقامات پر منتقل ہوتے ہیں جہاں کاروبار کے زیادہ مواقع ہوں۔



"اسلام وعلیکم، میں کماری ہوں۔ ہمارے پاس کوئی جائیداد نہیں ہے۔ میرے والد دیہاڑی دار مزدور کے طور پر کام کرتے ہیں۔ اس لیے ہم چنئی منتقل ہو گئے۔ انہیں یہاں اچھی اجرت ملتی ہے۔ لیکن یہاں رہنے کے اخراجات ہمارے گاؤں کے مقابلے میں زیادہ ہیں۔"

I'm Rajesh. I'm unable to go to school regularly because we don't live in a permanent place. We move in search of livelihood. But I want to continue my studies.




iv) People move for other important needs in life.

Education: Children move to cities for higher education.

Family Reasons: To live with relatives or after getting married.

Safety & Facilities: To live in a place with medical facilities, transportation, and clean surroundings.



Hi, I'm Pallavi. We moved to Guntur because my brother joined a college and my father started a new business. But I miss my beautiful village.



Let us discuss

- What are the effects of migration ?
- How does migration affect a family?

Effects of Migration :

Migration affects children in many ways. Sometimes, they move to new places with their parents. Because of family problems, they often do not join a school there. This affects their education. They do not have friends to talk or play with, and they feel insecure in the new place. If these children join a school in the new location, they will get an education and also find new friends.

Madhu, a well-educated student from a reputed university in India, got a chance to work abroad. After some time, he earned a good amount of money. He bought a farm in his native village and built a beautiful house on it. After returning from abroad, Madhu is now living happily with his family in that farmhouse. This is an example of the positive effects of migration.



APSCERT




"میں راجیش ہوں۔ میں باقاعدگی سے اسکول نہیں جاپاتا کیونکہ ہم کسی مستقل جگہ پر نہیں رہتے۔ ہم روزگار کی تلاش میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔ لیکن میں اپنی پڑھائی جاری رکھنا چاہتا ہوں۔"

(iv) لوگ زندگی کی دیگر اہم ضروریات کے لیے منتقل ہوتے ہیں :

- **تعلیم :** بچے اعلیٰ تعلیم کے لیے شہروں کا رخ کرتے ہیں۔
- **خاندانی وجوہات :** رشتہ داروں کے ساتھ رہنے کے لیے یا شادی کے بعد۔
- **حفاظت اور سہولیات :** ایسی جگہ رہنے کے لیے جہاں طبی سہولیات، نقل و حمل اور صاف ستھرا ماحول ہو۔



"ہیلو، میں پلوی ہوں۔ ہم گنٹور منتقل ہو گئے کیونکہ میرا بھائی کالج میں داخل ہوا تھا اور میرے والد نے نیا کاروبار شروع کیا تھا۔ لیکن میں اپنے خوبصورت گاؤں کو یاد کرتی ہوں۔"



آیئے بحث کریں

- نقل مقام کے اثرات کیا ہیں؟
- نقل مقام ایک خاندان کو کیسے متاثر کرتی ہے؟

نقل مقام کے اثرات :

نقل مکانی بچوں کو کئی طریقوں سے متاثر کرتی ہے۔ بعض اوقات، وہ اپنے والدین کے ساتھ نئی جگہوں پر منتقل ہو جاتے ہیں۔ خاندانی مسائل کی وجہ سے، وہ اکثر وہاں اسکول میں داخل نہیں ہو پاتے۔ اس سے ان کی تعلیم متاثر ہوتی ہے۔ ان کے پاس بات کرنے یا کھیلنے کے لیے دوست نہیں ہوتے، اور وہ نئی جگہ پر خود کو غیر محفوظ محسوس کرتے ہیں۔ اگر یہ بچے نئی جگہ پر اسکول میں داخل ہو جائیں تو انہیں تعلیم بھی ملے گی اور نئے دوست بھی ملیں گے۔



مدھو، جو بھارت کی ایک مشہور یونیورسٹی سے تعلیم یافتہ طالب علم ہے، اسے بیرون ملک کام کرنے کا موقع ملا۔ کچھ عرصے بعد اس نے اچھی خاصی رقم کمالی۔ اس نے اپنے آبائی گاؤں میں ایک فارم ہاؤس خریدا اور اس پر ایک خوبصورت گھر بنایا۔ بیرون ملک سے واپسی کے بعد، مدھو اب اس فارم ہاؤس میں اپنے خاندان کے ساتھ خوشی خوشی رہ رہا ہے۔

یہ نقل مکانی کے مثبت اثرات کی ایک مثال ہے۔

Rajaiah moved from Giddalur to Chennai due to a famine (drought) and started working there. But his earnings could not fulfil the needs of the family. So, all the members of his family started to work there. Thus, his son became a child labourer. This is an example of negative effects of migration.





Think and Discuss

Are there any new students in your class who have migrated from another place? Discuss the reasons for their migration.

Positive Effects and Negative Effects of Migration:

Positive Effects of Migration	Negative Effects of Migration
• People can find better jobs and better livelihood. • Children and families get access to better schools, colleges, and health care services. • People learn new languages and cultures. • It helps to improve the financial status of the family.	• Cities are becoming too crowded and polluted, leading to unhealthy living conditions. • It becomes harder to find jobs when too many people move to the same place. • Housing, transport and food become very expensive in cities. • Villages stay far from development by losing skilled and educated people.

Slums :



There is a rapid migration from rural to urban areas. People are getting attracted to urban culture. This leads to over-crowding, temporary shelters, and a scarcity of facilities in urban areas. Thus, poverty, lack of fixed income and poor town planning are leading to the formation of slum areas in the urban regions. The government has been implementing rural development programmes in villages for strengthening economic activities in rural areas to stop such migration.

AP SCERT



راجیہ قحط (خشک سالی) کی وجہ سے گِدالور سے چنئی منتقل ہو گیا اور وہاں کام شروع کر دیا۔ لیکن اس کی آمدنی خاندان کی ضروریات پوری نہیں کر سکتی تھی۔ اس لیے اس کے خاندان کے تمام افراد نے وہاں کام کرنا شروع کر دیا۔ اس طرح اس کا بیٹا چائلڈ لیبر (بچہ مزدور) بن گیا۔ یہ نقل مکانی کے منفی اثرات کی ایک مثال ہے۔




سوچیے اور بحث کیجیے

کیا آپ کی کلاس میں کوئی ایسے نئے طلبہ ہیں جو کسی دوسری جگہ سے ہجرت کر کے آئے ہیں؟ ان کی نقل مکانی کی وجوہات پر تبادلہ خیال کریں۔

نقل مقام کے مثبت اور منفی اثرات :

نقل مقام کے مثبت اثرات	نقل مقام کے منفی اثرات
• لوگ بہتر ملازمتیں اور بہتر ذریعہ معاش تلاش کر سکتے ہیں۔ • بچوں اور خاندانوں کو بہتر اسکولوں، کالجوں اور صحت کی سہولیات تک رسائی ملتی ہے۔ • لوگ نئی زبانیں اور ثقافتیں سیکھتے ہیں۔ • یہ خاندان کی مالی حالت کو بہتر بنانے میں مدد کرتا ہے۔	• شہروں میں بہت زیادہ ہجوم اور آلودگی بڑھ رہی ہے، جس سے رہنے کے غیر صحت بخش حالات پیدا ہو رہے ہیں۔ • جب بہت زیادہ لوگ ایک ہی جگہ منتقل ہو جاتے ہیں تو نوکری ملنا مشکل ہو جاتا ہے۔ • شہروں میں رہائش، آمد و رفت (ٹرانسپورٹ) اور کھانا بہت مہنگا ہو جاتا ہے۔ • ہنر مند اور تعلیم یافتہ لوگوں کے چلے جانے سے دیہات ترقی سے دور رہ جاتے ہیں۔

کچی بستیاں :



دیہی علاقوں سے شہری علاقوں کی طرف تیزی سے نقل مکانی ہو رہی ہے۔ لوگ شہری ثقافت کی طرف راغب ہو رہے ہیں۔ اس سے شہری علاقوں میں ضرورت سے زیادہ ہجوم، عارضی پناہ گاہیں اور سہولیات کی کمی پیدا ہوتی ہے۔ اس طرح غربت، مقررہ آمدنی کی کمی اور ناقص ٹاؤن پلاننگ شہری علاقوں میں کچی بستیوں (slums) کے بننے کا سبب بن رہی ہے۔

حکومت دیہی علاقوں میں اقتصادی سرگرمیوں کو مضبوط بنانے کے لیے دیہاتوں میں دیہی ترقی کے پروگرام نافذ کر رہی ہے تاکہ اس طرح کی نقل مقام کو روکا جا سکے۔

Where is my place ?



Two years back Babu's family moved from Rajupalem village to Visakhapatnam city. They started working as daily labourers. The money they got was not enough to meet their family needs. They did not find work for five days because of the storm. The children are suffering from cold and fever. They do not even have money for medical treatment. If they were in their own village, neighbours would have helped them. All the people helped each other in good and bad times. They enjoyed working in the agricultural fields or catching fish from the nearby ponds. But here in Visakhapatnam, everything seems so different. The day passes running around in search of work.



Let us discuss

- How to strengthen our villages to stop migration?

The government is already implementing some schemes to provide guaranteed wage employment to villagers. These schemes can be strengthened to stop migration.

Let us Do

Observe the families that migrated to your village and compare their work before and after migration.

Sl.No.	Head of the family	Reasons for migration	Work before migration	Work after migration

Do You Know !

"Aatma-Nirbhar Bharat" means India becoming self-reliant and fulfilling its needs on its own. The aim of this programme is to make India self-reliant. It encourages reducing dependence on other countries and supports our own Indian products and industries. Through this programme, more jobs, better livelihoods and a stronger economy can be created within our country. This will be helpful to reduce migration. (source : https://pib.gov.in)

میرا گاؤں کہاں ہے؟



دو سال پہلے بابو کا خاندان راجو پالم گاؤں سے وشاکھا پٹنم شہر منتقل ہوا تھا۔ انہوں نے یہاں پر روزانہ مزدور کی حیثیت سے کام شروع کی۔ جو رقم انہیں ملتی تھی وہ ان کے خاندان کی ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی نہیں تھی۔ طوفان کی وجہ سے انہیں پانچ دن تک کام نہیں ملا۔ بچے سردی اور بخار میں مبتلا ہیں۔ ان کے پاس طبی علاج کے لیے پیسے تک نہیں ہیں۔ اگر وہ اپنے گاؤں میں ہوتے تو پڑوسی ان کی مدد کرتے۔ تمام لوگ اچھے اور برے وقت میں ایک دوسرے کی مدد کرتے تھے۔ وہ زرعی کھیتوں میں کام کرنے یا قریبی تالابوں سے مچھلیاں پکڑنے سے لطف اندوز ہوتے تھے۔ لیکن یہاں وشاکھا پٹنم میں سب کچھ بہت بدلا ہوا ہے۔ دن کام کی تلاش میں ادھر ادھر بھاگتے ہوئے گزر جاتا ہے۔



آیئے بحث کریں

- نقل مقام کو روکنے کے لیے ہم اپنے گاؤں کو کیسے مضبوط بنا سکتے ہیں؟

حکومت پہلے ہی دیہاتیوں کو ضمانتی اجرت والا روزگار فراہم کرنے کے لیے کچھ اسکیمیں نافذ کر رہی ہے۔ نقل مقام کو روکنے کے لیے ان اسکیموں کو مزید مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔


آیئے یہ کریں گے

ان خاندانوں کا مشاہدہ کریں جو آپ کے گاؤں میں ہجرت کر کے آئے ہیں اور نقل مقام سے پہلے اور بعد کے ان کے کام کا موازنہ کریں۔

سلسلہ عدد	خاندان کا سربراہ	نقل مقام کے وجوہات	نقل مقام سے پہلے کام	نقل مقام سے بعد کام

کیا آپ جانتے ہیں!

"آتم نربھر بھارت" کا مطلب ہے کہ بھارت خود کفیل بن رہا ہے اور اپنی ضروریات خود پوری کر رہا ہے۔ اس پروگرام کا مقصد بھارت کو خود انحصار بنانا ہے۔ یہ دوسرے ممالک پر انحصار کم کرنے کی ترغیب دیتا ہے اور ہماری اپنی بھارتی مصنوعات اور صنعتوں کی حمایت کرتا ہے۔ اس پروگرام کے ذریعے ہمارے ملک کے اندر مزید ملازمتیں، بہتر ذریعہ معاش اور مضبوط معیشت پیدا کی جا سکتی ہے۔ یہ نقل مکانی کو کم کرنے میں مددگار ثابت ہوگا۔



APSCERT

Our School - Our Right :



Ramya's family migrated to the city because there was no work available in their village. In the city, both her father and mother found work in apartments. Ramya stopped going to school and started going to work with her mother. Now, Ramya has become a child labourer. Can you suggest a solution for this? "Every child has the right to get education." Wherever they live, they have the right to attend school. We should make efforts to support such children and ensure they continue their studies.

- Let us identify children who are out of school and try to bring them back to school.

Do You Know !

The AP government operates seasonal hostels for the children of migrant families, providing food, shelter, and education to prevent dropouts.



Let us discuss

- Can you mention any other schemes provided by our government for education?

Most of the migrations depend on family economic conditions. Nowadays, money is required to fulfill all family needs. Preparation of a family budget is essential to save money after meeting the expenses.

Family Budget :

A family budget is a plan that shows how to spend a family's income on needs and wants over a spefic period of time.

Let Us Know !

Do your mother and father make a list of their expenses? Discuss with your parents about your family income, expenditure and savings for one month.

- Collect information about the income and expenditure of your family and fill in the table given below.

Income	Expenditure						Total expenditure	Savings
	Provisions	Vegetables	Electricity Bill	Cable Bill	Mobile Recharge	Others		



ہمارا اسکول- ہمارا حق

رمیا کا خاندان شہر منتقل ہو گیا کیونکہ ان کے گاؤں میں کوئی کام دستیاب نہیں تھا۔ شہر میں، اس کے والد اور والدہ دونوں کو اپارٹمنٹس میں کام مل گیا۔ رمیا نے اسکول جانا چھوڑ دیا اور اپنی ماں کے ساتھ کام پر جانا شروع کر دیا۔ اب رمیا ایک چائلڈ لیبر (بچہ مزدور) بن چکی ہے۔ کیا آپ اس کے لیے کوئی حل تجویز کر سکتے ہیں؟ "ہر بچے کو تعلیم حاصل کرنے کا حق ہے۔" وہ جہاں کہیں بھی رہیں، انہیں اسکول جانے کا حق ہے۔ ہمیں ایسے بچوں کی مدد کے لیے کوششیں کرنی چاہئیں اور اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ وہ اپنی پڑھائی جاری رکھیں۔

- آیئے ان بچوں کی شناخت کریں جو اسکول سے باہر ہیں اور انہیں دوبارہ اسکول لانے کی کوشش کریں۔

کیا آپ جانتے ہیں!

آندھرا پردیش حکومت نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کے بچوں کے لیے موسمی ہاسٹلز چلاتی ہے، جو اسکول چھوڑنے کے رجحان کو روکنے کے لیے خوراک، پناہ گاہ اور تعلیم فراہم کرتے ہیں۔



آیئے بحث کریں

- کیا آپ تعلیم کے لیے ہماری حکومت کی طرف سے فراہم کردہ کسی دوسری اسکیم کا ذکر کر سکتے ہیں؟

زیادہ تر نقل مقام خاندان کے معاشی حالات پر منحصر ہوتی ہے۔ آج کل خاندان کی تمام ضروریات پوری کرنے کے لیے پیسے درکار ہیں۔ اخراجات پورے کرنے کے بعد رقم بچانے کے لیے فیملی بجٹ کی تیاری ضروری ہے۔

خاندان کا بجٹ

خاندان کا بجٹ ایک منصوبہ ہے جو بتاتا ہے کہ ایک خاص مدت کے دوران خاندان کی آمدنی کو ضروریات اور خواہشات پر کیسے خرچ کیا جائے۔

آیئے جانتے ہیں!

کیا آپ کے والدین اپنے اخراجات کی فہرست بناتے ہیں؟ اپنے والدین سے ایک ماہ کی خاندانی آمدنی، اخراجات اور بچت کے بارے بحث کریں۔

- اپنے خاندان کی آمدنی اور اخراجات کے بارے میں معلومات اکٹھی کریں اور نیچے دی گئی جدول کو پُر کریں۔

آمدنی	اخراجات						کل اخراجات	بچت
	راشن	سبزیاں	بجلی کا بل	کیبل کا بل	موبائل ریچارج	دیگر		




How do you save your pocket money?


Analysis of family budget - pie chart :



A pie chart is a circular graph that is divided into sectors to show proportions of a whole.

The pie charts below show the budgets of two families. Let us observe.





- Which family's expenditure is higher?
- Which family saves money?
- Can you identify the family that has proper financial planning?
- Which economic plan will you follow in your family in the future?



Let us discuss

- Which is preferable, saving more money or spending more money ?
- What will you do with the money you save?


© SCERT


آپ اپنی انفرادی رقم کیسے بچاتے ہیں؟

خاندانی بجٹ کا تجزیہ - پائی چارٹ :

پائی چارٹ ایک گول گراف ہوتا ہے جسے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے تاکہ مجموعی مقدار کے تناسب کو دکھایا جاسکے۔

نیچے دیے گئے پائی چارٹس دو خاندانوں کے بجٹ کو ظاہر کرتے ہیں۔ آیئے ان کا مشاہدہ کرتے ہیں۔





- کس خاندان کے اخراجات زیادہ ہیں؟
- کون سا خاندان پیسے بچاتا ہے؟
- کیا آپ اس خاندان کی شناخت کرسکتے ہیں جس کی مالی منصوبہ بندی (financial planning) درست ہے؟
- مستقبل میں آپ اپنے خاندان میں کس معاشی منصوبے پر عمل کریں گے؟



آیئے بحث کریں

- زیادہ پیسے بچانا بہتر ہے یا زیادہ پیسے خرچ کرنا؟
- آپ اپنی بچائی ہوئی رقم سے کیا کریں گے؟

Let us classify our family needs:

Needs : The basic needs of human beings required to survive.

Wants : Wants are desires that are not essential for survival, but they allow us to lead a comfortable life.

Activity :

Classify the following expenses as needs or wants by placing a tick mark (✓) in the appropriate column.

S.No	Expenditure	Needs	Wants
1.	Provisions		
2.	Clothes		
3.	Vegetables		
4.	House		
5.	Food		
6.	Car		
7.	Cot		
8.	Gold Ornaments		
9.	School Bag		
10.	Sunglasses		



Let us discuss

- How can you reduce your family expenses ?

Do You Know !



"Make in India" is a programme started by the Central Government on September 25, 2014. Its main aim is to make more products in our own country, bring more companies to invest in India, and help India become a world leader in making and designing new things. (source : https://www.makinindia.com)

AP SCERT

آیئے اپنے خاندان کی ضروریات کی درجہ بندی کریں:

- **ضروریات :** انسان کی وہ بنیادی ضرورتیں جو زندہ رہنے کے لیے لازمی ہیں۔
- **خواہشات :** خواہشات وہ تمنائیں ہیں جو بقا (زندہ رہنے) کے لیے تو ضروری نہیں ہیں، لیکن وہ ہمیں ایک آرام دہ زندگی گزارنے کا موقع دیتی ہیں۔

سرگرمی: درج ذیل اخراجات کو متعلقہ کالم میں صحیح (✓) کا نشان لگا کر ضروریات یا خواہشات کے طور پر تقسیم کریں۔

سلسلہ عدد	اخراجات	ضروریات	خواہشات
1۔	راشن		
2۔	کپڑے		
3۔	سبزیاں		
4۔	گھر		
5۔	غذا		
6۔	کار		
7۔	چارپائی		
8۔	زیورات		
9۔	اسکول بیگ		
10۔	کالا چشمہ		



آیئے بحث کریں

- آپ اپنے خاندان کے اخراجات کو کیسے کم کر سکتے ہیں؟

کیا آپ جانتے ہیں!



"میک ان انڈیا" ایک پروگرام ہے جسے مرکزی حکومت نے 25 ستمبر 2014 کو شروع کیا تھا۔ اس کا بنیادی مقصد اپنے ملک میں زیادہ مصنوعات تیار کرنا، زیادہ کمپنیوں کو بھارت میں سرمایہ کاری کے لیے راغب کرنا، اور نئی چیزوں کی تیاری اور ڈیزائننگ میں بھارت کو عالمی لیڈر بننے میں مدد کرنا ہے۔



AP SCERT

Do You Know !

Poverty is not a barrier to success in life



Avul Pakir Jainulabdeen Abdul Kalam was born on 15th October 1931 in a Muslim family in Rameswaram, Tamil Nadu. His father, Jainulabdeen, was a boat owner, and his mother, Ashiamma, was a housewife. As a young boy, he sold newspapers to support his family's meagre income. Despite facing poverty, he was a hardworking student and always curious to learn how things worked. A. P. J. Abdul Kalam became a prominent Indian scientist and later served as the 11th President of India from 2002 to 2007. For his significant contribution to India's civilian space programme and military missile development, he is popularly known as the "Missile Man of India". He passed away on 27th July 2015 in Shillong while addressing students, leaving behind a legacy that proves poverty is not a barrier to success in life. (source : https://presidentofindia.nic.in)

Do You Know !

Birds also migrate to other places.



Flamingos are tall, pink birds that live near lakes and wetlands, and they get their pretty colour from the food they eat. When their lakes dry up or there is not enough food, flamingos migrate to safer places. They travel in large groups and can fly hundreds of kilometres, sometimes even up to 1,000 km. In India, flamingos move from places like Gujarat and Rajasthan to areas such as Mumbai, Tamil Nadu, and even Sri Lanka. Some birds come from countries like Iran and Afghanistan during winter. During migration, they find new wetlands with plenty of food and good places to stay, which helps them survive, stay healthy, and raise their young safely. (source : www.south-asia.wetlands.org)

کیا آپ جانتے ہیں!

غربت زندگی میں کامیابی کی راہ میں رکاوٹ نہیں ہے



ابوالپاکر زین العابدین عبدالکلام 15 اکتوبر 1931 کو تامل ناڈو کے شہر رامیشورم میں ایک مسلم خاندان میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد، زین العابدین، ایک کشتی کے مالک تھے اور ان کی والدہ، اشی اما، ایک گھریلو خاتون تھیں۔ بچپن میں، وہ اپنے خاندان کی قلیل آمدنی میں مدد کے لیے اخبار بیچتے تھے۔ غربت کا سامنا کرنے کے باوجود، وہ ایک محنتی طالب علم تھے اور ہمیشہ یہ جاننے کے لیے متجسس رہتے تھے کہ چیزیں کیسے کام کرتی ہیں۔ اے پی جے عبدالکلام ایک ممتاز ہندوستانی سائنسدان بنے اور بعد میں 2002 سے 2007 تک بھارت کے 11ویں صدر کے طور پر خدمات انجام دیں۔ بھارت کے سویلین خلائی پروگرام اور فوجی میزائل کی تیاری میں ان کی نمایاں خدمات کی وجہ سے، وہ عوامی طور پر "میزائل مین آف انڈیا" کے نام سے مشہور ہیں۔ وہ 27 جولائی 2015 کو شیلانگ میں طلباء سے خطاب کے دوران انتقال کر گئے، اور ایک ایسی وراثت چھوڑ گئے جو ثابت کرتی ہے کہ غربت زندگی میں کامیابی کے لیے رکاوٹ نہیں ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں!

پرندے بھی دوسری جگہوں پر ہجرت کرتے ہیں۔



فلیمنگو (راج ہنس) لمبے، گلابی پرندے ہیں جو جھیلوں اور گیلی زمینوں (wetlands) کے قریب رہتے ہیں، اور وہ اپنا خوبصورت رنگ اس غذا سے حاصل کرتے ہیں جو وہ کھاتے ہیں۔ جب ان کی جھیلیں خشک ہو جاتی ہیں یا کافی غذا نہیں ملتی، تو فلیمنگو محفوظ جگہوں پر ہجرت کر جاتے ہیں۔ وہ بڑے گروہوں میں سفر کرتے ہیں اور سینکڑوں کلومیٹر، یہاں تک کہ 1,000 کلومیٹر تک اڑ سکتے ہیں۔ بھارت میں، فلیمنگو گجرات اور راجستھان جیسی جگہوں سے ممبئی، تامل ناڈو اور یہاں تک کہ سری لنکا جیسے علاقوں میں منتقل ہوتے ہیں۔ کچھ پرندے سردیوں کے دوران ایران اور افغانستان جیسے ممالک سے آتے ہیں۔ ہجرت کے دوران، وہ کافی غذا اور رہنے کے لیے اچھی جگہوں کے ساتھ نئی گیلی زمینیں تلاش کرتے ہیں، جس سے انہیں زندہ رہنے، صحت مند رہنے اور اپنے بچوں کی محفوظ طریقے سے پرورش کرنے میں مدد ملتی ہے۔



Key Words

migration, livelihood, natural calamities, seasonal migration, poverty, slums, transfer, income, budget, expenses, provisions, savings.



What we have learnt ?

- Natural calamities, poverty, unemployment are the basic reasons for migration.
- Migration is mainly of two types : Temporary migration and Permanent migration.
- Migration helps people improve their financial status and learn about new cultures.
- Slums are formed due to migration.
- Education is the right of every child.
- A family budget is a plan that shows how to spend a family's income.
- We should differentiate between needs and wants to manage the family budget properly.
- Saving is a good habit.



Improve your Learning

1. What is migration?
2. Write any two reasons why people migrate.
3. What do we mean by a family budget?
4. Rani's family moved from a village to a city because there was no regular work in their village.

   What is this movement of people from one place to another called? ( )

   A) Transportation B) Migration

   C) Communication D) Occupation

AP SCERT

کلیدی الفاظ

نقل مقام، ذریعہ معاش، قدرتی آفات، موسمی نقل مقام، غربت، کچی بستیاں، تبادلہ، آمدنی، بجٹ، اخراجات، راشن، بچت۔



ہم نے کیا سیکھا؟

- قدرتی آفات، غربت اور بے روزگاری نقل مقام کی بنیادی وجوہات ہیں۔
- نقل مقام کی دو بڑی اقسام ہیں: عارضی اور مستقل۔
- نقل مقام سے لوگوں کی مالی حالت بہتر ہوتی ہے اور وہ نئی ثقافتوں کے بارے میں سیکھتے ہیں۔
- نقل مقام کی وجہ سے شہروں میں کچی بستیاں وجود میں آتی ہیں۔
- تعلیم ہر بچے کا بنیادی حق ہے۔
- فیملی بجٹ ایک منصوبہ ہے جو آمدنی کے درست استعمال کو ظاہر کرتا ہے۔
- فیملی بجٹ کو بہتر بنانے کے لیے "بنیادی ضروریات" اور "خواہشات" کے درمیان فرق کرنا ضروری ہے۔
- بچت کرنا ایک بہترین عادت ہے۔



اپنی معلومات کو بہتر بنائیں

1. نقل مقام کسے کہتے ہیں؟
2. لوگوں کے ہجرت کرنے کی کوئی سی دو وجوہات لکھیں۔
3. فیملی بجٹ سے کیا مراد ہے؟
4. رانی کا خاندان گاؤں سے شہر منتقل ہو گیا کیونکہ ان کے گاؤں میں روزگار کے مستقل مواقع نہیں تھے۔ لوگوں کی ایک جگہ سے دوسری جگہ اس طرح کی منتقلی کو کیا کہا جاتا ہے؟ ( )

الف) آمد و رفت

(ب) نقل مقام

(ج) ذرائع ابلاغ

(د) پیشہ

AP SCERT

5. Explain why people migrate from villages to cities.
6. Explain how slums are formed in cities.
7. Why is it important for a family to plan a budget?
8. Look at the situations shown below :



These reasons can best be classified as migration due to ( )

A) Entertainment only
B) Natural and economic reasons
C) Travel and tourism
D) Family functions

9. Ravi's family moved from a village to a city because there was no work in the village. What type of migration is this?
10. Ramesh's family migrated to the city. His parents earn daily wages. Their income is uncertain, but expenses like rent and food are fixed.

Which action will help the family manage their situation better? ( )

A) Spend all money on the first day
B) Make a simple family budget
C) Stop buying food
D) Move again every month

5۔ وضاحت کریں کہ لوگ دیہاتوں سے شہروں کی طرف کیوں ہجرت کرتے ہیں۔

6۔ وضاحت کریں کہ شہروں میں کچی بستیاں کیسے بنتی ہیں۔

7۔ خاندان کے لیے بجٹ بنانا کیوں ضروری ہے؟



8۔ اوپر دی گئی صورتحال کو دیکھیں: ان وجوہات کی بنا پر نقل مقام کی درجہ بندی کیجیے۔

الف) صرف تفریح　　ب) قدرتی اور معاشی وجوہات

ج) سفر اور سیاحت　　د) خاندانی تقریبات

9۔ روی کا خاندان گاؤں سے شہر منتقل ہو گیا کیونکہ گاؤں میں کوئی کام نہیں تھا۔ یہ کس قسم کی نقل مکانی ہے؟

10۔ رمیش کا خاندان شہر منتقل ہو گیا۔ اس کے والدین روزانہ کی مزدوری پر کام کرتے ہیں۔ ان کی آمدنی غیر یقینی ہے، لیکن کرایہ اور کھانے جیسے اخراجات مقرر ہیں۔ کون سا عمل خاندان کو اپنی صورتحال بہتر طریقے سے سنبھالنے میں مدد دے گا؟ (　　)

الف) پہلے ہی دن سارے پیسے خرچ کر دینا


ب) ایک سادہ فیملی بجٹ بنانا

ج) کھانا خریدنا بند کر دینا

د) ہر ماہ دوبارہ دوسری جگہ منتقل ہونا

11. Compare the village life of a migrated labourer with his life in a city.





12. If you meet a migrated family in your village, what type of questions would you ask them to find out the reasons for their migration?

13. Study the family budget below and answer:

    Income - ₹10,000 Food - ₹4,000

    Rent - ₹5,000 Travel - ₹1,500

    • Is the family saving money or spending more than income? Why?

14. Which is better for a family:

    a) Spending without planning

    b) Following a family budget


    Give one reason.

15. Ranga is going to work with his father. He stopped going to school. How can you motivate him to rejoin school?

APSCERT

11۔ ایک ہجرت کرنے والے مزدور کی دیہاتی زندگی کا اس کی شہر کی زندگی سے موازنہ کریں۔





12۔ اگر آپ کے گاؤں میں کوئی ہجرت کر کے آنے والا خاندان ملے، تو آپ ان سے ان کی نقل مقام کی وجوہات جاننے کے لیے کس قسم کے سوالات پوچھیں گے؟

13۔ نیچے دیے گئے خاندان کی آمدنی کا مطالعہ کریں اور جواب دیں:

آمدنی—₹10,000

غذا—₹ 4,000

کرایہ—₹5,000

سفر—₹1,500

- کیا خاندان پیسے بچا رہا ہے یا اپنی آمدنی سے زیادہ خرچ کر رہا ہے؟ کیوں؟

14۔ ایک خاندان کے لیے کیا بہتر ہے: الف) بغیر منصوبہ بندی کے خرچ کرنا ب) فیملی بجٹ پر عمل کرنا ایک وجہ بتائیں۔

15۔ رنگا اپنے والد کے ساتھ کام کرنے جا رہا ہے۔ اس نے اسکول جانا چھوڑ دیا ہے۔ آپ اسے دوبارہ اسکول جانے کے لیے کیسے آمادہ کر سکتے ہیں؟

AP SCERT



Climate Change



S8Y3E1

Learning outcomes:

Pupils will be able to :

- Define climate. (CG - 4)
- Identify the causes for climate change. (CG - 4)
- Explain the effects of climate change. (CG - 4)
- Understand the effect of deforestation. (CG - 2)
- Show concern about global warming. (CG - 2)
- Appreciate the environment-friendly movements like Chipko movement. (CG - 2)
- Apply the concept of eco-friendly home. (CG - 2)

Observe the picture given below and read the given conversation.



Children are playing in the playground.

Teacher : Children, it's very sunny. Everyone, come and sit under this tree.

Ashok : Yes, Teacher. It's very hot, and I'm sweating a lot.

Rama : Teacher, look! Our village pond has dried up so quickly.

Kondal : Teacher, why is it so hot even though it is December?

Teacher : It is due to climate change. Today, let us learn about climate change.



- What will happen if we do not get timely rains?
- What will happen if it rains during harvesting time?

To understand the changes in the climate, we must know about climate and its impact.



باب 2

آب وہوا کی تبدیلی



M7B5E4

اکتسابی نتائج :

طلبہ اس قابل بنیں گے :

- آب وہوا کی تعریف کر سکیں گے۔ (CG - 4)
- آب وہوا کی تبدیلی کی وجوہات کی شناخت کر سکیں گے۔ (CG - 4)
- آب وہوا کی تبدیلی کے اثرات بیان کر سکیں گے۔ (CG - 4)
- جنگلات کی کٹائی کے اثرات کو سمجھ سکیں گے۔ (CG - 2)
- عالمی حدت کے بارے میں فکر مندی کا اظہار کر سکیں گے۔ (CG - 2)
- ماحول دوست تحریکوں جیسے 'چپکو تحریک' کی اہمیت کو سمجھ سکیں گے۔ (CG - 2)
- ماحول دوست گھر کے تصور کو لاگو کر سکیں گے۔ (CG - 2)

نیچے دی گئی تصویر کا مشاہدہ کریں اور دی گئی گفتگو پڑھیں۔

بچے کھیل کے میدان میں کھیل رہے ہیں۔



استاد : بچوں، بہت دھوپ ہے۔ سب ادھر آؤ اور اس درخت کے نیچے بیٹھ جاؤ۔

اشوک : جی استاد۔ بہت گرمی ہے، اور مجھے بہت پسینہ آ رہا ہے۔

راما : استاد، دیکھیں! ہمارے گاؤں کا تالاب اتنی جلدی خشک ہو گیا ہے۔

کونڈل : استاد، دسمبر کا مہینہ ہونے کے باوجود اتنی گرمی کیوں ہے؟

استاد : یہ سب ماحولیاتی تبدیلی کی وجہ سے ہے۔

آج، ہم ماحولیاتی تبدیلی کے بارے میں سیکھیں گے۔




- اگر وقت پر بارش نہ ہو تو کیا ہو گا؟
- اگر فصل کی کٹائی کے وقت بارش ہو جائے تو کیا ہو گا؟

آب وہوا میں ہونے والی تبدیلیوں کو سمجھنے کے لیے، ہمیں آب وہوا اور اس کے اثرات کے بارے میں جاننا ضروری ہے۔

What is climate?

The weather conditions such as temperature, rainfall etc., prevailing in an area over a long period of time are called climate.

Observe the following pictures and write the names of the seasons.







....

What is climate change?

Look at the picture.

- What do you observe here?
- Have you ever heard about flash floods?
- Have you experienced floods in your area?
- What are the reasons for climate change?



When abnormal changes occur in weather patterns for many years, we call it climate change. Climate change is the long-term change in the Earth's temperature, rainfall, and winds caused by natural factors and human activities.

Types of climate change


1. Natural
2. Human-made

AP SCERT

آب وہوا کیا ہے؟

کسی علاقے میں طویل عرصے تک رہنے والے موسمی حالات جیسے درجہ حرارت، بارش وغیرہ کو آب وہوا کہا جاتا ہے۔

درج ذیل تصاویر کا مشاہدہ کریں اور موسموں کے نام لکھیں۔



.....



.....



.....

آب وہوا کی تبدیلی کیا ہے؟

تصویر کو دیکھیں۔



- آپ یہاں کیا مشاہدہ کر رہے ہیں؟
- کیا آپ نے کبھی اچانک آنے والے سیلاب کے بارے میں سنا ہے؟
- کیا آپ نے اپنے علاقے میں سیلاب کا تجربہ کیا ہے؟
- آب وہوا کی کیا وجوہات ہیں؟

جب کئی سالوں تک موسمی پیٹرن میں غیر معمولی تبدیلیاں رونما ہوتی ہیں، تو ہم اسے آب وہوا کی تبدیلی کہتے ہیں۔ آب وہوا کی تبدیلی سے مراد زمین کے درجہ حرارت، بارش اور ہواؤں میں ہونے والی طویل مدتی تبدیلی ہے جو قدرتی عوامل اور انسانی سرگرمیوں کی وجہ سے ہوتی ہے۔

آب وہوا کی تبدیلی کی اقسام:

1. قدرتی
2. انسانی ساختہ یا انسانوں کی وجہ سے

Natural Climate Change :

Changes that occur by nature, like volcanoes and cyclones, are the reasons for natural climate change.



Volcanoes

Human-Made Climate Change :

Climate change is caused by human activities such as indiscriminate cutting of trees, excessive burning of fuels and polluting the air and water.







Causes of climate change:

The following are the major causes of climate change :

- Burning fuels
- Waste management issues

Look at the picture:

Cyclone

- Have you ever experienced a cyclone?
- Is climate change the reason for cyclones?

A cyclone is a strong storm with high-speed winds and heavy rain. It can cause floods and destroy houses and trees in coastal areas. It is a natural phenomenon, but when such storms become frequent, it may be due to climate change.



AP SCERT

قدرتی آب وہوا کی تبدیلی:

وہ تبدیلیاں جو قدرت کی طرف سے آتی ہیں، جیسے آتش فشاں اور سمندری طوفان (سائیکلون)، قدرتی آب وہوا کی تبدیلی کی وجوہات ہیں۔



آتش فشاں

انسانی ساختہ آب وہوا کی تبدیلی :

آب وہوا کی تبدیلی انسانی سرگرمیوں کی وجہ سے ہوتی ہے جیسے درختوں کی بے دریغ کٹائی، ایندھن کا بہت زیادہ جلنا اور ہوا اور پانی کو آلودہ کرنا۔







آب وہوا کی تبدیلی کی وجوہات :

درج ذیل آب وہوا کی تبدیلی کی بڑی وجوہات ہیں:

- ایندھن کا جلنا
- فضلے کے انتظام (Waste management) کے مسائل

تصویر کو دیکھیں :

سائیکلون (سمندری طوفان)

- کیا آپ نے کبھی سائیکلون کا تجربہ کیا ہے؟
- کیا آب وہوا کی تبدیلی سائیکلون کی وجہ ہے؟



سائیکلون تیز ہواؤں اور بھاری بارش کے ساتھ ایک طاقتور طوفان ہوتا ہے۔ یہ سیلاب کا سبب بن سکتا ہے اور ساحلی علاقوں میں گھروں اور درختوں کو تباہ کر سکتا ہے۔ یہ ایک قدرتی عمل ہے، لیکن جب ایسے طوفان کثرت سے آنے لگیں، تو یہ آب وہوا کی تبدیلی کی وجہ سے ہو سکتا ہے۔

AP SCERT

Effects of Climate Change:

Because of climatic changes,

- Some places receive heavy rainfall, leading to floods.
- Some places receive less rainfall, leading to droughts.
- Ice in cold regions melts and animals lose their homes.
- Forests catch fire easily due to extreme heat (Forest fires).
- The water in the sea is getting warmer or colder, which leads to the death of aquatic plants and animals.
- Animals, plants and people find it hard to survive when the climate keeps changing.

All these adverse effects are because of our irresponsible activities. We cut trees for our buildings, use vehicles that cause air pollution, release harmful chemicals, and dump sewage into water bodies. The usage of plastic in large quantities, which is not degradable, causes severe damage to the Earth.



- Let us stop for a while and think of activities to save our world.
- Say no to plastic and use eco friendly material.
  Eg : Jute bags, paper bags



Let us Do

Is the use of plastic pens eco-friendly?

Find and collect used disposable plastic pens in your school. Count how many pens you find. Then discuss.

- Why are disposable plastic pens harmful to the environment ?
- What are the advantages of using paper pens or other eco -friendly alternatives instead of plastic pens?



Usually, we use items made of plastic, like pens, plates, glasses, and carry bags. We throw them away after using them. But, this plastic waste does not decompose (rot) easily in the soil. It blocks rainwater from sinking into the ground. When we throw this waste into canals and tanks, the water gets polluted. Animals get sick when they eat leftover food found in plastic bags. Excessive use of plastic harms the environment and also causes dangerous diseases like cancer in humans. So, let us reduce the use of plastic as much as possible.

Do you like this school? what can we do?



آب وہوا کی تبدیلی کے اثرات: آب وہوا کی تبدیلیوں کی وجہ سے:

- کچھ جگہوں پر شدید بارش ہوتی ہے، جس سے سیلاب آتے ہیں۔
- کچھ جگہوں پر کم بارش ہوتی ہے، جس سے قحط پڑتے ہیں۔
- سرد علاقوں میں برف پگھلتی ہے اور جانور اپنے گھر کھو دیتے ہیں۔
- شدید گرمی کی وجہ سے جنگلات میں آسانی سے آگ لگ جاتی ہے (جنگل کی آگ)۔
- سمندر کا پانی گرم یا ٹھنڈا ہو رہا ہے، جس کی وجہ سے آبی پودے اور جانور مر رہے ہیں۔
- جب آب وہوا بدلتی رہتی ہے تو جانوروں، پودوں اور انسانوں کے لیے زندہ رہنا مشکل ہو جاتا ہے۔

یہ تمام برے اثرات ہماری غیر ذمہ دارانہ سرگرمیوں کی وجہ سے ہیں۔ ہم اپنی عمارتوں کے لیے درخت کاٹتے ہیں، ایسی گاڑیاں استعمال کرتے ہیں جو فضائی آلودگی کا سبب بنتی ہیں، نقصان دہ کیمیکل خارج کرتے ہیں، اور گند اپنی آبی ذخائر میں پھینکتے ہیں۔ بڑی مقدار میں پلاسٹک کا استعمال، جو کہ قابل تحلیل نہیں ہے، زمین کو شدید نقصان پہنچاتا ہے۔



- آیئے ایک لمحے کے لیے رکیں اور اپنی دنیا کو بچانے کے لیے سرگرمیوں کے بارے میں سوچیں۔
- پلاسٹک کو "نا" کہیں اور ماحول دوست مواد استعمال کریں۔ مثال کے طور پر جوٹ کے تھیلے، کاغذ کے تھیلے۔



آیئے یہ کریں گے

کیا پلاسٹک کے قلم کا استعمال ماحول دوست ہے؟



اپنے اسکول میں استعمال شدہ ڈسپوزایبل پلاسٹک قلم تلاش کریں اور جمع کریں۔ گنیں کہ آپ کو کتنے قلم ملے۔ پھر بحث کریں۔

- ڈسپوزایبل پلاسٹک قلم ماحول کے لیے کیوں نقصان دہ ہیں؟
- پلاسٹک کے قلم کے بجائے کاغذ کے قلم یا دیگر ماحول دوست متبادل استعمال کرنے کے کیا فوائد ہیں؟

کیا آپ کو اس جیسی اسکول پسند ہے؟ ہمیں کیا کرنا چاہیے؟



عام طور پر، ہم پلاسٹک سے بنی اشیاء استعمال کرتے ہیں جیسے قلم، پلیٹیں، گلاس اور تھیلے۔ ہم انہیں استعمال کرنے کے بعد پھینک دیتے ہیں۔ لیکن یہ پلاسٹک کا فضلہ مٹی میں آسانی سے نہیں گلتا۔ یہ بارش کے پانی کو زمین میں جذب ہونے سے روکتا ہے۔ جب ہم اس فضلے کو نہروں اور ٹینکوں میں پھینکتے ہیں تو پانی آلودہ ہو جاتا ہے۔ جانور جب پلاسٹک کے تھیلوں میں بچا ہوا کھانا کھاتے ہیں تو بیمار ہو جاتے ہیں۔ پلاسٹک کا حد سے زیادہ استعمال ماحول کو نقصان پہنچاتا ہے اور انسانوں میں کینسر جیسی خطرناک بیماریوں کا سبب بھی بنتا ہے۔ اس لیے، آیئے پلاسٹک کا استعمال جتنا ممکن ہو کم کریں۔



Let us discuss

What can happen to the soil if it gets fully covered with plastic ?

Read and respond :

Read the following news item and respond to the questions given below.


FOREST FIRES RAGE ACROSS UTTARAKHAND HILLS: THOUSANDS OF HECTARES ABLAZE

Early Heatwave and Dry Winter Fuel Intense Blazes; High Court Pulls Up State Govt for Inaction.

(Report: April/May 2025)

DEHRADUN: Multiple forest fires have been reported across the hilly state of Uttarakhand in recent weeks, exacerbated by an unusually dry winter and early onset of heatwave conditions. Satellite data from the Forest Survey of India indicates hundreds of active fire spots. The Uttarakhand High Court has expressed serious concern over the state's fai-

Smoke rises from a massive forest fire near Nainital. Inadequate winter rain has worsened the situation.

- What does the news item refer to?
- What is the cause for this incident?

The earth is getting hotter over time. This is gradually raising the earth's temperature. This is called global warming. Now-a-days we frequently witness forest fires due to excess heat in the atmosphere. Forest fires cause large scale damage to plants and animals.



Do You Know !

Indiscriminate use of natural resources such as water, coal and petroleum is the main reasons for climatic changes. Refrigerators, air conditioners and motor vehicles are causes of global warming as they emit harmful chemicals.

Green world :

It is said that forests are the lungs of the earth. Plants are a primary resource of food for all living organisms. They provide food, clothing, fuel, shelter and many other necessities of life. Trees help in bringing rainfall and provide habitation for many birds and animals. Trees maintain ecological balance and prevent soil erosion.

Global warming :

We are cutting down trees indiscriminately to build roads, houses, factories, and dams. We are also converting grasslands into farmlands. Because of this deforestation, forests and open spaces are decreasing. Factories send smoke into the air and release waste into the rivers and lakes. This makes the air, water and soil heavily polluted. Along with these activities, burning fossil fuels is also a major reason for pollution and the rise in temperature. All these climate changes are leading to global warming.

APSCERT



آیئے بحث کریں گے

اگر مٹی مکمل طور پر پلاسٹک سے ڈھک دیا جائے تو مٹی کے ساتھ کیا ہو سکتا ہے؟

پڑھیں اور جواب دیں:

نیچے دی گئی خبر کو پڑھیں اور دیے گئے سوالات کے جواب دیں:



FOREST FIRES RAGE ACROSS UTTARAKHAND HILLS: THOUSANDS OF HECTARES ABLAZE

Early Heatwave and Dry Winter Fuel Intense Blazes; High Court Pulls Up State Govt for Inaction.

(Report: April-May 2025)

DEHRADUN: Multiple forest fires have been reported across the hilly state of Uttarakhand in recent weeks, exacerbated by an unusually dry winter and early onset of heatwave conditions. Satellite data from the Forest Survey of India indicates hundreds of active fire spots. The Uttarakhand High Court has expressed serious concern over the state's fai-

Smoke rises from a massive forest fire near Nainital. Inadequate winter rain has worsened the situation.

- یہ خبر کس بارے میں ہے؟
- اس واقعے کی وجہ کیا ہے؟

زمین وقت کے ساتھ ساتھ گرم ہو رہی ہے۔ اس سے زمین کا درجہ حرارت بتدریج بڑھ رہا ہے۔ اسے **عالمی حدت** کہا جاتا ہے۔ آج کل ہم فضا میں حد سے زیادہ گرمی کی وجہ سے اکثر جنگلات میں آگ لگنے کے واقعات دیکھتے ہیں۔ جنگل کی آگ پودوں اور جانوروں کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچاتی ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں!


قدرتی وسائل جیسے پانی، کوئلہ اور پیٹرولیم کا بے دریغ استعمال ماحولیاتی تبدیلیوں کی اہم وجوہات ہیں۔ ریفریجریٹرز، ایئر کنڈیشنر اور موٹر گاڑیاں عالمی حدت کا باعث بنتی ہیں کیونکہ وہ نقصان دہ کیمیائی اشیاء خارج کرتے ہیں۔

سرسبز دنیا :

کہا جاتا ہے کہ جنگلات زمین کے پھیپھڑے ہیں۔ پودے تمام زندہ جانداروں کے لیے خوراک کا بنیادی ذریعہ ہیں۔ وہ خوراک، لباس، ایندھن، پناہ گاہ اور زندگی کی کئی دوسری ضروریات فراہم کرتے ہیں۔ درخت بارش لانے میں مدد کرتے ہیں اور بہت سے پرندوں اور جانوروں کو رہنے کی جگہ فراہم کرتے ہیں۔ درخت ماحولیاتی توازن برقرار رکھتے ہیں اور مٹی کے کٹاؤ کو روکتے ہیں۔

عالمی حدت:

ہم سڑکیں، مکانات، کارخانے اور ڈیم بنانے کے لیے درختوں کو بے دریغ کاٹ رہے ہیں۔ ہم گھاس کے میدانوں کو بھی کھیتوں میں تبدیل کر رہے ہیں۔ اس جنگلات کی کٹائی کی وجہ سے جنگلات اور کھلی جگہیں کم ہو رہی ہیں۔ کارخانے ہوا میں دھواں چھوڑتے ہیں اور فضلہ دریاؤں اور جھیلوں میں بہاتے ہیں۔ ان سرگرمیوں سے ہوا، پانی اور مٹی شدید آلودہ ہو جاتی ہے۔ ان کے ساتھ ساتھ، رکازی ایندھن کا جلنا بھی آلودگی اور درجہ حرارت (تپش) میں اضافے کی ایک بڑی وجہ ہے۔ یہ تمام آب کی ہوا تبدیلیاں عالمی حدت کا باعث بن رہی ہیں۔




Deforestation



Reforestation

What is our role in reforestation :

- **Plant more trees :** We should grow trees in open or vacant spaces and plant new plants in places where trees have been cut down.
- **Protect forests :** We must not allow cutting down of trees.
- **Use forest resources wisely :** We should not waste forest products.
- **Create awareness :** We should create awareness among the public about the importance of trees and forests.



Let us discuss

Discuss in your class about the ways to save trees.

Activity :

Analyse the impact of these situations on nature. Tick (✓) the eco-friendly actions and cross (✗) the harmful actions.

Situations	Eco-friendly(✓)	Harmful (✗)
Cutting down big trees.		
Using vehicles for short distances.		
Planting in our surroundings.		
Dumping the garbage near ponds.		
Using plastic items.		
Wasting water resources.		

APSCERT



جنگلات کی کٹائی



جنگلات کا دوبارہ اگانا / شجر کاری

شجر کاری میں ہمارا کیا کردار ہے:

- **زیادہ درخت لگائیں:** ہمیں کھلی یا خالی جگہوں پر درخت اگانے چاہئیں اور ان جگہوں پر نئے پودے لگانے چاہئیں جہاں سے درخت کاٹے گئے ہوں۔
- **جنگلات کی حفاظت کریں:** ہمیں درختوں کو کاٹنے کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔
- **جنگلاتی وسائل کا سمجھداری سے استعمال کریں:** ہمیں جنگلاتی مصنوعات کو ضائع نہیں کرنا چاہیے۔
- **آگاہی پیدا کریں:** ہمیں عوام میں درختوں اور جنگلات کی اہمیت کے بارے میں آگاہی پیدا کرنی چاہیے۔



آیئے بحث کریں گے

اپنی کلاس میں درختوں کو بچانے کے طریقوں کے بارے میں تبادلہ خیال کریں۔


مشغلہ :


فطرت پر ان حالات کے اثرات کا تجزیہ کریں۔ ماحول دوست کاموں پر صحیح (✓) اور نقصان دہ کاموں پر غلط (×) کا نشان لگائیں۔

حالات	ماحول دوست (✓)	نقصان دہ (×)
بڑے درختوں کو کاٹنا۔		
کم فاصلے کے لیے گاڑیوں کا استعمال کرنا۔		
اپنے ارد گرد شجر کاری کرنا۔		
تالابوں کے قریب کچرا پھینکنا۔		
پلاسٹک کی اشیاء کا استعمال کرنا۔		
پانی کے وسائل کو ضائع کرنا۔		

In addition to planting a tree, we should save existing trees.

Observe the given picture and express your feelings.





Do You Know !

- We can save the environment by using non-polluting energy sources.
- We celebrate World Environment Day on June 5th every year.

Pollution-free energy sources :

Solar energy, wind energy, and water power are clean and safe for the Earth. They reduce pollution and help to protect our environment. These energy sources are eco-friendly and do not harm nature. Instead of using fuels that cause pollution, we can use clean and safe energy sources like solar power and wind power. These resources help us to reduce pollution and keep air, water and soil clean and healthy.





درخت لگانے کے ساتھ ساتھ، ہمیں موجودہ درختوں کو بھی بچانا چاہیے۔

دی گئی تصویر کا مشاہدہ کریں اور اپنے جذبات کا اظہار کریں۔





کیا آپ جانتے ہیں!

- ہم آلودگی نہ پھیلانے والے توانائی کے ذرائع استعمال کر کے ماحول کو بچا سکتے ہیں۔
- ہم ہر سال 5 جون کو ماحولیات کا عالمی دن مناتے ہیں۔

آلودگی - مفت توانائی کے ذرائع :

شمسی توانائی (سولر انرجی)، ہوا کی توانائی (ونڈ انرجی) اور پانی کی طاقت زمین کے لیے صاف اور محفوظ ہیں۔ یہ آلودگی کو کم کرتے ہیں اور ہمارے ماحول کی حفاظت میں مدد کرتے ہیں۔ توانائی کے یہ ذرائع ماحول دوست ہیں اور فطرت کو نقصان نہیں پہنچاتے۔ آلودگی کا سبب بننے والے ایندھن کے استعمال کے بجائے، ہم شمسی توانائی اور ہوا کی توانائی جیسے صاف اور محفوظ ذرائع استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ وسائل ہمیں آلودگی کم کرنے اور ہوا، پانی اور مٹی کو صاف اور صحت مند رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔






The Chipko movement:



In the 1970s, a movement to protect forests began in India, known as the Chipko Movement. The word "Chipko" means "to hug". To stop trees from being cut down, villagers embraced them and stood guard, preventing contractors from felling the trees. This peaceful protest highlighted the importance of forests and the people's commitment to protect nature. (source : https://moef.gov.in)

Do You Know !



Tulasi Gowda is an Indian environmentalist from Karnataka. She is renowned for her lifelong dedication to forests and conservation. She planted over 30,000 trees personally and nurtured nearly 100,000 more, working with Karnataka's Forest Department nurseries for a decade. She received the Padma Shri award in 2021 from the Government of India.

(source : https://moef.gov.in)

Look at the picture:

Which is not eco-friendly. Why?



Banana leaf



Plastic plate



Steel plate

Do You Know !


Eating on a banana leaf is a healthy practice.

چپکو تحریک :



1970 کی دہائی میں بھارت میں جنگلات کے تحفظ کے لیے ایک تحریک شروع ہوئی جسے "چپکو تحریک" کے نام سے جانا جاتا ہے۔ لفظ "چپکو" کا مطلب ہے "گلے لگانا"۔ درختوں کو کٹنے سے روکنے کے لیے، گاؤں والوں نے انہیں گلے لگالیا اور پہرہ دیا، تاکہ ٹھیکیداروں کو درخت گرانے سے روکا جاسکے۔ اس پر امن احتجاج نے جنگلات کی اہمیت اور فطرت کے تحفظ کے لیے لوگوں کے عزم کو اجاگر کیا۔

کیا آپ جانتے ہیں!



تلسی گوڑا کرناٹک سے تعلق رکھنے والی ایک بھارتی ماہرِ ماحولیات ہیں۔ وہ جنگلات اور ان کے تحفظ کے لیے اپنی زندگی بھر کی لگن کے لیے مشہور ہیں۔ انہوں نے ذاتی طور پر 30,000 سے زیادہ درخت لگائے اور تقریباً 100,000 مزید پودوں کی پرورش کی، اور ایک دہائی تک کرناٹک کے محکمہ جنگلات کی نرسریوں کے ساتھ کام کیا۔ انہیں 2021 میں حکومت ہند کی جانب سے پدم شری ایوارڈ سے نوازا گیا۔

تصویر کو دیکھیں :

ان میں سے کون سا سماجی دوست (eco-friendly) نہیں ہے؟ اور کیوں؟



اسٹیل کی تھالی



پلاسٹک کی تھالی



کیلے کا پتہ

کیا آپ جانتے ہیں!

کیلے کے پتے پر کھانا ایک صحت مند عمل ہے۔

Let us Do

My home becomes Eco-friendly

We have to...

- Use stainless steel tumblers or stainless steel bottles instead of plastic bottles.
- Carry bags made of paper, jute or cloth while going to the market instead of plastic bags.
- Do not waste white papers as paper is made of tree pulp.
- Switch off the lights and fans when leaving the room to save electricity.
- Grow a kitchen garden to eat fresh vegetables and greens.
- Avoid using chemical fertilizers in the kitchen garden. Use kitchen waste as manure.
- Separate garbage into dry waste and wet waste while disposing.



Are we celebrating our festivals in an eco-friendly way?

During some festivals, idols made of POP (Plaster of Paris) are immersed in water, which leads to water pollution and harms aquatic life. Burning crackers and using chemical colours in Rangoli is harmful to human health and the environment. In addition, the use of plastic plates and glasses at gatherings for eating and drinking should be stopped to protect nature.

آیئے یہ کریں گے

میرا گھر ایک ماحول دوست بن رہا ہے

ہمیں چاہیے کہ...

- پلاسٹک کی بوتلوں کے بجائے اسٹین لیس اسٹیل کے گلاس یا بوتلیں استعمال کریں۔
- بازار جاتے وقت پلاسٹک کے تھیلوں کے بجائے کاغذ، جوٹ یا کپڑے کے تھیلے ساتھ لے جائیں۔
- سفید کاغذ ضائع نہ کریں کیونکہ کاغذ درختوں کے گودے سے بنتا ہے۔
- بجلی بچانے کے لیے کمرے سے باہر نکلتے وقت لائٹس اور پنکھے بند کر دیں۔
- تازہ سبزیاں اگانے کے لیے کچن گارڈن بنائیں۔
- کچن گارڈن میں کیمیائی کھادوں کے استعمال سے گریز کریں۔ کچن کے فضلے کو بطور کھاد استعمال کریں۔
- کچرا پھینکتے وقت خشک اور گیلے کچرے کو الگ الگ کریں۔



کیا ہم اپنے تہوار ماحول دوست طریقے سے منا رہے ہیں؟

کچھ تہواروں کے دوران، پی او پی (پلاسٹر آف پیرس) سے بنے بت پانی میں بہا دیے جاتے ہیں، جس سے پانی آلودہ ہوتا ہے اور آبی زندگی کو نقصان پہنچتا ہے۔ پٹاخے جلانا اور رنگولی میں کیمیائی رنگوں کا استعمال انسانی صحت اور ماحول کے لیے نقصان دہ ہے۔ اس کے علاوہ، فطرت کے تحفظ کے لیے تقریبات میں کھانے پینے کے لیے پلاسٹک کی پلیٹوں اور گلاسوں کا استعمال بند کر دینا چاہیے۔



Save nature - Save future
Save trees - Save lives



Key Words

season, environment, climate, climate change, forest fire, biodiversity, floods, drought, cyclones, aquatic animals, global warming, bio-degradable, eco-friendly, Chipko movement.



What we have learnt ?

- The weather conditions such as temperature and rainfall prevailing in an area are called climate.
- The abnormal variations in the climate are called climate change.
- Floods, melting of ice, forest fires and drought are some of the effects and evidence of climate change.
- The temperature of the Earth is increasing year by year.
- To prevent global warming, we have to avoid deforestation.
- Alternative energy sources are safe for the Earth.
- Eco-friendly activities like plantation and the use of alternative energy sources save the environment.



Improve your Learning

1. What is climate?
2. Write any two causes of climate change.
3. What is global warming?

APSCERT



ماحول کو بچاؤ - مستقبل کو بچاؤ

درختوں کو بچاؤ - زندگی کو بچاؤ



کلیدی الفاظ

موسم، ماحول، آب وہوا، آب وہوا کی تبدیلی، جنگل کی آگ، حیاتیاتی تنوع، سیلاب، قحط، سمندری طوفان، آبی جانور، عالمی حدت، قابل حیاتی تحلیل، ماحول دوست، چپکو تحریک۔



ہم نے کیا سیکھا؟

- کسی علاقے میں درجہ حرارت اور بارش جیسے غالب موسمی حالات کو آب وہوا کہا جاتا ہے۔
- آب وہوا میں غیر معمولی تبدیلیوں کو آب وہوا کی تبدیلی کہا جاتا ہے۔
- سیلاب، برف کا پگھلنا، جنگل کی آگ اور قحط آب وہوا کی تبدیلی کے کچھ اثرات اور ثبوت ہیں۔
- زمین کا درجہ حرارت سال بہ سال بڑھ رہا ہے۔
- عالمی حدت کو روکنے کے لیے ہمیں جنگلات کی کٹائی سے بچنا ہوگا۔
- توانائی کے متبادل ذرائع زمین کے لیے محفوظ ہیں۔
- ماحول دوست سرگرمیاں جیسے شجرکاری اور توانائی کے متبادل ذرائع کا استعمال ماحول کو بچاتے ہیں۔



اپنے اکتساب کو بہتر بنائیں

1. آب وہوا کیا ہے؟
2. آب وہوا کی تبدیلی کی کوئی دو وجوہات لکھیں۔
3. عالمی حدت سے کیا مراد ہے؟

AP SCERT

4. Which human activity is a major cause of climate change? ( )

A)



B)



C)



D)



5. How does deforestation affect climate?
6. Why should we protect forests and trees?
7. Villagers cut many trees to build houses. What change may happen to the climate of that area?
8. List two eco-friendly practices you can follow at home.
9. Classify the following causes of climate change into natural and human-made:

   a) Volcanic eruption b) Cutting trees

   c) Burning fossil fuels d) Floods

10. Observe the process used for disposing of garbage at your home and make a report.
11. People say climate change is everyone's problem. Explain.
12. Why should we appreciate movements that protect the environment?
13. Prepare some slogans on 'Save the Environment'.
14. Suggest a few proposals to reduce vehicle pollution in your area.

APSCERT

4۔ کون سی انسانی سرگرمی آب وہوا کی تبدیلی کی بڑی وجہ ہے؟ ( )

A)



B)



C)



D)



5۔ جنگلات کی کٹائی آب وہوا کو کیسے متاثر کرتی ہے؟

6۔ ہمیں جنگلات اور درختوں کی حفاظت کیوں کرنی چاہیے؟

7۔ گاؤں والوں نے گھر بنانے کے لیے بہت سے درخت کاٹ دیے۔ اس علاقے کی آب وہوا میں کیا تبدیلی آسکتی ہے؟

8۔ گھر پر اپنائے جانے والے دو ماحول دوست کاموں کی فہرست بنائیں۔

9۔ آب وہوا کی تبدیلی کی درج ذیل وجوہات کو قدرتی اور انسانی ساختہ میں تقسیم کریں

الف) آتش فشاں کا پھٹنا

ب) درختوں کی کٹائی

ج) رکازی ایندھن کا جلنا

د) سیلاب

10۔ اپنے گھر میں کچرا اٹھکانے لگانے کے عمل کا مشاہدہ کریں اور ایک رپورٹ تیار کریں۔

11۔ لوگ کہتے ہیں کہ ماحولیاتی تبدیلی ہر ایک کا مسئلہ ہے۔ وضاحت کریں۔

12۔ ہمیں ماحول کی حفاظت کرنے والی تحریکوں کی تعریف کیوں کرنی چاہیے؟

13۔ 'ماحول بچائیں' پر کچھ نعرے (slogans) تیار کریں۔

14۔ اپنے علاقے میں گاڑیوں کی آلودگی کو کم کرنے کے لیے چند تجاویز دیں۔

APSCERT



Clothes We Wear



D9J5U2

Learning outcomes:

Pupils will be able to :

- Identify different types of threads. (CG - 4)
- Classify fibres. (CG - 4)
- Know about the process of making fabric. (CG - 4)
- Understand the classification of clothing based on seasons and cultures. (CG - 1)
- Know about the traditional weaving in Andhra Pradesh. (CG - 1)
- Appreciate the importance of uniforms. (CG - 1)
- Appreciate the art of weaving, especially the weaver bird's nest weaving.(CG - 2)

Observe the pictures given below :



- What do you see in the given picture?
- What is the bird doing?

The Baya Weaver's crafting skill :

The male Baya Weaver is a master of natural construction, building beautiful, sturdy nests that hang from trees. The bird uses grass strands, skillfully weaving them over and under to create a strong, pouch-shaped home. An experienced weaver makes a very fine nest, while a younger, learning bird creates a rougher one.



باب 3

کپڑے جو ہم پہنتے ہیں



W3Z4S3

اکتسابی نتائج:

طلبہ اس قابل بنیں گے :

- دھاگوں کی مختلف اقسام کی شناخت کر سکیں۔ (CG - 4)
- ریشوں (fibres) کی درجہ بندی کر سکیں۔ (CG - 4)
- کپڑا بنانے کے عمل کے بارے میں جان سکیں۔ (CG - 4)
- موسموں اور ثقافتوں کی بنیاد پر لباس کی تقسیم کو سمجھ سکیں۔ (CG - 1)
- آندھرا پردیش میں بُننے (weaving) کے روایتی طریقوں کے بارے میں جان سکیں۔ (CG - 1)
- یونیفارم کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔ (CG - 1)
- بُننے کے فن، خاص طور پر بیا پرندے کے گھونسلے کی بناوٹ کو سراہ سکیں۔ (CG - 2)

نیچے دی گئی تصویر کا مشاہدہ کیجیے:



- آپ دی گئی تصویر میں کیا دیکھ رہے ہیں؟
- پرندہ کیا کر رہا ہے؟

بیا بنکر پرندے کی دستکاری کی مہارت: نر بیا بنکر پرندہ (Baya Weaver) قدرتی تعمیر کا ماہر ہوتا ہے، جو درختوں سے لٹکتے ہوئے خوبصورت اور مضبوط گھونسلے بناتا ہے۔ یہ پرندہ گھاس کے تنکوں کو مہارت سے ایک دوسرے کے اوپر اور نیچے بن کر ایک مضبوط، تھیلی نما گھر بناتا ہے۔ ایک تجربہ کار بنکر پرندہ بہت عمدہ گھونسلہ بناتا ہے، جبکہ ایک نو عمر اور سیکھنے والا پرندہ کھردرا گھونسلہ تیار کرتا ہے۔


The Art of Weaving :

Weaving is the process of interlacing material strips or threads to make a unified fabric, such as cloth or mats. This is done by crossing one set of vertical threads over and under a horizontal set. This ancient technique has been used for centuries by humans to create many items, using various natural materials such as cotton, silk, jute, bamboo, and palm reeds. We learnt how the weaver bird beautifully builds its nest, right? In the same way, the clothes we wear are also made using a weaving method. For this weaving, we use threads. Now, let us learn about different types of threads and how they are made.

The main raw materials to make clothes which are obtained from plants and animals, are called **natural fibres**. Fibres made artificially by humans are called **artificial fibres**.

Natural fibres :


Cotton, linen and jute are plant fibres. Silk and wool are animal fibres. Cotton clothes are made from cotton fibre. Cotton is a soft and white fibre that is collected from cotton boll.



Cotton



Linen



Wool



Silk

Cotton fibres :

The cotton fibre is taken from the cotton bolls of the cotton plants and is spun on a spinning wheel to make fine threads. Then the yarn is woven into fabric on the loom (weaving machine). It is called cotton fabric. Cotton clothes absorb sweat and keep the body cool. Cotton clothes are suitable for the summer season.






Cotton Boll



Spinning



Weaving



Cotton Fabric

بنائی کا فن :

اشیاء کی پٹیوں یا دھاگوں کو ایک دوسرے میں پیوست کر کے ایک مربوط کپڑا، جیسے لباس یا چٹائی بنانے کا عمل بنائی کہلاتا ہے۔ یہ عمودی دھاگوں کے ایک سیٹ کو افقی سیٹ کے اوپر اور نیچے گزار کر کیا جاتا ہے۔ یہ قدیم تکنیک صدیوں سے انسانوں کی جانب سے مختلف قدرتی مواد جیسے کپاس، ریشم، پٹ سن، بانس اور کھجور کی چھال وغیرہ کا استعمال کرتے ہوئے بہت سی اشیاء بنانے کے لیے استعمال کی جارہی ہے۔ ہم نے سیکھا کہ بنکر پرندہ کتنا خوبصورتی سے اپنا گھونسلہ بناتا ہے، ہے نا؟ اسی طرح جو کپڑے ہم پہنتے ہیں وہ بھی بننے کے طریقے سے بنائے جاتے ہیں۔ اس بنائی کے لیے ہم دھاگے استعمال کرتے ہیں۔ اب آیئے دھاگوں کی مختلف اقسام اور ان کے بننے کے طریقے کے بارے میں سیکھتے ہیں۔


کپڑے بنانے کے لیے جو اہم خام مال پودوں اور جانوروں سے حاصل کیا جاتا ہے اسے **قدرتی ریشے** کہا جاتا ہے۔ انسانوں کے تیار کردہ مصنوعی ریشوں کو **مصنوعی ریشے** کہا جاتا ہے۔


قدرتی ریشے:

کپاس، کتان اور پٹ سن پودوں کے ریشے ہیں۔ ریشم اور اون جانوروں کے ریشے ہیں۔ سوتی کپڑے کپاس کے ریشے سے بنتے ہیں۔ کپاس ایک نرم اور سفید ریشہ ہے جو کپاس کے پھول سے جمع کیا جاتا ہے۔


ریشم


اون


کتان


کپاس

کپاس کے ریشے:



کپاس کا ریشہ کپاس کے پودوں سے حاصل کیا جاتا ہے اور اسے چرخے پر کات کر باریک دھاگہ بنایا جاتا ہے۔ پھر اس سوت کو کھڈی / لوم (بننے کی مشین) پر بن کر کپڑا تیار کیا جاتا ہے۔ اسے سوتی کپڑا کہا جاتا ہے۔ سوتی کپڑے پسینہ جذب کرتے ہیں اور جسم کو ٹھنڈا رکھتے ہیں۔ سوتی کپڑے گرمیوں کے موسم کے لیے موزوں ہوتے ہیں۔


سوتی کپڑا


بنائی


کاتنا


کپاس کا پھل

Do You Know !

Gunny bags, ropes and designer clothes can be made from jute. Flax plant is used to make linen.






Think and Discuss

Discuss the connection between this picture and the Freedom Movement with your teacher.



Observe and compare how weaving is done using different materials in the given pictures.





Silk :

Silk is soft and beautiful. It is obtained from silkworms. The caterpillar of the silkworm feeds on mulberry leaves and forms a cocoon.
The silk thread is taken from the cocoon, and silk clothes are woven.



Silkworm



Cocoon



Spinning



Silk fabrics

کیا آپ جانتے ہیں!



جوٹ سے بوریاں، رسیاں اور ڈیزائنر کپڑے بنائے جاسکتے ہیں۔ السی / کتان کا پودا لنن بنانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔




سوچیے اور بحث کیجیے



اپنے استاد کے ساتھ اس تصویر اور تحریکِ آزادی کے درمیان تعلق پر بحث کریں۔

دی گئی تصاویر میں مشاہدہ کریں اور موازنہ کریں کہ مختلف مواد کا استعمال کرتے ہوئے بنائی کیسے کی جاتی ہے۔





ریشم:

ریشم ملائم اور خوبصورت ہوتا ہے۔ یہ ریشم کے کیڑوں سے حاصل کیا جاتا ہے۔ ریشم کے کیڑے کالا روا شہتوت کے پتوں کو کھاتا ہے اور کوکون (حفاظتی خول) بناتا ہے۔ ریشم کا دھاگہ کوکون سے حاصل کیا جاتا ہے، اور پھر ریشمی کپڑے بنے جاتے ہیں۔



ریشم کی ساڑی



کاتنا



کوکون



ریشم کا کیڑا

Silk clothes are smooth and beautiful. During the process of making silk yarn, cocoons are boiled. Caterpillars inside the cocoons die. The silk thread is collected from them. If the cocoon is kept alive, the caterpillar grows into a silk moth. Then the moth comes out of the cocoon and the silk threads get broken. To avoid this, cocoons are boiled.



- Think how many caterpillars die to give us a beautiful silk saree.

Do You Know !

Ahimsa silk

Ahimsa silk is a special type of silk made without harming silkworms. In this method, the silkworm is allowed to come out of its cocoon naturally, so it is also called "peace silk." Ahimsa silk is soft, light, and very comfortable to wear. It is made with kindness and care for living things, so it is safe for nature. This makes ahimsa silk an eco-friendly and gentle fabric.

Wool :

The fur (hair) of the sheep is sheared (cut) and spun into reels of wool. The wool yarn is woven into woollen clothes, sweaters, and blankets. We use woollen clothes in winter. They keep us warm.





Sheep



Shearing



Reeling



Sweater

APSCERT



ریشمی کپڑے ملائم اور خوبصورت ہوتے ہیں۔ ریشم کا دھاگہ بنانے کے عمل کے دوران، کوکون کو ابالا جاتا ہے۔ کوکون کے اندر موجود سنڈیاں (Caterpillars) مر جاتی ہیں۔ ریشم کا دھاگہ ان سے جمع کیا جاتا ہے۔ اگر کوکون کو زندہ چھوڑ دیا جائے تو سنڈی بڑھ کر ریشم کا کیڑا بن جاتی ہے۔ پھر یہ کیڑا کوکون سے باہر نکل آتا ہے اور ریشم کے دھاگے ٹوٹ جاتے ہیں۔ اس سے بچنے کے لیے کوکون کو ابالا جاتا ہے۔

- ذرا سوچیں کہ ہمیں ایک خوبصورت ریشمی ساڑی دینے کے لیے کتنی سنڈیاں مر جاتی ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں!

اہنسا ریشم :

اہنسا ریشم ایک خاص قسم کا ریشم ہے جو ریشم کے کیڑوں کو نقصان پہنچائے بغیر بنایا جاتا ہے۔ اس طریقے میں، ریشم کے کیڑے کو قدرتی طور پر اپنے کوکون سے باہر نکلنے دیا جاتا ہے، اسی لیے اسے "امن کا ریشم (Peace silk) " بھی کہا جاتا ہے۔ اہنسا ریشم نرم، ہلکا اور پہننے میں بہت آرام دہ ہوتا ہے۔ یہ جانداروں کے ساتھ مہربانی اور دیکھ بھال کے ساتھ بنایا جاتا ہے، اس لیے یہ فطرت کے لیے محفوظ ہے۔ یہ اہنسا ریشم کو ایک ماحول دوست اور عمدہ کپڑا بناتا ہے۔

اون :



بھیڑ کے بالوں کو کاٹا جاتا ہے اور اسے اون کی ریلوں میں کاتا جاتا ہے۔ اون کے دھاگے سے اونی کپڑے، سوئٹر اور کمبل بنے جاتے ہیں۔ ہم سردیوں میں اونی کپڑے استعمال کرتے ہیں۔ یہ ہمیں گرم رکھتے ہیں۔


سویٹر



دھاگا لپیٹنا


بال کاٹنا


بھیڑ

Artificial fibres :

Polyester, terylene, rayon, and nylon fibres are made in factories by using chemical processes. These are called synthetic fibres or artificial fibres. They are affordable and last longer.



Usually, we use umbrellas and raincoats during the rainy season. They are made of waterproof material.

Activity :

Categorize the clothes according to the season.

(Woollen cap, sweaters, umbrellas, caps, raincoats, cotton clothes, mufflers).

Seasons	Type of Clothing
Summer	
Rainy (monsoon)	
Winter	

Our dress, our culture :



Kerala Tamil Nadu Rajasthan

Clothes we wear not only protect our body but also represent our culture. The way we dress in Andhra Pradesh is different from other states. In Kerala, men wear lungis, in

مصنوعی ریشے:



پولیسٹر، ٹیریلین، ریون اور نائلون کے ریشے فیکٹریوں میں کیمیائی طریقوں سے تیار کیے جاتے ہیں۔ انہیں ترکیبی ریشے یا مصنوعی ریشے کہا جاتا ہے۔ یہ سستے اور معیاری ہوتے ہیں اور زیادہ دنوں تک استعمال میں آتے ہیں۔

عام طور پر، ہم بارش کے موسم میں چھتریاں اور رین کوٹ استعمال کرتے ہیں۔ یہ واٹر پروف (پانی سے بچانے والے) مواد سے بنے ہوتے ہیں۔

مشغلہ : موسم کے مطابق کپڑوں کی درجہ بندی کریں۔

(اونی ٹوپی، سوئٹر، چھتریاں، ٹوپیاں، رین کوٹ، سوتی کپڑے، مفلر)۔

موسم	کپڑوں کی قسم
گرما	
برسات	
سرما	

ہمارا لباس–ہماری ثقافت



راجستھان　　تمل ناڈو　　کیرالا

جو کپڑے ہم پہنتے ہیں وہ نہ صرف ہمارے جسم کی حفاظت کرتے ہیں بلکہ ہماری ثقافت کی نمائندگی بھی کرتے ہیں۔ آندھرا پردیش میں ہمارے پہننے کا طریقہ دوسری ریاستوں سے مختلف ہے۔ کیرالا میں مرد لنگی پہنتے ہیں...

Tamil Nadu men wear shirts and dhotis, men of Rajasthan wear kurtas. The women of Andhra Pradesh and most of the other states wear a saree-blouse, Punjabi dress, lehanga etc. The way a saree is draped is also different.

Our Andhra Pradesh traditional weaving :

Andhra Pradesh is famous for its beautiful handwoven cloth. Many people in our state are skilled weavers. They make lovely sarees and fabrics using bright colours and fine threads. Each place has its own special style. These clothes show our culture, craftsmanship, and art.

Place name	Weaving Style	Special Features
Dharmavaram	Traditional Silk Weaving	Rich colours, heavy borders
Uppada	Jamdani Weaving	Very lightweight, soft feel, delicate
Mangalagiri	Pit Loom Weaving	Simple, smooth texture, pure cotton
Venkatagiri	Fine silk weaving, soft	Lightweight, fine gold zari work and elegant patterns
Ponduru	Khadi (hand spun)	Natural, chemical-free, comfortable and lightweight



Let us discuss

- Discuss the clothes that are worn by kids, parents and grandparents.

People wear different clothes depending on their age. We wear special clothes for special occasions like birthdays, weddings and festivals. The types of clothes people use differ based on material, comfort, climate, etc. People in cold countries use warm clothes made of wool. In hot countries, people wear clothes made of cotton. Similarly, small kids use soft-textured clothes.





Let us Do

List out the different styles of dresses of boys and girls.

APSCERT

تمل ناڈو کے مرد قمیض اور دھوتی پہنتے ہیں، راجستھان کے مرد کرتا پہنتے ہیں۔ آندھرا پردیش اور دیگر اکثر ریاستوں کی خواتین ساڑی-بلاؤز، پنجابی ڈرس، لہنگا وغیرہ پہنتی ہیں۔ ساڑی باندھنے کا طریقہ بھی مختلف ہوتا ہے۔

ہمارے آندھرا پردیش کی روایتی بنائی :

آندھرا پردیش اپنے خوبصورت ہاتھ سے بنے ہوئے کپڑوں کے لیے مشہور ہے۔ ہماری ریاست میں بہت سے لوگ ماہر بنکر ہیں۔ وہ چمکدار رنگوں اور باریک دھاگوں کا استعمال کرتے ہوئے پیاری ساڑیاں اور کپڑے بناتے ہیں۔ ہر جگہ کا اپنا ایک خاص انداز ہے۔ یہ کپڑے ہماری ثقافت، کاریگری اور فن کو ظاہر کرتے ہیں۔

مقامات	بنائی کا انداز	خاص خصوصیات
دھرماورم	روایتی ریشمی بنائی	گہرے رنگ، ہیوی بارڈر، چوڑے بارڈر
اپّاڑا	جمدانی بنائی	بہت ہلکا ملائم ہوتا ہے
منگلاگیری	پٹ لوم بنائی	سادہ، ہموار بناوٹ۔ خالص سوتی
وین کٹاگری	باریک ریشمی بنائی	ہلکا وزن، سنہری زری کام، خوبصورت ڈیزائن
پونڈورو	کھادی (ہاتھ سے کاتا ہوا)	قدرتی، کیمیائی اشیاء سے پاک، آرام دہ اور ہلکا



آیئے بحث کریں

- ان کپڑوں پر بحث کریں جو بچوں، والدین اور دادا دادی / نانا نانی کی جانب سے پہنے جاتے ہیں۔



لوگ اپنی عمر کے لحاظ سے مختلف کپڑے پہنتے ہیں۔ ہم خاص مواقع جیسے سالگرہ، شادیوں اور تہواروں کے لیے خاص کپڑے پہنتے ہیں۔ لوگوں کے استعمال کردہ کپڑوں کی اقسام مواد، آرام، آب وہوا وغیرہ کی بنیاد پر مختلف ہوتی ہیں۔ ٹھنڈے ممالک میں لوگ اون سے بنے گرم کپڑے استعمال کرتے ہیں۔ گرم ممالک میں لوگ کپاس سے بنے کپڑے پہنتے ہیں۔ اسی طرح چھوٹے بچے نرم بناوٹ والے کپڑے استعمال کرتے ہیں۔

آیئے ہم یہ کریں

لڑکوں اور لڑکیوں کے لباس کے مختلف انداز کی فہرست بنائیں۔

Activity :

Collect some pieces of cloth and observe them. Think about whether they are made of natural or synthetic fibres . Now fill the table.

S. No.	Appearance (Shiny/Dull)	Texture (Soft/Rough)	Water Test (Absorbs or not)	What is made of (cotton/silk/ wool/synthetic)
1) 2) 3) 4)				



We need clothes because they protect us from heat, cold and rain. They absorb sweat and keep us cool. They protect us from germs, insect bites, dust and pollution. They make us look smart.

Uniforms :

People in different professions wear different types of uniforms according to their profession.

Let us see the following pictures. Identify their profession.



One day, Harsha asked his mom for his favourite shirt. She said it was not washed. Then he washed his shirt using a detergent soap.

- Do you know how to wash your clothes?
- Clothes must be washed with detergents and dried well.

Reuse :

We often disposing of old clothes. If the clothes no longer fit us, we usually give them to a younger sibling or to anyone who can use them. Sometimes an elder may make something else from it. There is also a tradition of making beautiful quilts by joining small pieces together.



مشغلہ :

کپڑے کے کچھ ٹکڑے جمع کریں اور ان کا مشاہدہ کریں۔ غور کریں کہ آیا وہ قدرتی ریشوں سے بنے ہیں یا مصنوعی ریشوں سے۔ اب اس جدول کو پُر کریں۔

سلسلہ عدد	مظاہرہ چمکدار / بے رونق	ساخت ملائم / کھردی	پانی کا امتحان جذب کرتا ہے یا نہیں	کس سے بنا ہے (سوتی / ریشم اون / مصنوعی)
(1) (2) (3) (4)				



ہمیں کپڑوں کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ وہ ہمیں گرمی، سردی اور بارش سے بچاتے ہیں۔ وہ پسینہ جذب کرتے ہیں اور ہمیں ٹھنڈا رکھتے ہیں۔ وہ ہمیں جراثیم، کیڑوں کے کاٹنے، دھول اور آلودگی سے بچاتے ہیں۔ وہ ہمیں جاذبِ نظر بناتے ہیں۔

یونیفارم :

مختلف پیشوں سے وابستہ لوگ اپنے پیشے کے لحاظ سے مختلف قسم کی یونیفارم پہنتے ہیں۔ آیئے درج ذیل تصاویر دیکھیں۔

ان کے پیشے کی شناخت کریں۔






ایک دن ہر شا نے اپنی امی سے اپنی پسندیدہ قمیض مانگی۔ انہوں نے کہا کہ وہ دھلی ہوئی نہیں ہے۔ پھر اس نے صابن کا استعمال کرتے ہوئے اپنی قمیض خود دھوئی۔

- کیا آپ جانتے ہیں کہ اپنے کپڑے کیسے دھونے ہیں؟
- کپڑوں کو صابن یا سرف سے دھونا چاہیے اور اچھی طرح سکھانا چاہیے۔



دوبارہ استعمال :

ہم اکثر پرانے کپڑے پھینک دیتے ہیں۔ اگر کپڑے ہمیں پورے نہ آئیں تو ہمیں عام طور پر وہ اپنے چھوٹے بہن بھائیوں یا کسی ایسے شخص کو دے دینے چاہئیں جو انہیں استعمال کر سکے۔ کبھی کبھی بڑے لوگ ان سے کوئی اور چیز بنا لیتے ہیں۔ چھوٹے ٹکڑوں کو آپس میں جوڑ کر خوبصورت لحاف بنانے کی روایت بھی موجود ہے۔

Key Words

silk, cotton, wool, cocoon, natural fabrics, artificial fabrics, yarn, spinning, weaving, shearing, reeling.

What we have learnt ?

- There are different kinds of clothes. People wear different clothes based on their tradition, culture, and seasons.
- Weaving is the process of interlacing threads to make a unified fabric.
- Fabrics like cotton, wool and silk are made from natural fibres.
- Cotton clothes absorb sweat and keep the body cool.
- Silk is soft and beautiful.
- The wool yarn is woven into woolen clothes, sweaters and blankets.
- Polyester, terylene, rayon and nylon are artificial fibres. They are made from chemicals.
- Weaving clothes reflects our culture and tradition.

Improve your Learning

1. Name any two natural fibres.
2. These fibres can be correctly classified as: ( )
   A) Synthetic fibres only
   B) Natural fibres
   C) Artificial clothes
   D) Seasonal fibres



AP SCERT

کلیدی الفاظ

ریشم، کپاس، اون، کوکون، قدرتی کپڑے، مصنوعی کپڑے، سوت (دھاگہ)، کاتنا، بنائی، اون اتارنا، ریل بنانا۔

ہم نے کیا سیکھا؟

- کپڑوں کی مختلف اقسام ہوتی ہیں۔ لوگ اپنی روایت، ثقافت اور موسموں کی بنیاد پر مختلف کپڑے پہنتے ہیں۔
- بنائی ایک مربوط کپڑا بنانے کے لیے دھاگوں کو ایک دوسرے میں پیوست کرنے کا عمل ہے۔
- کپاس، اون اور ریشم جیسے کپڑے قدرتی ریشوں سے بنے ہوتے ہیں۔
- سوتی کپڑے پسینہ جذب کرتے ہیں اور جسم کو ٹھنڈا رکھتے ہیں۔
- ریشم نرم اور خوبصورت ہوتا ہے۔
- اون کے دھاگے سے اونی کپڑے، سوئٹر اور کمبل بنے جاتے ہیں۔
- پولیسٹر، ٹیریلین، ریون اور نائلون مصنوعی ریشے ہیں۔ یہ کیمیکلز سے بنے ہوتے ہیں۔
- کپڑوں کی بنائی ہماری ثقافت اور روایت کی عکاسی کرتی ہے۔

اپنے اکتساب کو بہتر بنائیں

1. کوئی سے دو قدرتی ریشوں کے نام لکھیں۔
2. ان ریشوں کی درست درجہ بندی اس طرح کی جا سکتی ہے ( )

الف) صرف ترکیبی ریشے

ب) قدرتی ریشے

ج) مصنوعی کپڑے

د) موسمی ریشے





AP SCERT

3. Write the names of two types of clothes we wear.
4. Explain the difference between natural fibres and artificial fibres.
5. People wear woollen clothes in winter and cotton clothes in summer mainly because: ( )

   A) Wool is colourful and cotton is dull

   B) Cotton keeps the body cool and wool keeps it warm

   C) Wool is cheaper than cotton

   D) Cotton clothes last longer
6. Why is a uniform important in schools?
7. It is very cold outside. Which type of clothes will you choose to wear? Why?
8. Your old clothes are still in good condition. What can you do instead of throwing them away?
9. Ravi has old school uniforms that no longer fit him.

   Which action shows concern towards the recycling of clothes? ( )

   A) Throwing them in the dustbin

   B) Burning the clothes

   C) Donating them to needy children

   D) Tearing them into pieces
10. Sort the clothes according to the season:

Clothes	**Season**
Sweater	.....
Cotton shirt	.....
Raincoat	.....

11. Write the main difference between natural and synthetic fibres.
12. Why should we respect and appreciate the work of weavers?
13. Is recycling clothes helpful for the environment? Give a reason.
14. Write the reasons why people use woollen clothes in the winter season.

AP SCERT

3۔ ہمارے پہنے جانے والے کپڑوں کی دو اقسام کے نام لکھیں۔

4۔ قدرتی ریشوں اور مصنوعی ریشوں کے درمیان فرق واضح کریں۔

5۔ لوگ سردیوں میں اونی کپڑے اور گرمیوں میں سوتی کپڑے پہنتے ہیں، اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ( )

الف) اون رنگین ہوتی ہے اور کپاس بے رونق ہوتی ہے

ب) کپاس جسم کو ٹھنڈا رکھتی ہے اور اون اسے گرم رکھتی ہے

ج) اون کپاس سے سستی ہوتی ہے

د) سوتی کپڑے زیادہ دیر تک چلتے ہیں

6۔ اسکولوں میں یونیفارم کیوں ضروری ہے؟

7۔ باہر بہت سردی ہے۔ آپ کس قسم کے کپڑے پہننے کا انتخاب کریں گے؟ کیوں؟

8۔ آپ کے پرانے کپڑے ابھی بھی اچھی حالت میں ہیں۔ آپ انہیں پھینکنے کے بجائے کیا کر سکتے ہیں؟

9۔ روی کے پاس پرانی اسکول یونیفارم ہے جو اب اسے پوری نہیں آتی۔ کون سا عمل کپڑوں کی ری سائیکلنگ (دوبارہ استعمال) کے حوالے سے فکر مندی ظاہر کرتا ہے؟ ( )

الف) انہیں کوڑے دان میں پھینکنا

ب) کپڑوں کو جلانا

ج) انہیں ضرورت مند بچوں کو عطیہ کرنا

د) انہیں ٹکڑوں میں پھاڑ دینا

10۔ موسم کے لحاظ سے کپڑوں کی درجہ بندی کریں :

کپڑے	موسم
سوئٹر	.....
سوتی قمیض	.....
رین کوٹ	.....

11۔ قدرتی اور مصنوعی ریشوں کے درمیان بنیادی فرق لکھیں۔

12۔ ہمیں بنکروں کے کام کا احترام اور تعریف کیوں کرنی چاہیے؟

13۔ کیا کپڑوں کی ری سائیکلنگ ماحول کے لیے مددگار ہے؟ ایک وجہ بتائیں۔

14۔ وہ وجوہات لکھیں کہ لوگ سردیوں کے موسم میں اونی کپڑے کیوں استعمال کرتے ہیں۔

AP SCERT

15. Collect pieces of cloth and classify them into natural fabrics and artificial fabrics and paste them on the chart. Display the chart.

16. Wash your dress with a detergent soap and write your experiences.

17. What does the silkworm caterpillar eat to grow? ( )

A) Silk threads B) Grass

C) Mulberry leaves D) Cocoons

18. How do you appreciate the skill of a tailor who stitches different kinds of clothes from cloth?

19. Draw and colour pictures of different types of dresses.

20. Make a poster slogan on "Recycle Clothes, Save the Earth".

21. Write a short note on how the 'weaver bird' shows the art of weaving.

.....

.....

.....

.....

22. Visit a tailoring shop, gather information regarding the equipment used, and write a report.

AP SCERT

15۔ کپڑے کے ٹکڑے جمع کریں اور انہیں قدرتی اور مصنوعی کپڑوں میں تقسیم کر کے چارٹ پر چپکائیں۔ چارٹ کی نمائش کریں۔

16۔ اپنا لباس کسی اچھے صابن یا سرف سے دھوئیں اور اپنے تجربات لکھیں۔

17۔ ریشم کے کیڑے کی سنڈی (caterpillar) بڑھنے کے لیے کیا کھاتی ہے؟ ( )

الف) ریشم کے دھاگے ب) گھاس

ج) شہتوت کے پتے د) کوکون

18۔ آپ ایک درزی کی مہارت کو کیسے سراہیں گے جو کپڑے سے مختلف قسم کے لباس سیتا ہے؟

19۔ مختلف قسم کے لباس کی تصویریں بنائیں اور ان میں رنگ بھریں۔

20۔ "کپڑوں کا دوبارہ استعمال کریں، زمین بچائیں" پر ایک پوسٹر کا نعرہ (slogan) تیار کریں۔

21۔ اس بارے میں ایک مختصر نوٹ لکھیں کہ 'بنکر پرندہ (weaver bird) 'بننے کے فن کا مظاہرہ کیسے کرتا ہے۔

.....

.....

.....

.....

22۔ کسی درزی کی دکان کا دورہ کریں، وہاں استعمال ہونے والے آلات کے بارے میں معلومات جمع کریں اور ایک رپورٹ تیار کریں۔

AP SCERT



Our Body - Our Organ System




E1Z1F8

Learning outcomes:

Pupils will be able to :

- Identify different organs in the body. (CG - 3)
- Know about different organ systems in the body. (CG - 3)
- Explain the structure and functions of different organ systems in the body. (CG - 3)
- Understand the functioning of organ systems in the body. (CG - 3)
- Appreciate our body as an amazing machine. (CG - 2)

- **Observe the picture completely and answer the questions.**



1. What is the teacher showing in the picture?
2. Can you say the names of some organs of our body?
3. What are the uses of organs?


Our body consists of so many organs. The organs are useful for us to do different kinds of works. In the previous class, we learned about different body parts of human beings.

Do you know the internal organs and the external organs of our body?



EXTERNAL ORGANS

The head, hands, legs, etc. are **external organs** as they are visible to us from outside. The brain, heart, lungs, liver, kidneys, etc. are **internal organs** as they are located inside our body and not visible from the outside.



INTERNAL ORGANS



باب 4

ہمارا جسم – ہمارا عضوی نظام




Q4W2A7

اکتسابی نتائج :

طلبہ اس قابل بنیں گے کہ:

- جسم میں موجود مختلف اعضاء کی شناخت کر سکیں گے۔ (CG - 3)
- جسم کے مختلف اعضاء کے نظاموں کے بارے میں جان سکیں گے۔ (CG - 3)
- جسم کے مختلف اعضاء کے نظاموں کی ساخت اور ان کے افعال کی وضاحت کر سکیں گے۔ (CG - 3)
- جسم کے اعضاء کے نظام کے افعال کو سمجھ سکیں گے۔ (CG - 3)
- ہمارے جسم کو ایک حیرت انگیز مشین کی طرح کام کرتا ہے سمجھ سکیں گے۔ (CG - 2)


تصویر کا مکمل مشاہدہ کریں اور سوالات کے جوابات دیں۔



1. تصویر میں استاد کیا دکھا رہے ہیں؟
2. کیا آپ ہمارے جسم کے کچھ اعضاء کے نام بتا سکتے ہیں؟
3. اعضاء کے کیا استعمالات ہیں؟

ہمارا جسم بہت سے اعضاء پر مشتمل ہوتا ہے۔ اعضاء ہمارے لیے مختلف قسم کے کام کرنے میں مددگار ہوتے ہیں۔ پچھلی جماعت میں ہم نے انسانی جسم کے مختلف حصوں کے بارے میں سیکھا ہے۔

کیا آپ ہمارے جسم کے اندرونی اور بیرونی اعضاء کے بارے میں جانتے ہیں؟



اندرونی اعضاء


سر، ہاتھ، پیر وغیرہ **بیرونی اعضاء** ہیں کیونکہ یہ ہمیں باہر سے نظر آتے ہیں۔

دماغ، دل، پھیپھڑے، جگر، گردے وغیرہ **اندرونی اعضاء** ہیں کیونکہ یہ ہمارے جسم کے اندر واقع ہوتے ہیں اور باہر سے نظر نہیں آتے۔




بیرونی اعضاء

APSCERT



Just as the parts of a machine work together, the organs in our body also work together to help keep us live and stay healthy. We have many organs such as the head, hands, legs, brain, lungs, kidneys, etc.




Let us discuss some organ systems :

The Skeletal System

Gently press on your wrist with your fingers. You will feel something hard. These hard structures are called **bones**. There are **206 bones** in an adult human body. The bones form a frame called the skeleton or the **skeletal system**. As the bones grow longer, our height increases. **Muscles** are attached to the bones. The skeletal system and muscles together give us **shape and support,** and also help in body movements.

In our skeletal system, some bones are long, and some bones are short. The bones in our body are joined together. The longest bone in the human body is the **femur** (thigh bone), and the shortest bone is the **stapes**, which is located in the middle ear.



Some parts of the Skeletal System :



Skull : The skull is a strong bone and it protects the brain as the brain is very sensitive and essential for life.




Ribcage : The ribcage is a cage like bone arrangement to give more protection to our lungs and heart.




Backbone (Spine) : The backbone supports our body to stand erect and gives protection to our spinal cord.

APSCERT




جس طرح ایک مشین کے حصے مل کر کام کرتے ہیں، اسی طرح ہمارے جسم کے اعضاء بھی ہمیں زندہ اور صحت مند رکھنے کے لیے مل کر کام کرتے ہیں۔ ہمارے جسم میں بہت سے اعضاء ہیں جیسے سر، ہاتھ، پیر، دماغ، پھیپھڑے، گردے وغیرہ۔



آیئے ہم عضوی نظام کے چند حصّوں کے بارے میں بحث کریں گے :

کالبدی نظام (The Skeletal System) اپنی انگلیوں سے اپنی کلائی کو آہستہ سے دبائیں۔ آپ کو کوئی سخت چیز محسوس ہوگی۔ ان سخت ساختوں کو **ہڈیاں** کہا جاتا ہے۔ ایک بالغ انسانی جسم میں **206 ہڈیاں** ہوتی ہیں۔ ہڈیاں مل کر ایک ڈھانچہ بناتی ہیں۔ اس ڈھانچہ کو **کالبدی نظام** کہا جاتا ہے۔ جیسے جیسے ہڈیاں لمبی ہوتی ہیں، ہمارا قد بڑھتا ہے۔ **عضلات** ہڈیوں کے ساتھ جڑے ہوتے ہیں۔ ہڈیوں کا نظام اور عضلات مل کر ہمیں **شکل** اور **سہارا** دیتے ہیں، اور جسم کی حرکات میں بھی مدد کرتے ہیں۔



ہمارے ہڈیوں کے نظام میں کچھ ہڈیاں لمبی ہوتی ہیں اور کچھ چھوٹی۔ ہمارے جسم کی ہڈیاں ایک دوسرے سے جڑی ہوئی ہیں۔ انسانی جسم کی سب سے لمبی ہڈی **فیمر** (ران کی ہڈی) ہے، اور سب سے چھوٹی ہڈی **اسٹیپس** ہے، جو درمیانی کان میں واقع ہوتی ہے۔

کالبدی نظام کے چند حصّے :



کھوپڑی : کھوپڑی ایک مضبوط ہڈی ہے اور یہ دماغ کی حفاظت کرتی ہے کیونکہ دماغ بہت حساس اور زندگی کے لیے ضروری ہے۔



پسلیوں کا پنجرہ : پسلیوں کا پنجرہ ہڈیوں کی پنجرے جیسی ترتیب ہے تاکہ ہمارے پھیپھڑوں اور دل کو زیادہ تحفظ مل سکے۔



ریڑھ کی ہڈی : ریڑھ کی ہڈی ہمارے جسم کو سیدھا کھڑا رہنے میں سہارا دیتی ہے اور ہماری نخاعی ڈور (spinal cord) کی حفاظت کرتی ہے۔

We can observe images of our bones clearly with the help of an X-ray.



In order to keep our bones healthy, we need to eat food such as milk, curd, and eggs.

Work, play, regular exercise, yoga and exposure ourselves to the early morning sunlight keep our bones strong and healthy.



We should walk and do exercise regularly to stay fit and healthy.



Most of the bones are hard and strong. Some bones are softer and more flexible.



The external ear and the flexible part of the nose are made up of soft tissue called cartilage.



Getting Energy :

On one Sunday, Rohit and his team were **practicing dance** for the annual day celebrations. After dancing for some time, Rohit felt **tired**. His teacher, Manjula gave him two bananas. He **ate** the bananas and began dancing again. So, we need to eat food to get energy.





Let us discuss

- Which part of our body helps to digest the food?
- Why did Rohit get tired after dancing?
- How did eating bananas help Rohit?
- What would happen if Rohit did not eat anything and continued dancing? Why?

AP SCERT

ہم ایکسرے کی مدد سے اپنی ہڈّیوں کی تصویر کو واضح طور پر دیکھ سکتے ہیں۔



اپنی ہڈیوں کو صحت مند رکھنے کے لیے، ہمیں دودھ، دہی اور انڈے جیسی غذائیں کھانے کی ضرورت ہے۔ کام، کھیل، باقاعدہ ورزش، یوگا اور صبح سویرے کی سورج کی روشنی کا حصول ہماری ہڈیوں کو مضبوط اور صحت مند رکھتا ہے۔



تندرست اور صحت مند رہنے کے لیے ہمیں باقاعدگی سے پیدل چلنا اور ورزش کرنی چاہیے۔



زیادہ تر ہڈیاں سخت اور مضبوط ہوتی ہیں۔ کچھ ہڈیاں نرم اور زیادہ لچکدار ہوتی ہیں۔





کان کا بیرونی حصہ اور ناک کا لچکدار حصہ نرم بافتوں سے بنا ہوتا ہے جسے **غظروف** کہتے ہیں۔

توانائی حاصل کریں

ایک اتوار کو روہت اور اس کی ٹیم سالانہ دن کی تقریبات کے لیے رقص (ڈانس) کی مشق کر رہے تھے۔ کچھ دیر رقص کرنے کے بعد روہت نے تھکن محسوس کی۔ اس کی ٹیچر منجولا نے اسے دو کیلے دیے۔ اس نے کیلے کھائے اور دوبارہ رقص کرنا شروع کر دیا۔ لہٰذا، ہمیں توانائی حاصل کرنے کے لیے کھانا کھانے کی ضرورت ہوتی ہے۔






آیئے بحث کریں گے

- ہمارے جسم کا کون سا حصہ کھانا ہضم کرنے میں مدد کرتا ہے؟
- رقص کرنے کے بعد روہت کیوں تھک گیا تھا؟
- کیلے کھانے سے روہت کی مدد کیسے ہوئی؟
- اگر روہت کچھ نہ کھاتا اور رقص جاری رکھتا تو کیا ہوتا؟ اور کیوں؟

© NCERT

Digestive System :



Digestive system

Do you know what happens to the food we eat? Let us know the digestive process in human beings. We eat food to get energy and several nutrients for our body. The food we eat is complex food material. This complex food material has to change into simple food material to produce energy. **The process of conversion of complex food material into simple and absorbable materials by the action of enzymes is called digestion.**

The food we eat is chewed by our teeth. Teeth grind the food into smaller pieces, and the **saliva** in our mouth softens it. After swallowing, the softened food travels down the food pipe (**Oesophagus**) and reaches the stomach. In the stomach, the food is mixed with digestive juices and becomes juicier. It then moves into the **small intestine**. Here digestion continues and the digested nutrients are absorbed into the blood. The **undigested** food passes from the small intestine into the large intestine; water is **absorbed** here. The remaining waste is stored in the **rectum** and finally released from the body through the **anus.**

Do You Know !


Our small intestine is 6 meters long and it is a coiled structure. This coiled structure helps to retain the food until the digested food is absorbed into the blood

Let us Do

- Do not eat food in a hurry.
- Digestion process starts in the mouth. Chew the food slowly and properly.
- It is advised to drink water before eating food. It helps in the smooth movement of food in the food pipe.
- Do not drink too much water while eating.
- Eat homemade food only.
- Do not eat junk food, it will harm your digestive system.

Along with your friends, prepare a poster using the above information for your class.

ہاضمی نظام :



کیا آپ جانتے ہیں کہ جو کھانا ہم کھاتے ہیں اس کا کیا ہوتا ہے؟ آیئے انسانوں میں ہاضمے کے عمل کے بارے میں جانتے ہیں۔ ہم اپنے جسم کے لیے توانائی اور کئی غذائی اجزاء حاصل کرنے کے لیے کھانا کھاتے ہیں۔ جو کھانا ہم کھاتے ہیں وہ پیچیدہ غذائی مواد ہوتا ہے۔ توانائی پیدا کرنے کے لیے اس پیچیدہ غذائی مواد کو سادہ غذائی مواد میں تبدیل کرنا پڑتا ہے۔ **خامروں (enzymes) کے عمل کے ذریعے پیچیدہ غذائی مواد کو سادہ اور جذب ہونے والے مواد میں تبدیل کرنے کے عمل کو ہاضمہ (digestion) کہا جاتا ہے۔**

جو کھانا ہم کھاتے ہیں اسے ہمارے دانت چباتے ہیں۔ دانت کھانے کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں پیستے ہیں، اور ہمارے منہ میں موجود لعاب (saliva) اسے نرم کرتا ہے۔ نگلنے کے بعد، نرم شدہ کھانا مری (Oesophagus) کے ذریعے نیچے جاتا ہے اور معدے تک پہنچتا ہے۔ معدے میں کھانا ہاضمی رس (juices) کے ساتھ مل جاتا ہے اور مزید پتلا ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد یہ چھوٹی آنت میں چلا جاتا ہے۔ یہاں ہاضمہ جاری رہتا ہے اور ہضم شدہ غذائی اجزاء خون میں جذب ہو جاتے ہیں۔ غیر ہضم شدہ کھانا چھوٹی آنت سے بڑی آنت میں چلا جاتا ہے؛ یہاں پانی جذب ہوتا ہے۔ باقی بچ جانے والا فضلہ وعائے مستقیم (rectum) میں جمع ہوتا ہے اور آخر کار مبرز (anus) کے ذریعے جسم سے باہر نکل جاتا ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں!

ہماری چھوٹی آنت 6 میٹر لمبی ہوتی ہے اور یہ ایک لپٹی ہوئی (coil) ساخت ہے۔ یہ لپٹی ہوئی ساخت کھانے کو اس وقت تک روکنے میں مدد دیتی ہے جب تک کہ ہضم شدہ کھانا خون میں جذب نہ ہو جائے۔

آیئے ہم کریں گے

- جلدی میں کھانا نہ کھائیں۔
- ہاضمے کا عمل منہ سے شروع ہوتا ہے۔ کھانا آہستہ اور اچھی طرح چبا کر کھائیں۔
- کھانا کھانے سے پہلے پانی پینے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ یہ کھانے کی نالی میں کھانے کی ہموار حرکت میں مدد کرتا ہے۔
- کھانا کھاتے وقت بہت زیادہ پانی نہ پییں۔
- صرف گھر کا بنا ہوا کھانا کھائیں۔
- جنک فوڈ (بازاری کھانے) نہ کھائیں، یہ آپ کے نظام ہاضمہ کو نقصان پہنچائے گا۔


اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر، اپنی کلاس کے لیے اوپر دی گئی معلومات کا استعمال کرتے ہوئے ایک پوسٹر تیار کریں۔

Activity : Write the functions of different parts of the digestive system.

S.No.	Parts	Function
1.	Mouth	
2.	Oesophagus	
3.	Stomach	
4.	Small Intestine	
5.	Large Intestine	
6.	Rectum	
7.	Anus	

Respiratory System :

Do you know how energy is produced from the food we eat? Whether we are working, playing, or sleeping, we keep breathing (Look at the picture). It has the **nose**, **windpipe**, and **lungs**. Air enters through the nose, moves down the windpipe, and reaches the lungs. The lungs are soft, spongy organs that fill with air when we inhale. The air we breathe in contains **oxygen**. This oxygen helps break down the food inside our cells and releases **energy** for our body. This is our **respiratory system**.




Respiratory System

Respiration Process :

The process of breathing in is **inhalation.**

During inhalation, lungs get enlarged. The process of breathing out is called **exhalation**. During exhalation, the lungs get contracted.


The inhaled air has more oxygen. It goes into the lungs and mixes with the blood. Oxygen reaches the cells and releases the energy. The produced carbon dioxide and water vapour are exhaled by the process called exhalation.



مشغلہ : ہاضمی نظام کے مختلف اعضاء کے افعال کو لکھیے۔

سلسلہ عدد	اعضاء	افعال
1۔	منہ	
2۔	غذائی نالی	
3۔	معدہ	
4۔	چھوٹی آنت	
5۔	بڑی آنت	
6۔	وعائے مستقیم	
7۔	مبرز	


تنفسی نظام :



تنفسی نظام

کیا آپ جانتے ہیں کہ جو کھانا ہم کھاتے ہیں اس سے توانائی کیسے پیدا ہوتی ہے؟ چاہے ہم کام کر رہے ہوں، کھیل رہے ہوں یا سو رہے ہوں، ہم سانس لینا جاری رکھتے ہیں (تصویر دیکھیئے)۔ اس نظام میں **ناک، ہوائی نالی (windpipe) اور پھیپھڑے** شامل ہیں۔ ہوا ناک کے ذریعے داخل ہوتی ہے، سانس کی نالی سے گزرتی ہے اور پھیپھڑوں تک پہنچتی ہے۔ پھیپھڑے نرم اور اسفنج جیسے اعضاء ہیں جو سانس اندر لینے پر ہوا سے بھر جاتے ہیں۔ جس ہوا میں ہم سانس لیتے ہیں اس میں آکسیجن ہوتی ہے۔ یہ آکسیجن ہمارے خلیوں کے اندر کھانے کو توڑنے اور ہمارے جسم کے لیے توانائی فراہم کرنے میں مدد کرتی ہے۔ یہ ہمارا **نظام تنفس** ہے۔

تنفسی عمل / سانس لینے کا عمل :



سانس اندر لینے کے عمل کو **دم درکشی (inhalation)** کہتے ہیں۔


دم درکشی کے دوران پھیپھڑے پھیل جاتے ہیں۔

سانس باہر نکالنے کے عمل کو **زفیر (exhalation)** کہا جاتا ہے۔

زفیر کے دوران پھیپھڑے سکڑ جاتے ہیں۔

اندر لی گئی ہوا میں آکسیجن زیادہ ہوتی ہے۔ یہ پھیپھڑوں میں جاتی ہے اور خون میں شامل ہو جاتی ہے۔ آکسیجن خلیوں تک پہنچتی ہے اور توانائی خارج کرتی ہے۔ پیدا ہونے والی کاربن ڈائی آکسائیڈ اور آبی بخارات کو زفیر کے عمل کے ذریعے باہر نکال دیا جاتا ہے۔


Let us Do



Prepare a working model of the lungs as shown in the picture with three balloons, three straws, a plastic bottle and a bottle cap. (Ask your teacher for the detailed procedure)

Look at the given picture :

- What do you observe in the picture?
- What is the doctor doing?
- What do you call the apparatus with which the doctor is testing the patient?



The doctor measures the heartbeat with a stethoscope.

Let us Do

Make a stethoscope :

A stethoscope is used by a doctor to listen to the heartbeat. To make a stethoscope, you need a transparent plastic tube, a funnel, and tape. Tape the funnel to one end of the transparent plastic tube. Then ask a friend to place funnel end on your heart and the other end of the prepared stethoscope in his ears. Does he hear your heartbeat? Now run for a while and ask your friend to listen to your heartbeat again. Has it increased?





How is the sound? Where does the sound come from? Why?


آیئے ہم کریں گے



جیسا کہ تصویر میں دکھایا گیا ہے، تین غباروں، تین اسٹرا (نلکیوں)، ایک پلاسٹک کی بوتل اور بوتل کے ڈھکن کی مدد سے پھیپھڑوں کا ایک ورکنگ ماڈل تیار کریں۔

(تفصیلی طریقہ کار کے لیے اپنے استاد سے پوچھیں)۔

دی گئی تصویر کو دیکھیے :



- آپ تصویر میں کیا مشاہدہ کر رہے ہیں؟
- ڈاکٹر کیا کر رہا ہے؟
- اس آلے کو کیا کہتے ہیں جس سے ڈاکٹر مریض کا معائنہ کر رہا ہے؟

ڈاکٹر سٹیتھوسکوپ (Stethoscope) کے ذریعے دل کی دھڑکن کی پیمائش کرتا ہے۔

آیئے ہم کریں گے

سٹیتھوسکوپ بنائیں :




سٹیتھوسکوپ ڈاکٹر دل کی دھڑکن سننے کے لیے استعمال کرتا ہے۔ سٹیتھوسکوپ بنانے کے لیے آپ کو ایک شفاف پلاسٹک کی نلی، ایک کیف اور ٹیپ کی ضرورت ہوگی۔ کیف کو شفاف پلاسٹک کی نلی کے ایک سرے پر ٹیپ سے چپکا دیں۔ پھر اپنے دوست سے کہیں کہ وہ کیف والا سرا آپ کے دل پر رکھے اور تیار شدہ سٹیتھوسکوپ کا دوسرا سرا اپنے کانوں میں رکھے۔ کیا اسے آپ کے دل کی دھڑکن سنائی دیتی ہے؟ اب تھوڑی دیر دوڑیں اور اپنے دوست سے دوبارہ اپنے دل کی دھڑکن سننے کو کہیں۔ کیا یہ بڑھ گئی ہے؟



آواز کیسی ہے؟ آواز کہاں سے آ رہی ہے؟ کیوں؟

Circulatory System :


The circulatory system consists of **the heart, blood, and blood vessels. The heart** pumps the blood through the **blood vessels** to all parts of the body.



Circulatory System

Blood vessels :

There are two types of blood vessels, **arteries and veins. Arteries** carry blood from the heart to all parts of the body. They carry **oxygenated (pure)** blood, except the **pulmonary arteries**, which carry blood without oxygen. **Veins** carry blood from the body back to the heart. They carry **deoxygenated (impure)** blood, except the pulmonary veins, which carry oxygen-rich blood to the heart from the lungs.



Heart

Heart :

The **heart** is located on the **left side** of the chest. The heart consists of four chambers. The upper two small chambers are **atria,** and the lower two big chambers are **ventricles**. It works like a motor pump. The heart makes the sound '**lub-dub**'.

Blood :


Blood transports the oxygen and nutrients **to all parts of the body. The nutrients are obtained from the food we eat. Blood helps us to regulate the body temperature and fight against the** disease-causing germs**. It also helps in removing waste materials like** carbon dioxide **from the body. We should eat healthy food to have sufficient blood in our body. Groundnuts, jaggery bars (chikkies), eggs, milk, leafy vegetables etc., must be taken.**

ASCERT

خون کا دورانی نظام :

دوران خون کا نظام دل، خون اور خون کی نالیوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

دل خون کی نالیوں کے ذریعے خون کو جسم کے تمام حصوں میں پمپ کرتا ہے۔



خون کا دورانی نظام

خون کی نالیاں :

خون کی نالیاں دو طرح کی ہوتی ہیں، شریانیں (arteries) اور وریدیں (veins)۔

شریانیں دل سے خون لے کر جسم کے تمام حصوں تک پہنچاتی ہیں۔

وہ آکسیجنی خون لے جاتی ہیں، سوائے ششی شریانوں کے،

جو غیر آکسیجنی خون لے جاتی ہیں۔ وریدیں جسم سے خون واپس دل تک لاتی ہیں۔

وہ غیر آکسیجنی خون لے جاتی ہیں، سوائے ششی وریدوں کے،

جو پھیپھڑوں سے آکسیجن سے بھرپور خون دل تک لاتی ہیں۔


دل :

دل سینے کے بائیں جانب واقع ہوتا ہے۔ دل چار خانوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

اوپر کے دو چھوٹے خانوں کو اذین (atria) اور نیچے کے دو بڑے خانوں کو

بطین (ventricles) کہتے ہیں۔ یہ ایک موٹر پمپ کی طرح کام کرتا ہے۔

دل سے 'لب-ڈب (lub-dub)' کی آواز آتی ہے۔



دل

خون :

خون آکسیجن اور غذائی اجزاء کو جسم کے تمام حصوں تک پہنچاتا ہے۔ غذائی اجزاء ہمارے کھائے ہوئے کھانے سے حاصل ہوتے ہیں۔ خون جسم کے درجہ حرارت کو برقرار رکھنے اور بیماری پیدا کرنے والے جراثیم کے خلاف لڑنے میں ہماری مدد کرتا ہے۔ یہ جسم سے کاربن ڈائی آکسائیڈ جیسے فضلے کو نکالنے میں بھی مدد کرتا ہے۔ ہمیں اپنے جسم میں مناسب مقدار میں خون رکھنے کے لیے صحت مند غذا کھانی چاہیے۔ مونگ پھلی، گڑ کی پٹی (چکی)، انڈے، دودھ اور پتوں والی سبزیاں وغیرہ ضرور لینی چاہئیں

© NCERT

Do You Know!

Haemoglobin is an iron rich protein in red blood cells. A deficiency of Red Blood Cells (RBC) causes Anemia. To prevent this, the Government of Andhra Pradesh is providing Iron Folic Acid tablets to all the students on every Thursday in the schools. You must take those tablets to improve the blood levels.



Let us discuss


- Which blood vessels transport the blood from the heart to all parts of the body?
- Which blood vessels transport the blood from the body parts to the heart?
- What is the instrument used by the doctor to measure heartbeat?

Complete the following table.

S.No	Who am I	What do I do
1.	Heart	
2.	Blood Vessels	
3.	Blood	

Excretory system :

After waking up in the morning, we feel like going to the toilet. After playing, our body becomes wet with sweat. Where do these wastes come from? Our body has a **purifi - cation system** to remove **impurities**. The system that removes excess and waste materials from the body fluids is called the **excretory system**. Our body mainly uses **kidneys, lungs, and skin** as the major excretory organs.



Excretory system

کیا آپ جانتے ہیں!

ہیموگلوبن سرخ جسیمیں میں آئرن سے بھرپور ایک پروٹین ہے۔ سرخ جسیموں (RBC) کی کمی، خون کی کمی (فقرالدم) کا باعث بنتی ہے۔ اس سے بچنے کے لیے، حکومت آندھرا پردیش اسکولوں میں ہر جمعرات کو تمام طلبہ کو آئرن فولک ایسڈ کی گولیاں فراہم کر رہی ہے۔ خون کی سطح کو بہتر بنانے کے لیے آپ کو یہ گولیاں ضرور لینی چاہئیں۔




آیئے بحث کریں گے

- کون سی خون کی نالیاں دل سے خون کو جسم کے تمام حصوں تک پہنچاتی ہیں؟
- کون سی خون کی نالیاں جسم کے حصوں سے خون کو واپس دل تک پہنچاتی ہیں؟
- ڈاکٹر دل کی دھڑکن ماپنے کے لیے کون سا آلہ استعمال کرتا ہے؟

درج ذیل جدول کو مکمل کیجیے۔

سلسلہ عدد	میں کون ہوں؟	میں کیا کر سکتا ہوں
1۔	دل	
2۔	خون کی نلیاں	
3۔	خون	


اخراجی نظام :



صبح جاگنے کے بعد، ہم بیت الخلا جانے کی ضرورت محسوس کرتے ہیں۔ کھیلنے کے بعد ہمارا جسم پسینے سے تر ہو جاتا ہے۔ یہ فضلے کہاں سے آتے ہیں؟ ہمارے جسم میں ناپاکیوں کو دور کرنے کے لیے ایک **صفائی کا نظام** (purification system) موجود ہے۔ وہ نظام جو جسم کے مائعات سے اضافی اور فضلے کے مواد کو نکالتا ہے **اخراجی نظام** کہلاتا ہے۔ ہمارا جسم بنیادی طور پر **گردوں، پھیپھڑوں اور جلد** کو بڑے اخراجی اعضاء کے طور پر استعمال کرتا ہے۔

Kidneys :

We have two **kidneys** located in the abdominal cavity, one on either side of the spine. Kidneys are **bean**-shaped organs. They filter the blood and remove impurities from it. These impurities are sent out in the form of urine. Let us observe the vertical section of the kidney.



vertical section of the kidney

Lungs :

Lungs are the spongy organs in our body. Lungs help in absorbing **oxygen** and releasing **carbon dioxide** from the blood. Carbon dioxide comes out during the exhalation process of breathing.



Lungs

Skin :

Skin is the **largest** and most visible **excretory** organ in our body. It contains **sweat glands**. It eliminates excess water and salts from the body in the form of sweat. The sweat comes out through the smallest pores (sweat pores) on the skin. We need to drink more water. This helps to eliminate waste from the body.



Skin




While walking along the road, we hear the sound of a bus horn. We immediately move aside. How are we able to move immediately after listening the sound?

Nervous system :

There is a network connection of nerves from head to toe in our body. The nerves **transmit messages** from all parts of the body to the brain and from the brain to all the body parts. The **brain** has **control** over the body through **nerves**. The brain, spinal cord and nerves are collectively called the **nervous system**.


The eyes, ears, nose, tongue, and skin are our sensory organs and are connected to the brain through nerves. When our sense organs feel any sensation, the nerves attached to these organs **transmit messages** to the brain. The brain identifies different types of messages and helps us to understand what we **see, hear, smell, taste and touch.**



Nervous system

APSCERT

گردے :


عمودی تراش


ہمارے پاس دو گردے ہوتے ہیں جو پیٹ کے حصے (abdominal cavity) میں ریڑھ کی ہڈی کے دونوں طرف واقع ہوتے ہیں۔ گردے **سیم کی بیج شکل** کے اعضاء ہیں۔ یہ خون کو چھانتے ہیں اور اس سے فاسد مادے دور کرتے ہیں۔ یہ فاسد مادے پیشاب کی صورت میں باہر نکال دی جاتی ہیں۔ آیئے گردے کے عمودی تراش کا مشاہدہ کریں۔

پھیپھڑے :


پھیپھڑے

پھیپھڑے ہمارے جسم میں اسفنج جیسے اعضاء ہیں۔ پھیپھڑے خون سے **کاربن ڈائی آکسائیڈ** خارج کرنے اور **آکسیجن** جذب کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ سانس دم براری (exhalation) کے عمل کے دوران باہر آتی ہے۔

جلد :



جلد

جلد ہمارے جسم کا **سب سے بڑا** اور سب سے زیادہ نظر آنے والا **اخراجی عضو** ہے۔ اس میں **پسینے کے غدود** (sweat glands) ہوتے ہیں۔ یہ پسینے کی صورت میں جسم سے اضافی پانی اور نمکیات کو خارج کرتی ہے۔ پسینہ جلد پر موجود چھوٹے سوراخوں (sweat pores) کے ذریعے باہر نکلتا ہے۔ ہمیں زیادہ پانی پینے کی ضرورت ہوتی ہے، یہ جسم سے فاسد مادے کے اخراج میں مدد دیتا ہے۔



سڑک پر چلتے ہوئے، ہم بس کے ہارن کی آواز سنتے ہیں۔ ہم فوراً ایک طرف ہو جاتے ہیں۔ آواز سننے کے فوراً بعد ہم کس طرح حرکت کرنے کے قابل ہوتے ہیں؟

عصبی نظام :



ہمارے جسم میں سر سے پاؤں تک اعصاب (nerves) کا ایک نیٹ ورک کنکشن ہوتا ہے۔ یہ اعصاب جسم کے تمام حصوں سے دماغ تک اور دماغ سے جسم کے تمام حصوں تک **پیغامات منتقل** کرتے ہیں۔ **دماغ** اعصاب کے ذریعے جسم پر کنٹرول رکھتا ہے۔ دماغ، نخاعی ڈور (spinal cord) اور اعصاب کو مجموعی طور پر **اعصابی نظام** کہا جاتا ہے۔

آنکھیں، کان، ناک، زبان اور جلد ہمارے حسی اعضاء (sensory organs) ہیں اور اعصاب کے ذریعے دماغ سے جڑے ہوئے ہیں۔ جب ہمارے حسی اعضاء کوئی بھی احساس محسوس کرتے ہیں، تو ان اعضاء سے جڑے اعصاب دماغ کو **پیغامات منتقل** کرتے ہیں۔ دماغ مختلف قسم کے پیغامات کی شناخت کرتا ہے اور ہمیں یہ سمجھنے میں مدد کرتا ہے کہ ہم کیا دیکھتے، سنتے، سونگھتے، چکھتے اور چھوتے ہیں۔



We can enjoy the colours of a butterfly, song of a cuckoo, fragrance of a Jasmine and softness of green grass only because of the effective functioning of the nervous system.

Our body is an amazing machine. All the systems in our body have to work together to keep us healthy. The digestive system digests the food. The respiratory system helps to release energy from the food. The circulatory system transports oxygen and nutrients to all the parts of the body. The excretory system collects waste products from all the parts and sends them out. The nervous system makes sure all other systems work together and respond properly.

We will learn about other systems present in our body in the higher classes.

We celebrate World Health Day on April 7th every year.



Key Words

internal organs, external organs, organ systems, skull, ribs, bones, digestion, muscle, heart, blood, brain, nerves, lungs, kidneys.



What we have learnt ?

- Our body is like a machine.
- Our body consists of external organs and internal organs
- A group of organs working together to perform a common work is called an organ system.
- Food we eat is digested in the stomach and small intestine.
- Energy is released in respiration.
- The inhalation and exhalation of air is called breathing.
- The heart has four chambers and circulates blood to all parts of the body.
- The skin, lungs and kidneys are the human excretory organs.
- The brain, spinal cord and nerves control the functions of body parts.

APSCERT



ہم تتلی کے رنگوں، کوئل کے گیت، چنبیلی کی خوشبو اور ہری گھاس کی نرمی سے صرف اعصابی نظام کی بہتر کارکردگی کی وجہ سے ہی لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔

ہمارا جسم ایک حیرت انگیز مشین ہے۔ ہمیں صحت مند رکھنے کے لیے ہمارے جسم کے تمام نظاموں کو مل کر کام کرنا پڑتا ہے۔ ہاضمی نظام کھانے کو ہضم کرتا ہے۔ تنفسی نظام کھانے سے توانائی خارج کرنے میں مدد کرتا ہے۔ دورانِ خون کا نظام جسم کے تمام حصوں تک آکسیجن اور غذائی اجزاء پہنچاتا ہے۔ اخراجی نظام تمام حصوں سے فاسد مادے کو اکٹھا کر کے باہر نکالتا ہے۔ اعصابی نظام اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ دیگر تمام نظام مل کر کام کریں اور صحیح ردعمل دیں۔

ہم جسم میں موجود دیگر نظاموں کے بارے میں اگلی کلاسوں میں سیکھیں گے۔

ہم ہر سال 7 اپریل کو صحت کا عالمی دن مناتے ہیں۔

کلیدی الفاظ

اندرونی اعضاء، بیرونی اعضاء، اعضاء کے نظام، کھوپڑی، پسلیاں، ہڈیاں، ہاضمہ، عضلات، دل، خون، دماغ، اعصاب، پھیپھڑے، گردے۔



ہم نے کیا سیکھا ؟

- ہمارا جسم ایک مشین کی طرح ہے۔
- ہمارا جسم بیرونی اور اندرونی اعضاء پر مشتمل ہوتا ہے۔
- کسی مشترکہ کام کو انجام دینے کے لیے مل کر کام کرنے والے اعضاء کے گروہ کو **اعضاء کا نظام** کہا جاتا ہے۔
- جو کھانا ہم کھاتے ہیں وہ معدے اور چھوٹی آنت میں ہضم ہوتا ہے۔
- عمل تنفس (respiration) میں توانائی خارج ہوتی ہے۔
- ہوا کو سانس کے ذریعے اندر لے جانے اور باہر نکالنے کو **سانس لینا** (breathing) کہتے ہیں۔
- دل کے چار خانے ہوتے ہیں اور یہ جسم کے تمام حصوں میں خون گردش کرتا ہے۔
- جلد، پھیپھڑے اور گردے انسانی اخراجی اعضاء ہیں۔
- دماغ، ریڑھ کی ہڈی اور اعصاب جسم کے حصوں کے افعال کو کنٹرول کرتے ہیں۔

AP SCERT




Improve your Learning

1. Name the organ systems in the human body.
2. Write the name of the organ that pumps blood.
3. Which organ system is responsible for the movement of our body?
4. What is the human body's nervous system primarily responsible for?

   A) Moving the body ( )

   B) Transporting nutrients

   C) Protecting organs

   D) Transmitting signals
5. How does the respiratory system help our body?
6. Why do we need the circulatory system?
7. Explain why all organ systems must work together.
8. 

   Which organ system is shown in the above picture and what is its main function? ( )

   A) Circulatory system - carrying blood

   B) Digestive system - breaking down food

   C) Respiratory system - taking in oxygen

   D) Nervous system - sending messages

ARSCERT



اپنے اکتساب کو بہتر بنائیں

1. انسانی جسم میں اعضاء کے نظاموں کے نام لکھیں۔
2. خون پمپ کرنے والے عضو کا نام لکھیں۔
3. جسم کی حرکت کے لیے کون سا اعضاء کا نظام ذمہ دار ہے؟
4. انسانی جسم کا اعصابی نظام بنیادی طور پر کس کام کا ذمہ دار ہے؟


(الف) جسم کی حرکت

(ب) غذائی اجزاء کی منتقلی

(ج) اعضاء کی حفاظت

(د) پیغامات کی منتقلی

5. تنفسی نظام ہمارے جسم کی کس طرح مدد کرتا ہے؟
6. ہمیں دوران خون کے نظام کی ضرورت کیوں ہے؟
7. وضاحت کریں کہ تمام اعضاء کے نظاموں کا مل کر کام کرنا کیوں ضروری ہے۔
8.



اوپر دی گئی تصویر میں اعضاء کا کون سا نظام دکھایا گیا ہے اور اس کا بنیادی کام کیا ہے؟

(الف) دوران خون کا نظام- خون لے جانا

(ب) ہاضمی نظام- کھانے کو توڑنا (ہضم کرنا)

(ج) تنفسی نظام- آکسیجن لینا

(د) عصبی نظام- پیغامات بھیجنا

ARSCERT

9. After eating food, what happens to the food inside your body? Name the system involved.

10. Place your hand on your chest and feel your heartbeat. Which organ are you feeling, and what is its function?

11. Riya runs for 2 minutes and notices that her breathing becomes faster and her heart beats quicker. ( )

    Which two organ systems are mainly working harder?

    A) Skeletal and digestive systems

    B) Digestive and nervous systems

    C) Respiratory and circulatory systems

    D) Muscular and excretory systems

12. Match the following:

Organ		**Organ System**
i) Heart	( )	A) Nervous system
ii) Lungs	( )	B) Circulatory system
iii) Stomach	( )	C) Respiratory system
iv) Brain	( )	D) Digestive system

13. Compare the digestive system and respiratory system. Write one difference.

14. What may happen if one organ system does not work properly? Explain with one example.

15. Is it important to eat healthy food for the proper working of organ systems? Why?

16. Do you agree that our body is an amazing machine? Give one reason.

17. Write two sentences appreciating how different organ systems work together.

18. Prepare a short slogan on 'Taking care of our body'.

AP SCERT

9. کھانا کھانے کے بعد، آپ کے جسم کے اندر کھانے کا کیا ہوتا ہے؟ اس میں شامل نظام کا نام بتائیں۔

10. اپنا ہاتھ اپنے سینے پر رکھیں اور اپنے دل کی دھڑکن محسوس کریں۔ آپ کس عضو کو محسوس کر رہے ہیں، اور اس کا کام کیا ہے؟

11. ریا 2 منٹ تک دوڑتی ہے اور محسوس کرتی ہے کہ اس کی سانس تیز ہو گئی ہے اور اس کے دل کی دھڑکن بھی تیز ہو گئی ہے۔

کون سے دو اعضاء کے نظام بنیادی طور پر زیادہ کام کر رہے ہیں؟

(الف) ڈھانچہ (Skeletal) اور ہاضمی نظام

(ب) ہاضمی نظام اور اعصابی نظام

(ج) تنفسی نظام اور دوران خون کا نظام

(د) عضلاتی (Muscular) اور اخراجی نظام

12. جوڑ ملائیں:

عضو (Organ)		اعضاء کا نظام (Organ System)
i) دل	( )	(الف) اعصابی نظام
ii) پھیپھڑے	( )	(ب) دورانِ خون کا نظام
iii) معدہ	( )	(ج) تنفسی نظام
iv) دماغ	( )	(د) ہاضمی نظام

13. ہاضمی نظام اور تنفسی نظام کا موازنہ کریں۔ ایک فرق لکھیں۔

14. اگر ایک اعضاء کا نظام صحیح طریقے سے کام نہ کرے تو کیا ہو سکتا ہے؟ ایک مثال کے ساتھ وضاحت کریں۔

15. کیا اعضاء کے نظام کی مناسب کارکردگی کے لیے صحت مند کھانا ضروری ہے؟ کیوں؟

16. کیا آپ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ ہمارا جسم ایک حیرت انگیز مشین ہے؟ ایک وجہ بتائیں۔

17. مختلف اعضاء کے نظام مل کر کیسے کام کرتے ہیں، اس کی تعریف میں دو جملے لکھیں۔

18. 'اپنے جسم کی دیکھ بھال' پر ایک مختصر نعرہ (Slogan) تیار کریں۔

AP SCERT



Food and Food Production



J6A9W4

Learning outcomes:

Pupils will be able to ...

- Know the importance of eating varieties of food. (CG -3)
- Classify the food we eat. (CG -3)
- Follow healthy food habits and good lifestyles. (CG -3)
- Know about different stages of cultivation of paddy. (CG -4)
- Explain different types of irrigation methods. (CG -4)
- Identify different farming tools. (CG -4)
- Understand the importance of organic farming. (CG -2)
- Gain knowledge about the crops grown in our state. (CG -1)

Observe the following picture and answer the following questions.



- What are the students doing?
- Do all your family members eat together every day?
- What might happen if we skip our breakfast or lunch?
- Why should we eat different types of food?

Importance of eating varieties of food :

Eating a **variety of food** is really important. It ensures that our body receives a wide range of essential **nutrients** like **vitamins, minerals, carbohydrates, and proteins.** These are essential for **energy**, **body functions**, **growth, and repairs of the body.** Different types of food provide different nutrients, so a diverse diet helps us to get all the necessary components that our body needs.



باب 5

غذا اور غذا کی پیداوار



Z1K1N6

اکتسابی نتائج :

طلبہ اس قابل بنیں گے:

- مختلف اقسام کی غذا کھانے کی اہمیت کو جان سکیں گے۔(CG-3)
- جو غذا ہم کھاتے ہیں اس کی درجہ بندی کر سکیں گے۔(CG-3)
- کھانے پینے کی صحت مند عادات اور طرزِ زندگی اپنا سکیں گے۔(CG-3)
- دھان (چاول) کی کاشت کے مختلف مراحل کے بارے میں جان سکیں گے۔(CG-4)
- آبپاشی کے مختلف طریقوں کی وضاحت کر سکیں گے۔(CG-4)
- کھیتی باڑی کے مختلف اوزاروں کی شناخت کر سکیں گے۔(CG-4)
- نامیاتی کاشتکاری (Organic farming) کی اہمیت کو سمجھ سکیں گے۔(CG-2)
- ہماری ریاست میں اگنے والی فصلوں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں گے۔(CG-1)

درج ذیل تصویر کا مشاہدہ کریں اور سوالات کے جواب دیں۔



- طلبہ کیا کر رہے ہیں؟
- کیا آپ کے گھر کے تمام افراد روزانہ ایک ساتھ کھانا کھاتے ہیں؟
- اگر ہم ناشتہ یا دوپہر کا کھانا نہ کھائیں تو کیا ہو سکتا ہے؟
- ہمیں مختلف اقسام کی خوراک کیوں کھانی چاہیے؟

مختلف اقسام کی غذا کھانے کی اہمیت ۔

مختلف اقسام کی غذا (Variety of food) کھانا بہت ضروری ہے۔ یہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ہمارے جسم کو ضروری مقویات (Nutrients) جیسے کہ وٹامنز، معدنیات، کاربوہائیڈریٹس اور پروٹینس وافر مقدار میں مل سکیں۔ یہ تمام اجزاء جسم کی توانائی، افعال، نشوونما اور مرمت کے لیے انتہائی ضروری ہیں۔ غذا کی مختلف اقسام مختلف مقویات فراہم کرتی ہیں، اس لیے متنوع غذا ہمیں وہ تمام ضروری اجزاء حاصل کرنے میں مدد دیتی ہے جن کی ہمارے جسم کو ضرورت ہوتی ہے۔



Our health depends on the food we eat. So, our food should contain carbohydrates, proteins, fats, minerals and vitamins also.

Types of food :

Let us know different types of food for proper growth, good health and adequate energy.

Food that gives energy

Carbohydrates give us energy. So, we should take the food that gives us energy. Rice, wheat, sorghum (jonnalu), maize, millets, potatoes, jaggery, sweet potatoes, etc,. are the sources of carbohydrates.






Food that helps growth

Green gram, chickpeas, black gram, bengal gram, peas, lentils, pulses, eggs, and meat are rich sources of proteins. Proteins help us to grow stronger. They give us energy also.

Food for Good Health

We maintain health by eating fruits, vegetables, greens, sprouts and fermented food like idly, dosa etc. They protect us from diseases.





Do You Know !

The food which has all nutrients in correct proportion is called a balanced diet.

APSCERT



ہماری صحت کا دارومدار اس غذا پر ہے جو ہم کھاتے ہیں۔ لہٰذا، ہماری غذا میں کاربوہائیڈریٹس، پروٹین، چکنائی (فیٹس)، معدنیات اور وٹامنز بھی شامل ہونے چاہئیں۔

غذا کی اقسام :

ہماری صحت کا دارومدار اس غذا پر ہے جو ہم کھاتے ہیں۔ مناسب نشوونما، اچھی صحت اور کافی توانائی کے لیے غذا کے درج ذیل اقسام ہیں۔

توانائی دینے والی غذا



کاربوہائیڈریٹس ہمیں توانائی دیتے ہیں۔ اس لیے ہمیں وہ غذا لینی چاہیے جو ہمیں توانائی فراہم کرے۔ چاول، گندم، جوار، مکئی، باجرہ، آلو، گڑ اور شکر قندی وغیرہ کاربوہائیڈریٹس کے ذرائع ہیں۔

نشوونما میں مدد دینے والی غذا



مونگ، چنے، ماش، چنے کی دال، مٹر، مسور، دالیں، انڈے اور گوشت پروٹین کے بھرپور ذرائع ہیں۔ پروٹین ہمیں مضبوط بنانے میں مدد دیتے ہیں۔ یہ ہمیں توانائی بھی فراہم کرتے ہیں۔

اچھی صحت کے لیے غذا



ہم پھل، سبزیاں، اچھے ہوئے بیج اور خمیر شدہ اشیاء جیسے کہ اڈلی، ڈوسہ وغیرہ کھا کر اپنی صحت برقرار رکھتے ہیں۔ یہ ہمیں بیماریوں سے محفوظ رکھتی ہیں۔

کیا آپ جانتے ہیں!



وہ غذا جس میں تمام مقویات صحیح تناسب میں موجود ہوں، اسے **متوازن غذا** کہا جاتا ہے۔

© NCERT

Healthy food habits and good lifestyles :

- Overeating is not advisable, as it leads to obesity and other diseases.
- Too much eating of sugar-based food like pizza, burgers etc. also may lead to obesity, diabetes, and other chronic diseases.
- Good eating habits and a good lifestyle can easily avoid most diseases.
- Do physical exercises and yoga every day.
- Drink sufficient water to eliminate toxins from our body.
- Don't drink more water while eating food.
- Do have sufficient sleep.
- We can prevent diseases by making these small changes in our food habits and lifestyle.

Rice is a common food for us :

Agriculture is the practice of cultivating land and growing crops. In Andhra Pradesh, rice is the main food. The rice we eat is obtained from paddy.



Do you know how paddy is grown? There are different phases in the cultivation process of paddy. Farmers plough, water, transplant, weed, fertilize and protect the crop, then store the grains.

Different stages of cultivating Paddy :

1. Growing seedlings from paddy seeds.



Farmers first select some portion of the total land for growing of **seedlings** in a paddy block. For this they plough that portion thoroughly, fill it with water, level that part, then sprinkle the seeds uniformly. The seeds will germinate and will get ready to transplant in **30 days**.

2. Ploughing & watering the main field.

While preparing the paddy block, the farmers plough the main land thoroughly either by **bullocks** or by **tractors.** Then water that land completely. After providing sufficient water, they level the field with the help of the tractor-mounted leveller.

صحت مند غذائی عادات اور بہترین طرز زندگی:

- ضرورت سے زیادہ کھانا مناسب نہیں ہے، کیونکہ یہ موٹاپے اور دیگر بیماریوں کا سبب بنتا ہے۔
- چینی (شکر) سے بنی اشیاء جیسے پیزا، برگر وغیرہ کا زیادہ استعمال موٹاپے، ذیابیطس اور دیگر دائمی بیماریوں کا باعث بن سکتا ہے۔
- کھانے پینے کی اچھی عادات اور بہتر طرزِ زندگی اپنا کر اکثر بیماریوں سے با آسانی بچا جا سکتا ہے۔
- روزانہ جسمانی ورزش اور یوگا کریں۔
- جسم سے زہریلے مادوں کے اخراج کے لیے کافی مقدار میں پانی پیئیں۔
- کھانا کھاتے وقت زیادہ پانی نہ پیئیں۔
- بھرپور نیند لیں۔
- ہم اپنی غذائی عادات اور طرزِ زندگی میں یہ چھوٹی چھوٹی تبدیلیاں لا کر بیماریوں سے بچ سکتے ہیں۔

چاول ہماری عام غذا ہے:



زراعت زمین کی کاشت اور فصلیں اگانے کا نام ہے۔ آندھرا پردیش میں چاول اہم غذا ہے۔ جو چاول ہم کھاتے ہیں وہ دھان سے حاصل ہوتا ہے۔

کیا آپ جانتے ہیں کہ دھان کیسے اگایا جاتا ہے؟ دھان کی کاشت کے عمل کے مختلف مراحل ہوتے ہیں۔ کسان ہل چلاتے ہیں، پانی دیتے ہیں، تخمی پودوں کی منتقلی کرتے ہیں، ہرزے نکالتے ہیں، کھاد ڈالتے ہیں، فصل کی حفاظت کرتے ہیں اور پھر اناج کو ذخیرہ کرتے ہیں۔

دھان کی کاشت کے مختلف مراحل: 1 ۔ دھان کے بیجوں سے تخمی پودے اگانا



کسان سب سے پہلے کل زمین کا کچھ حصہ دھان کے بلاک میں پودے اگانے کے لیے منتخب کرتے ہیں۔ اس کے لیے وہ اس حصے میں اچھی طرح ہل چلاتے ہیں، اسے پانی سے بھر دیتے ہیں اور زمین کو ہموار کرتے ہیں، پھر یکساں طور پر بیج چھڑک دیتے ہیں۔ بیج اگنا شروع ہو جائیں گے اور 30 دنوں میں منتقلی کے لیے تیار ہو جائیں گے۔

2۔ مرکزی کھیت میں ہل چلانا اور پانی دینا ۔

دھان کا بلاک تیار کرتے وقت، کسان مرکزی زمین میں بیل یا ٹریکٹر کے ذریعے اچھی طرح ہل چلاتے ہیں۔ پھر اس زمین کو مکمل طور پر پانی دیتے ہیں۔ کافی پانی دینے کے بعد، وہ ٹریکٹر کے ساتھ لگے لیولر کی مدد سے کھیت کو ہموار کرتے ہیں۔





3. Transplantation

The farmers transplant the paddy seedlings from the paddy blocks into the main field.



In the traditional method of transplantation, seedlings are picked from the paddy block and transplanted into the main field manually.

In the modern method of transplantation, they transplant with the help of a tractor-mounted seedling instrument. Nowadays some farmers are directly sprinkling the paddy seeds into the main farming land without growing seedlings separately in the paddy blocks.



4. Fertilizing

Farmers spread the **manure** in their fields at the beginning of farming. For getting better yield, again they sprinkle fertilizers in 3 or 4 stages of the crop. In this way, plants get more nutrients from the soil. Using natural **manure and compost** is better for a **good yield.** The farmers also use **chemical Fertilizers** for higher **yield.** Weeding is also essential for good yield. Removing unwanted plants from the crop plants is called weeding.







3۔ تخمی پودوں کی منتقلی

کسان دھان کے تخمی پودوں کو بلاک سے نکال کر مرکزی کھیت میں منتقل کرتے ہیں۔



تخمی پودوں منتقلی کے روایتی طریقے میں، تخمی پودوں کو ہاتھوں کے ذریعے اکھاڑا جاتا ہے اور پھر ہاتھوں ہی سے مرکزی کھیت میں بویا جاتا ہے۔



تخمی پودوں کے منتقلی کے جدید طریقے میں، کسان ٹریکٹر کے ساتھ لگی ہوئی پودے لگانے والی مشین کی مدد سے منتقلی کرتے ہیں۔ آج کل کچھ کسان تخمی پودوں کو دھان کے بلاکس میں الگ سے اگائے بغیر، براہِ راست مرکزی کھیت میں دھان کے بیجوں کا چھڑکاؤ بھی کر رہے ہیں۔


4۔ کھاد ڈالنا

کسان کھیتی کے آغاز میں اپنے کھیتوں میں **قدرتی کھاد** پھیلاتے ہیں۔ بہتر پیداوار حاصل کرنے کے لیے، وہ فصل کے 3 یا 4 مراحل پر دوبارہ کھاد کا چھڑکاؤ کرتے ہیں۔ اس طرح پودوں کو مٹی سے زیادہ مقویات ملتی ہے۔ اچھی پیداوار کے لیے قدرتی کھاد اور **کمپوسٹ** کا استعمال زیادہ بہتر ہے۔ کسان زیادہ پیداوار کے لیے **کیمیائی کھادیں** بھی استعمال کرتے ہیں۔ اچھی فصل کے لیے **نرائی (Weeding)** بھی ضروری ہے۔ فصل کے پودوں کے درمیان سے غیر ضروری ہرزوں کو ہٹانے کے عمل کو نرائی کرنا کہا جاتا ہے۔



5. Crop protection.

Crops get affected by different diseases and pests. To control diseases and pests, farmers usually spray some pesticides. For this, they use sprayers. Nowadays they are using drones for spraying. Farmers use many types of **pesticides** at different stages of the crop to protect the crop from various types of **pests and diseases**.





Do You Know !

Using natural methods of controlling pests is always suggested for quality yield. Using chemical pesticides on crops can lead to health hazards like cancer.

6. Harvesting

Farmers **thresh** the paddy crop that has reached the **ripe stage.** There are two types of methods in harvesting.

In the traditional method, farmers cut the crop and let it dry for a week before threshing the paddy.





AP SCERT

5۔ فصلوں کی حفاظت :

فصلیں مختلف بیماریوں اور کیڑوں سے متاثر ہوتی ہیں۔ ان بیماریوں اور کیڑوں پر قابو پانے کے لیے کسان عام طور پر کچھ کیڑے مار ادویات کا چھڑکاؤ کرتے ہیں۔ اس کے لیے وہ اسپرے کرنے والی مشینوں کا استعمال کرتے ہیں۔ آج کل چھڑکاؤ کے لیے ڈرون کا استعمال بھی کیا جارہا ہے۔ کسان فصل کے مختلف مراحل پر اسے مختلف قسم کے **کیڑوں اور بیماریوں** سے بچانے کے لیے کئی طرح کی **کیڑے مار ادویات** استعمال کرتے ہیں۔





کیا آپ جانتے ہیں !

بہتر معیار کی پیداوار حاصل کرنے کے لیے ہمیشہ کیڑوں پر قابو پانے کے قدرتی طریقے تجویز کیے جاتے ہیں۔ فصلوں پر کیمیائی کیڑے مار ادویات کا استعمال کینسر جیسے صحت کے خطرات کا باعث بن سکتا ہے۔

6۔ فصل کی کٹائی (Harvesting)

جب دھان کی فصل **پک** کر تیار ہو جائے تو کسان اس کی **کٹائی اور گہائی** کرتے ہیں۔ کٹائی کے دو طریقے ہیں **روایتی طریقے** میں کسان فصل کو کاٹتے ہیں اور دھان کی گہائی کرنے سے پہلے اسے ایک ہفتے تک خشک ہونے دیتے ہیں۔





In the modern method, farmers directly thresh the crop with the help of a **threshing machine** (**harvester**) and collect the grain in bags.



7. Preserving and marketing.



Paddy is **packed in gunny bags and stored in godowns.** Farmers use some paddy for **family needs** and **sell** the remaining in the **market.** Some farmers take the paddy bags directly to the **government agricultural market yards** for sale. Some farmers sell it to local traders.

8. Role of Government

The state government, through its **Agricultural Marketing Department**, collects some paddy from farmers at government market yards. It also collects some paddy from **millers** and **distributes** the collected rice to all the **poor people** of the state through the **State Civil Supplies Department. The central government** also collects the paddy from the millers through the **Food Corporation of India**, stores it in its **F.C.I** godowns, and distributes it to the **needy states**. The millers **export** the remaining paddy to other countries.

We celebrate 'National Farmers Day' on December 23rd to honour the farmers who feed our nation.

Activity

Let us arrange the stages of cultivation in a sequential order.



( )



( )



( )



( )

APSCERT



جدید طریقے میں، کسان تھریشنگ مشین (ہارویسٹر) کی مدد سے براہ راست فصل کی گہائی کرتے ہیں اور اناج کو تھیلوں میں جمع کرتے ہیں۔

7۔ ذخیرہ اندوزی اور مارکیٹنگ:

دھان کو جوٹ کے تھیلوں (بوروں) میں پیک کیا جاتا ہے اور گوداموں میں ذخیرہ کیا جاتا ہے۔ کسان کچھ دھان خاندان کی ضروریات کے لیے استعمال کرتے ہیں اور باقی مارکیٹ میں فروخت کر دیتے ہیں۔ کچھ کسان دھان کے تھیلے براہِ راست حکومت کے زرعی مارکیٹ یارڈز میں فروخت کے لیے لے جاتے ہیں۔ کچھ کسان اسے مقامی تاجروں کو فروخت کرتے ہیں۔




ریاستی حکومت کے زرعی مارکیٹ یارڈز سے کسانوں سے کچھ دھان

8. حکومت کا کردار: **ریاستی حکومت**، اپنے محکمہ زرعی مارکیٹنگ کے ذریعے کسانوں سے کچھ دھان جمع کرتی ہے۔ یہ مل مالکان (Millers) سے بھی کچھ دھان اکٹھا کرتی ہے اور جمع شدہ چاول کو محکمہ شہری رسد (State Civil Supplies Department) کے ذریعے ریاست کے تمام غریب لوگوں میں تقسیم کرتی ہے۔ **مرکزی حکومت** فوڈ کارپوریشن آف انڈیا (F.C.I) کے ذریعے مل مالکان سے دھان اکٹھا کرتی ہے، اسے اپنے گوداموں میں محفوظ کرتی ہے اور ضرورت مند ریاستوں میں تقسیم کرتی ہے۔ مل مالکان باقی بچا ہوا دھان دوسرے ممالک کو برآمد (Export) کرتے ہیں۔

ہم اپنی قوم کو کھلانے والے کسانوں کے اعزاز میں 23 دسمبر کو **'قومی یوم کسان'** مناتے ہیں۔

مشغلہ آیئے کاشتکاری کے مراحل کو ترتیب وار ترتیب دیں۔



( )



( )



( )



( )

Some of the crop-friendly and some of the crop harming insects :



Crop friendly insects



Crop harming insects

Can you name some of the insects?

1. Some crop friendly insects are Ladybird beetle, Honey bee, Lacewing, Grasshopper.
2. Some crop harming insects are Stem borer, leaf folder, planthopper.

Let us Do

With the help of your teacher or parents, collect information on insects mentioning how they help or harm the crops, and prepare a chart.

Irrigation and types of irrigation :

Supplying water to the field for cultivation is called irrigation. There are 4 major types of irrigation methods.

1. Field irrigation
2. Furrow irrigation
3. Sprinkler irrigation
4. Drip irrigation.

1. Field irrigation :

Field irrigation is the supply of water to the entire field. Farmers directly supply water to the field from bore wells or from canals. This is the best process for crops like paddy.



APSCERT

فصلوں کے لیے کچھ دوست اور کچھ نقصان دہ حشرات :



فصل دوست حشرات



فصل کے لیے نقصان دہ حشرات

کیا آپ ان میں سے کچھ حشرات کے نام بتا سکتے ہیں؟

1. کچھ فصل دوست حشرات یہ ہیں: لیڈی برڈ بیٹل، شہد کی مکھی، لیس ونگ اور مکڑا۔
2. کچھ فصل کے لیے نقصاندہ حشرات یہ ہیں: تنے کا بورر (Stem borer)، پتوں کو لپیٹنے والا کیڑا (Leaf folder) اور پلانٹ ہاپر۔

آیئے ہم کریں گے

اپنے استاد یا والدین کی مدد سے حشرات کے بارے میں معلومات جمع کریں کہ وہ فصلوں کو کس طرح فائدہ یا نقصان پہنچاتے ہیں، اور ایک چارٹ تیار کریں۔

آبپاشی اور آبپاشی کی اقسام :

کاشت کے لیے کھیت کو پانی فراہم کرنے کے عمل کو آبپاشی کہا جاتا ہے۔

آبپاشی کے 4 بڑے طریقے ہیں۔

1. کھلی آبپاشی (Field irrigation)
2. نالیوں کے ذریعے آبپاشی (Furrow irrigation)
3. چھڑکاؤ کے ذریعے آبپاشی (Sprinkler irrigation)
4. تقاطیر آبپاشی (Drip irrigation)



1. کھلی آبپاشی :

کھلی آبپاشی سے مراد پورے کھیت کو پانی کی فراہمی ہے۔

کسان بورویل یا نہروں سے براہِ راست کھیت کو پانی دیتے ہیں۔

یہ طریقہ دھان جیسی فصلوں کے لیے بہترین عمل ہے۔

AP SCERT

2. Furrow irrigation :

Furrows and trenches are dug in the field. The water is supplied through these furrows to the plants. This is the best irrigation process for crops that require less water.



3. Sprinkler irrigation :

This is the method of supplying water in a controlled manner in a way similar to rainfall by using sprinklers. This method is used in dryland crops. Whenever there is less rain fall, this method can be adopted for the crops. This is also the best method to grow the crops with less water.



4. Drip irrigation :

The supply of water to the plants through water pipes. They have holes through which water drips in the soil. The water is provided directly to the roots. This type of irrigation is beneficial in drought areas where water is scarce.



Do You Know !

Farmers grow various crops depending on the availability of water.

- Where water is abundant, they grow crops like paddy and sugarcane.
- Where there are lower water storage resources like ponds, wells etc., there grow semi dry crops like Chilli, Cotton, Papaya, Guava, Lemon, Pomegranate, Marigold, Jasmine etc.
- Where there is no sufficient availability of water, they grow rain-fed crops like Kandi (Red gram), Minumu (Black gram), Pesara (Green gram), Sajja (Pearl millet), Jonna (Jowar) depending only on the rainfall.



2۔ نالیوں کے ذریعے آبپاشی :(Furrow irrigation)

کھیت میں چھوٹی نالیاں اور خندقیں کھودی جاتی ہیں۔ ان نالیوں کے ذریعے پودوں کو پانی فراہم کیا جاتا ہے۔ یہ ان فصلوں کے لیے آبپاشی کا بہترین طریقہ ہے جنہیں کم پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔



3۔ چھڑکاؤ کے ذریعے آبپاشی :(Sprinkler irrigation)

یہ فواروں کے استعمال سے بارش کی طرح کنٹرول شدہ طریقے سے پانی فراہم کرنے کا طریقہ ہے۔ یہ طریقہ خشک زمین کی فصلوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ جب کبھی بارش کم ہو تو فصلوں کے لیے یہ طریقہ اپنایا جاسکتا ہے۔ کم پانی میں فصلیں اگانے کا یہ بھی ایک بہترین طریقہ ہے۔



4۔ تقاطیر آبپاشی :(Drip irrigation)

پانی کے پائپوں کے ذریعے پودوں کو پانی کی فراہمی کا عمل۔ ان پائپوں میں سوراخ ہوتے ہیں جن کے ذریعے پانی مٹی میں گرتا ہے۔ پانی براہِ راست جڑوں کو فراہم کیا جاتا ہے۔ آبپاشی کی یہ قسم ان خشک سالی والے علاقوں میں فائدہ مند ہے جہاں پانی کی قلت ہوتی ہے۔



کیا آپ جانتے ہیں!

کسان پانی کی دستیابی کے لحاظ سے مختلف فصلیں اگاتے ہیں۔

- جہاں پانی وافر مقدار میں ہو، وہاں وہ دھان اور گنے جیسی فصلیں اگاتے ہیں۔
- جہاں پانی کے ذخیرے کے وسائل جیسے تالاب، کنویں وغیرہ کم ہوں، وہاں وہ نیم خشک فصلیں اگاتے ہیں جیسے مرچ، کپاس، پپیتا، امرود، لیموں، انار، گیندا اور چنبیلی وغیرہ۔
- جہاں پانی کی کافی دستیابی نہ ہو، وہاں وہ صرف بارش پر منحصر فصلیں اگاتے ہیں جیسے کاندھی (ارہر)، منومو (ماش)، پیسارا (مونگ)، سجا (باجرہ) اور جونا (جوار)۔

Have you ever seen these agricultural tools?



Water lifting device



Wood Plough



Traditional seeder



Sickle

Traditional tools of agriculture




Modern tools of agriculture

کیا آپ نے کبھی یہ زرعی آلات دیکھے ہیں؟



لکڑی کا ہل




پانی نکالنے کا آلہ



درانتی



روایتی بیج بونے والا آلہ



زراعت کے جدید آلات

EXERCISE :

Put a tick (✓) for true sentence and a cross (✗) for false sentence in the given brackets.

a) Farmers in olden days used wooden plough to till the soil. ( )
b) Wooden seed planter is an example of modern agricultural tools. ( )
c) Bullocks were used to pull traditional ploughs. ( )
d) Harvesters help farmers cut and collect crops in modern farming. ( )
e) Sickles are traditional tools used for cutting crops by hand. ( )
f) Drones are used in traditional farming to spray fertilizers. ( )
g) Traditional tools always work faster than modern machines. ( )
h) Power tillers help farmers to prepare soil in traditional ploughing. ( )
i) Water wheels (chakrams) were used in the past to lift water from wells.( )
j) Modern irrigation systems like drip irrigation save water in farming. ( )

Organic Farming :



To get high yield, farmers are using **chemical fertilizers** and **pesticides** indiscriminately. Usage of chemicals causes diseases like **cancer.** So, farmers are advised to follow **organic farming** methods. Organic farming is a method of **crop and livestock production** that involves **natural and conventional** ways of farming. Farmers use **organic manure** such as cow dung, cattle waste, vermicompost, oil cakes and biological wastes. It does not need any expenditure. So, this is called **'Zero Budget Natural Farming'** (ZBNF). Organic farming is better for the environment. Organic farming practices reduces pollution of soil and water, reduces soil erosion, increases soil fertility, and is less expensive.

Crops in our state :

Rice is the major food crop in our state. Agriculture is the main occupation of about 62% of the people. Maize, jowar, bajra, ragi, other millets, pulses, tobacco, cotton and sugarcane are the important crops of our state.

APSCERT

مشق : دیے گئے قوسین میں صحیح جملے کے لیے (✓) اور غلط جملے کے لیے (×) کا نشان لگائیں۔

الف) پرانے زمانے میں کسان مٹی تیار کرنے کے لیے لکڑی کا ہل استعمال کرتے تھے۔ ( )

ب) لکڑی کا بیج بونے والا آلہ جدید زرعی آلات کی ایک مثال ہے۔ ( )

ج) روایتی ہل چلانے کے لیے بیلوں کا استعمال کیا جاتا تھا۔ ( )

د) ہارویسٹر جدید کھیتی باڑی میں کسانوں کو فصل کاٹنے اور جمع کرنے میں مدد دیتے ہیں۔ ( )

ہ) درانتی ہاتھ سے فصل کاٹنے کے لیے استعمال ہونے والا ایک روایتی آلہ ہے۔ ( )

و) روایتی کھیتی باڑی میں کھاد چھڑکنے کے لیے ڈرون استعمال کیے جاتے ہیں۔ ( )

ز) روایتی آلات ہمیشہ جدید مشینوں سے زیادہ تیزی سے کام کرتے ہیں۔ ( )

ح) پاور ٹیلر روایتی ہل چلانے میں کسانوں کی مدد کرتے ہیں۔ ( )

ط) ماضی میں کنوؤں سے پانی نکالنے کے لیے رہٹ (چکرم) استعمال کیے جاتے تھے۔ ( )

ی) جدید آبپاشی کے نظام جیسے ڈرپ اری گی شن کھیتی باڑی میں پانی بچاتے ہیں۔ ( )

نامیاتی کھیتی :



زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لیے کسان اندھا دھند کیمیائی کھادوں اور کیڑے مار ادویات کا استعمال کر رہے ہیں۔ کیمیکلز کا استعمال کینسر جیسی بیماریوں کا باعث بنتا ہے۔ اس لیے کسانوں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ نامیاتی کھیتی (آرگینک فارمنگ) کے طریقے اپنائیں۔ نامیاتی کھیتی فصلوں اور مویشیوں کی پیداوار کا ایک ایسا طریقہ ہے جس میں کھیتی باڑی کے قدرتی اور روایتی طریقے شامل ہیں۔ کسان نامیاتی کھاد استعمال کرتے ہیں جیسے گائے کا گوبر، مویشیوں کا فضلہ، ورمی کمپوسٹ، کھلی (oil cakes) اور حیاتیاتی فضلے۔ اس میں کسی خرچ کی ضرورت نہیں ہوتی، اسی لیے اسے 'زیرو بجٹ نیچرل فارمنگ (ZBNF)' کہا جاتا ہے۔ نامیاتی کھیتی ماحول کے لیے بہتر ہے۔ نامیاتی کھیتی کے طریقے مٹی اور پانی کی آلودگی کو کم کرتے ہیں، زمین کے کٹاؤ کو روکتے ہیں، مٹی کی زرخیزی بڑھاتے ہیں اور یہ کم مہنگے ہیں۔

ہماری ریاست کی فصلیں :


چاول ہماری ریاست کی اہم غذائی فصل ہے۔ تقریباً 62 فیصد لوگوں کا اہم پیشہ زراعت ہے۔ مکئی، جوار، باجرہ، راگی، دیگر اناج، دالیں، تمباکو، کپاس اور گنا ہماری ریاست کی اہم فصلیں ہیں۔

Let us do :

Collect the information from the internet and other sources and fill the table.

S.No	Name of the district	Crops	S.No	Name of the district	Crops
1	Parvathipuram		14	Guntur	
2	Srikakulam		15	Bapatla	
3	Vijayanagaram		16	Palnadu	
4	Visakhapatnam		17	Prakasam	
5	Alluri Sita Rama Raju		18	Kurnool	
6	Anakapalli		19	Nandyala	
7	Kakinada		20	Y.S.R. Kadapa	
8	East Godavari		21	Nellore	
9	Dr. B.R. Ambedhkar konaseema		22	Anantapuram	
10	West Godavari		23	Sri Satya Sai	
11	Eluru		24	Annamayya	
12	Krishna		25	Tirupati	
13	N.T.R.		26	Chittoor	

Write the district name and the main crops grown there on the map below.



Ex: 1. Konaseema (Paddy)

Ex: 2. Guntur (Mirchi)

Identify the crop that is grown in the most distrits based on the map.


AP SCERT

آیئے ہم کریں گے

انٹرنیٹ اور دیگر ذرائع سے معلومات جمع کریں اور جدول (ٹیبل) کو پُر کریں۔

سلسلہ عدد	ضلع کا نام	فصلیں	سلسلہ عدد	ضلع کا نام	فصلیں
.1	پاروتھی پورم		.14	گنٹور	
.2	سری کاکلم		.15	باپٹلا	
.3	وجیانگرم		.16	پلناڈو	
.4	وشاکھاپٹنم		.17	پرکاشم	
.5	الوری سیتارام راجو		.18	کرنول	
.6	اناکاپلی		.19	نندیال	
.7	کاکی ناڈا		.20	وئی-یس-آر کڈپا	
.8	مشرقی گوداوری		.21	نلور	
.9	ڈاکٹر بی-آر-امبیدکر کونا سیما		.22	سری پوترم	
.10	مغربی گوداوری		.23	سری ستیا سائی	
.11	ایلور		.24	انامیا	
.12	کرشنا		.25	تروپتی	
.13	این-ٹی-آر		.26	چتور	

نیچے دیے گئے نقشے پر ضلع کا نام اور وہاں اگائی جانے والی اہم فصلیں لکھیں۔



مثال:1. کونا سیما (دھان)

مثال:2. گنٹور (مرچی)

نقشے کی بنیاد پر اس فصل کی شناخت کریں جو زیادہ تر اضلاع میں اگائی جاتی ہے۔

AP SCERT



Let us discuss

- What are the crops cultivated in your village?
- List out other crops which grow in your district?
- What is the major crop cultivated in most districts of Andhra Pradesh?
- What are the crops which use more water to cultivate?
- What are the crops which use less water to cultivate?
- How technology made agriculture easy?



Key Words

cultivation, irrigation methods, traditional and modern agricultural tools, fertilizers, manure, crop protection, storing grains.



What we have learnt ?

- Eating a variety of food is important. It ensures that our body receives a wide range of essential nutrients.
- Vitamins, minerals, carbohydrates, and proteins are essential for energy, body functions, growth, and repairs of the body.
- Preparation of the field, transplantation, watering, fertilizing, crop protection, harvesting, threshing, storing, and marketing are the different stages of cultivation.
- Field irrigation, furrow irrigation, sprinkler irrigation, and drip irrigation are the irrigation methods.
- Farmers use modern and traditional tools in the cultivation of crops.
- Farmers use bio and chemical fertilizers to increase the production of the crop. Using chemical fertilizers is a health hazard.
- Farmers use pesticides for protecting their crops.

AP SCERT



آیئے ہم گفتگو کریں گے

- آپ کے گاؤں میں کون سی فصلیں اگائی جاتی ہیں؟
- آپ کے ضلع میں اگنے والی دیگر فصلوں کی فہرست بنائیں۔
- آندھرا پردیش کے زیادہ تر اضلاع میں اگائی جانے والی اہم فصل کون سی ہے؟
- وہ کون سی فصلیں ہیں جن کی کاشت کے لیے زیادہ پانی استعمال ہوتا ہے؟
- وہ کون سی فصلیں ہیں جن کی کاشت کے لیے کم پانی استعمال ہوتا ہے؟
- ٹیکنالوجی نے زراعت کو کیسے آسان بنادیا ہے؟

کلیدی الفاظ

کاشت، آبپاشی کے طریقے، روایتی اور جدید زرعی آلات، کھادیں، قدرتی کھاد، فصلوں کی حفاظت، اناج کا ذخیرہ۔

ہم نے کیا سیکھا؟

- مختلف قسم کی غذائیں کھانا ضروری ہے۔ یہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ہمارے جسم کو ضروری غذائی اجزاء کی وسیع رینج حاصل ہو۔
- توانائی، جسمانی افعال، نشوونما اور جسم کی مرمت کے لیے وٹامنز، معدنیات، کاربوہائیڈریٹس اور پروٹین ضروری ہیں۔
- کھیت کی تیاری، تخمی پودوں کی منتقلی، پانی دینا، کھاد ڈالنا، فصلوں کی حفاظت، کٹائی، گہائی، ذخیرہ اندوزی اور مارکیٹنگ کاشتکاری کے مختلف مراحل ہیں۔
- کھلی آبپاشی، نالیوں کے ذریعے آبپاشی، چھڑکاؤ کے ذریعے آبپاشی اور تقاطیر آبپاشی، آبپاشی کے طریقے ہیں۔
- کسان فصلوں کی کاشت میں جدید اور روایتی آلات استعمال کرتے ہیں۔
- کسان فصل کی پیداوار بڑھانے کے لیے حیاتیاتی اور کیمیائی کھادیں استعمال کرتے ہیں۔ کیمیائی کھادوں کا استعمال صحت کے لیے نقصان دہ ہے۔
- کسان اپنی فصلوں کی حفاظت کے لیے کیڑے مار ادویات کا استعمال کرتے ہیں۔



Improve your Learning

1. Why is it important to eat a variety of foods? ( )

   A) To eat more quantity of food

   B) To get different nutrients for a healthy body

   C) To save cooking time

   D) To eat the same food every day



2. Name any two tools used by farmers in cultivation.
3. What is irrigation?
4. Name one crop-friendly insect.
5. Explain why eating different kinds of food keeps us healthy.
6. Describe the stages of cultivation of paddy.
7. Why do farmers use irrigation methods for crops?
8. Explain the importance of organic farming.
9. Which pair is correctly matched? ( )

   A) Butterfly - harmful insect

   B) Earthworm - harmful insect

   C) Ladybird - crop-friendly insect

   D) Locust - crop-friendly insect

10. Your friend eats only rice every day. What advice will you give him about food?
11. You see earthworms in field. Are they helpful or harmful to crops? Why?
12. Sita's family buys vegetables grown without chemical fertilizers and pesticides. This practice supports: ( )

    A) Junk food habits

    B) Organic farming and healthy lifestyle

    C) Fast food culture

    D) Factory farming

APSCERT



اپنے اکتساب کو بہتر بنائیں

1. مختلف قسم کی غذائیں کھانا کیوں ضروری ہے؟ ( )



الف) غذا کی زیادہ مقدار کھانے کے لیے

ب) صحت مند جسم کے لیے مختلف مقویات حاصل کرنے کے لیے

ج) کھانا پکانے کا وقت بچانے کے لیے

د) ہر روز ایک ہی کھانا کھانے کے لیے

2. کاشتکاری میں کسانوں کے زیر استعمال ہونے والے دو آلات کے نام لکھیں۔

3. آبپاشی کیا ہے؟

4. فصل دوست ایک کیڑے کا نام بتائیں۔

5. وضاحت کریں کہ مختلف قسم کی غذائیں کھانا ہمیں کیوں صحت مند رکھتا ہے۔

6. دھان کی کاشت کے مراحل بیان کریں۔

7. کسان فصلوں کے لیے آبپاشی کے طریقے کیوں استعمال کرتے ہیں؟

8. نامیاتی کھیتی (Organic farming) کی اہمیت واضح کریں۔

9. کون سا جوڑا صحیح ملا ہوا ہے؟ ( )

الف) تیتلی- نقصان دہ کیڑا

ب) کینچوا- نقصان دہ کیڑا

ج) لیڈی برڈ- فصل دوست کیڑا

د) ٹڈی- فصل دوست کیڑا

10. آپ کا دوست روزانہ صرف چاول کھاتا ہے۔ آپ اسے کھانے کے بارے میں کیا مشورہ دیں گے؟

11. آپ کھیت میں کینچوے دیکھتے ہیں۔ کیا وہ فصلوں کے لیے فائدہ مند ہیں یا نقصان دہ؟ کیوں؟

12. سیتا کا خاندان ایسی سبزیاں خریدتا ہے جو کیمیائی کھادوں اور کیڑے مار ادویات کے بغیر اگائی جاتی ہیں۔ یہ عمل کس کی حمایت کرتا ہے؟ ( )

الف) جنک فوڈ کی عادات ب) نامیاتی کھیتی اور صحت مند طرز زندگی

ج) فاسٹ فوڈ کلچر د) فیکٹری فارمنگ

AP SCERT

13. Arrange the stages of paddy cultivation in the correct order:

    Harvesting, Sowing, Ploughing, Transplanting

14. Compare traditional tools and modern tools of agriculture. Write one difference.

15. Is eating junk food everyday a healthy habit? Why?

16. Why should farmers avoid using too many chemical fertilisers?

17. Draw and label any two farming tools.

18. Write two sentences on how you can support farmers.

19. Make a poster on slogan "Eat Healthy Food, Live Healthy Life".

20. Recreate the same type of poster in your own way.



13. دھان کی کاشت کے مراحل کو درست ترتیب میں لکھیں : کٹائی(Harvesting) ،بوائی(Sowing)، ہل چلانا(Ploughing) ، تخمی پودوں منتقلی(Transplanting)

14. زراعت کے روایتی اور جدید آلات کا موازنہ کریں۔ کوئی ایک فرق لکھیں۔

15. کیا روزانہ جنک فوڈ کھانا ایک صحت مند عادت ہے؟ کیوں؟

16. کسانوں کو بہت زیادہ کیمیائی کھادوں کے استعمال سے کیوں بچنا چاہیے؟

17. کھیتی باڑی کے کوئی سے دو آلات کی تصویر بنائیں اور ان کے نام لکھیں۔

18. اس بارے میں دو جملے لکھیں کہ آپ کسانوں کی مدد کیسے کر سکتے ہیں۔

19. اس نعرے (Slogan) پر ایک پوسٹر بنائیں: "صحت بخش غذا کھائیں، صحت مند زندگی گزاریں"۔

20. اسی طرح کا پوسٹر اپنے انداز میں دوبارہ بنائیں۔





Our Rivers - Our Life



T2Y9A3

Learning outcomes:

Pupils will be able to :

- Identify different sources of water. (CG - 4)
- Explain the uses of water storage in our surroundings. (CG - 4)
- Understand the importance of dams. (CG - 4)
- Identify the reasons behind river pollution. (CG - 4)
- Understand the adverse effects of river pollution. (CG - 4)
- Explain the effects of droughts and floods. (CG - 4)
- Gain awareness about flood safety tips. (CG - 3)
- Show concern towards nature. (CG - 2)

Observe the picture given below:



Identify the different water sources from the image and write their names.

....



باب 6 ہمارے دریا—ہماری زندگی




B5H4Q8

اکتسابی نتائج :

طلبہ اس قابل بنیں گے :

- پانی کے مختلف ذرائع کی شناخت کر سکیں گے۔(CG - 4)
- ہمارے گرد و نواح میں پانی کے ذخیرہ کرنے کے استعمالات بیان کر سکیں گے۔(CG - 4)
- ڈیموں کی اہمیت کو سمجھ سکیں گے۔(CG - 4)
- دریاؤں کی آلودگی کی وجوہات کی شناخت کر سکیں گے۔(CG - 4)
- دریاؤں کی آلودگی کے مضر اثرات کو سمجھ سکیں گے۔(CG - 4)
- خشک سالی اور سیلاب کے اثرات بیان کر سکیں گے۔(CG - 4)
- سیلاب سے بچاؤ کی تدابیر کے بارے میں آگاہی حاصل کر سکیں گے۔(CG - 3)
- قدرت کے تئیں فکر مندی کا اظہار کر سکیں گے۔(CG - 2)

نیچے دی گئی تصویر کا مشاہدہ کریں :



تصویر میں موجود پانی کے مختلف ذرائع کو شناخت کریں اور ان کے نام لکھیں۔

....

Water Resources :

Tanks ,wells, borewells, rivers and oceans are the main water resources. We know that rain is the source of all water bodies. About 75% of Earth's surface is covered with water. Most of the water is found in oceans and seas. But it is salty. A small amount of potable fresh water is found in rivers, tanks, lakes, ponds etc,. Water is essential for drinking, growing crops, and carrying out daily activities. Many plants and animals also live in fresh water. Without water, life would not be possible.

Rivers are one of the most important sources of water for human life.

Try to guess the answer to this riddle :

I have no feet, but I travel far

Through the field and forests, under moon and stars

I quench your thirst and help plants grow

From mountain to sea, I quietly flow

Who am I? .....



Write the name of some rivers that you know .

1..... 2..... 3.....

Let us know about the journey of the river Krishna :

The river Krishna is the third longest river in India. The river Krishna starts its journey from Mahabaleshwar in the Western Ghats of Maharashtra. It is almost 1400 kilometers long. The river is also called Krishna Veni. It is one of the major sources of irrigation in the states of Maharashtra, Karnataka, Telangana and Andhra Pradesh. In our state it flows through the districts of Kurnool, Nandyal, Prakasam, Palnadu, Guntur, Bapatla, N.T.R, and Krishna.

Bhima, Gayathri, Ghataprabha, Koyna, Malaprabha, Munneru, Nira, Palem, Panchaganga, Tungabhadra, Vemana and Wyra rivers are the tributaries of the Krishna River. Its flow separates Telangana and Andhra Pradesh states, and also separates some districts of Andhra Pradesh, and finally, merges with the Bay of Bengal at Hamsaladeevi in Krishna district

Mahabaleshwar (Mahabaleswara Swami), Alampur (Jogulamba), Vijayawada (Kanaka Durga), Amaravati (Amaralingeswara Swami) are the famous temples located on the banks of the river Krishna. Sangli and Karad cities of Maharashtra and Vijayawada city of Andhra Pradesh are situated on the banks of the river Krishna.

آبی وسائل :

تالاب، کنویں، بورویل، دریا اور سمندر پانی کے اہم وسائل ہیں۔ ہم جانتے ہیں کہ بارش تمام آبی ذخائر کا ذریعہ ہے۔ زمین کی سطح کا تقریباً 75 فیصد حصہ پانی سے ڈھکا ہوا ہے۔ زیادہ تر پانی سمندروں میں پایا جاتا ہے، لیکن یہ نمکین ہے۔ پینے کے قابل میٹھے پانی کی تھوڑی مقدار دریاؤں، تالابوں، جھیلوں اور کنوؤں وغیرہ میں پائی جاتی ہے۔ پانی پینے، فصلیں اگانے اور روزمرہ کی سرگرمیوں کے لیے ضروری ہے۔ بہت سے پودے اور جانور بھی میٹھے پانی میں رہتے ہیں۔ پانی کے بغیر زندگی ممکن نہیں۔ دریا انسانی زندگی کے لیے پانی کے اہم ترین ذرائع میں سے ایک ہیں۔



اس پہیلی کا جواب بوجھنے کی کوشش کریں:

میرے پاؤں نہیں ہیں، لیکن میں دور تک سفر کرتا ہوں کھیتوں اور جنگلوں سے،
چاند اور ستاروں کے نیچے میں آپ کی پیاس بجھاتا ہوں اور پودوں کو اگنے میں مدد دیتا ہوں پہاڑ سے سمندر تک، میں خاموشی سے بہتا ہوں
میں کون ہوں؟.....

کچھ دریاؤں کے نام لکھیں جنہیں آپ جانتے ہیں۔

1..... 2..... 3.....

آیئے دریائے کرشنا کے سفر کے بارے میں جانتے ہیں:

دریائے کرشنا بھارت کا تیسرا طویل ترین دریا ہے۔ دریائے کرشنا اپنے سفر کا آغاز مہاراشٹر کے مغربی گھاٹ میں مہابلیشور سے کرتا ہے۔ یہ تقریباً 1400 کلومیٹر طویل ہے۔ اس دریا کو کرشنا وینی بھی کہا جاتا ہے۔ یہ ریاست مہاراشٹر، کرناٹک، تلنگانہ اور آندھرا پردیش میں آبپاشی کے بڑے ذرائع میں سے ایک ہے۔ ہماری ریاست میں یہ کرنول، نندیال، پرکاشم، پلناڈو، گنٹور، باپٹلہ، این ٹی آر اور کرشنا کے اضلاع سے ہو کر بہتا ہے۔

بھیما، گایتری، گھٹ پربھا، کوئنا، مالاپربھا، منیرو، نیرا، پالیم، پنچ گنگا، تنگابھدرا، ویمنا اور وائرا دریا کرشنا کے معاون ندیاں ہیں۔ اس کا بہاؤ تلنگانہ اور آندھرا پردیش کی ریاستوں کو الگ کرتا ہے، اور آندھرا پردیش کے کچھ اضلاع کو بھی الگ کرتا ہے، اور آخر کار ضلع کرشنا کے ہمسالادیوی میں خلیج بنگال میں گرتا ہے۔

مہابلیشور (مہابلیشور سوامی)، عالم پور (جوگولامبا)، وجئے واڑہ (کنکادرگا)، امراوتی (امرالنگیشور سوامی) دریائے کرشنا کے کنارے واقع مشہور مندر ہیں۔ مہاراشٹر کے سانگلی اور کراڈ شہر اور آندھرا پردیش کا شہر وجئے واڑہ دریائے کرشنا کے کنارے واقع ہیں۔



Activity :

Look at the image and answer the following questions.

1. Name the states that Krishna flows through.

   _____

2. Name the dams constructed on the river.

   _____

3. What are the tributaries of the river Krishna?

   _____



Let us discuss

- Can we control the flow of the river? How?



مشغلہ: تصویر کو دیکھیں اور درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔

1. ان ریاستوں کے نام بتائیں جہاں سے دریائے کرشنا گزرتا ہے۔

.....

2. اس دریا پر تعمیر کیے گئے ڈیموں کے نام بتائیں۔

.....

3. دریائے کرشنا کے معاون دریا کون سے ہیں؟

.....



آیئے ہم گفتگو کریں گے

- کیا ہم دریا کے بہاؤ کو کنٹرول کر سکتے ہیں؟ کیسے؟

DAMS :

A dam is a barrier constructed across a river to hold back water and raise its level by forming a reservoir. It is used to generate electricity and as a water resource. Dams are usually constructed to store water across the rivers, which is used for a variety of purposes such as drinking, irrigation, fish farming, and power generation, etc.

Dams provide a range of economic, environmental and social benefits. They help flood control, water supply, hydroelectric power, river navigation and animal habitat. Dams also provide prime recreational activities like boating, and swimming. The Krishna and Godavari are the major rivers in our state. Some major, medium, and minor dams are built across the rivers.

The Godavari, Krishna, Vamsadhara, Nagavali, and Penna are the main rivers in Andhra Pradesh. Pulichintala, Telugu Ganga, Thotapalli Barrage and Kandaleru are some reservoirs.

They are mainly meant for agriculture and drinking purposes. Nagarjuna Sagar and the Srisailam dams are multipurpose dams constructed across the river Krishna. Sir Arthur Thomas Cotton barrage is built across the river Godavari at Dowleswaram.

Nagarjuna Sagar dam :



The Nagarjuna Sagar dam is the largest multipurpose dam. It was built in 1967 across the river Krishna at Nagarjuna Konda between the Palnadu district of Andhra Pradesh and Nalgonda district of Telangana.The dam has canals.The right canal is named Jawahar Canal and the left canal is named Lal Bahadur Canal.



Srisailam dam :

The Srisailam dam is a gravity dam located in the Nallamala Hills across the Krishna River, on the border of the Nandyal (Andhra Pradesh) and Nagar Kurnool (Telangana) districts, completed in 1981. It is India's second largest capacity working hydroelectric station and a popular tourist destination known for its scenic view and nearby Srisailam Temple.

Activity :

1. When was the Nagarjuna Sagar dam built ?

   _____

2. Where is the Srisailam dam located ?

   _____

بند : بند ایک رکاوٹ ہے جو دریا کے پار پانی کو روکنے اور ریزروائر (پانی کا ذخیرہ) بنا کر اس کی سطح کو بلند کرنے کے لیے تعمیر کی جاتی ہے۔ یہ بجلی پیدا کرنے اور پانی کے وسیلے کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ بند عام طور پر دریاؤں پر پانی ذخیرہ کرنے کے لیے بنائے جاتے ہیں، جیسے پینے، آبپاشی، مچھلی پالنے اور بجلی پیدا کرنے جیسے مختلف مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

بند کئی اقتصادی، ماحولیاتی اور سماجی فوائد فراہم کرتے ہیں۔ وہ سیلاب پر قابو پانے، پانی کی فراہمی، پن بجلی، دریا میں جہاز رانی اور جانوروں کے مسکن میں مدد کرتے ہیں۔ بند کشتی رانی اور تیراکی جیسی بہترین تفریحی سرگرمیاں بھی فراہم کرتے ہیں۔ کرشنا اور گوداوری ہماری ریاست کے اہم دریا ہیں۔ دریاؤں پر کچھ بڑے، درمیانے اور چھوٹے بند بنائے گئے ہیں۔

گوداوری، کرشنا، وامسادھرا، ناگ ولی اور پینا آندھرا پردیش کے اہم دریا ہیں۔ پولی چنتلا، تیلگو گنگا، تھوٹا پلی بیراج اور کنڈالیرو کچھ ریزروائرز ہیں۔ یہ بنیادی طور پر زراعت اور پینے کے مقاصد کے لیے ہیں۔ ناگارجن ساگر اور سری سیلم بند دریائے کرشنا پر تعمیر کیے گئے کثیر المقاصد بند ہیں۔ سر آرتھر تھامس کاٹن بیراج دولیشورم میں دریائے گوداوری پر بنایا گیا ہے۔

ناگارجن ساگر بند :



ناگارجن ساگر بند سب سے بڑا کثیر المقاصد بند ہے۔ یہ 1967 میں دریائے کرشنا پر آندھرا پردیش کے ضلع پلناڈو اور تلنگانہ کے ضلع نلگنڈہ کے درمیان ناگارجن کونڈا میں تعمیر کیا گیا تھا۔ اس بند کی نہریں ہیں۔ دائیں نہر کا نام جواہر کینال اور بائیں نہر کا نام لال بہادر کینال ہے۔

سری سیلم بند :



سری سیلم بند ایک گریوٹی بند ہے جو دریائے کرشنا پر نلامالا پہاڑیوں میں واقع ہے، جو نندیال (آندھرا پردیش) اور ناگرکرنول (تلنگانہ) کے اضلاع کی سرحد پر واقع ہے، جو 1981 میں مکمل ہوا۔ یہ بھارت کا دوسرا سب سے بڑا بجلی گھر ہے اور اپنے دلکش نظارے اور قریبی سری سیلم مندر کی وجہ سے ایک مقبول سیاحتی مقام ہے۔

مشغلہ:

1. ناگارجن ساگر بند کب تعمیر کیا گیا تھا؟

.....

2. سری سیلم بند کہاں واقع ہے؟

.....

The Penna River :



The Penna River is a vital water source of Rayalaseema in Andhra Pradesh. It originates in the Nandhi hills of Karnataka and flows for about 597 km before entering into the Bay of Bengal, near the Nellore District of Andhra Pradesh. It is a seasonal river. It flows through Sri Sathya Sai, YSR Kadapa and Nellore districts in Andhra Pradesh and several other districts in Karnataka like Kolar and Tumakur. The main dam constructed on the Penna River is the Somasila dam which is located in the Nellore district of Andhra Pradesh.



Let us discuss

What problems will occur if we do not have dams?



Are there any other structures similar to dams?

Barrages are built across rivers to control the flow of water. The water at barrages is mostly used for irrigation.

Prakasam Barrage :



The Prakasam Barrage is built across the Krishna river at Vijayawada. The barrage structure stretches about 1.2 km across NTR district and Guntur district. It was inaugurated in the year 1957 by Sri Tanguturi Prakasam Panthulu, the first Chief Minister of the combined state of Andhra Pradesh and was thus named after him as Prakasam Barrage.

دریائے پینا:



دریائے پینا آندھرا پردیش میں رائل سیما کا ایک اہم آبی ذرائع ہے۔ یہ کرناٹک کی نندی پہاڑیوں سے نکلتا ہے اور آندھرا پردیش کے ضلع نیلور کے قریب خلیج بنگال میں گرنے سے پہلے تقریباً 597 کلومیٹر تک بہتا ہے۔ یہ ایک موسمی دریا ہے۔ یہ آندھرا پردیش میں سری ستیاسائی، وائی ایس آر کڈپہ اور نیلور کے اضلاع اور کرناٹک کے کئی دیگر اضلاع جیسے کولار اور تمکور سے گزرتا ہے۔ دریائے پینا پر تعمیر کیا گیا اہم ڈیم سوما سلا ڈیم ہے جو آندھرا پردیش کے ضلع نیلور میں واقع ہے۔



آیئے ہم گفتگو کریں گے

اگر ہمارے پاس ڈیم نہ ہوں تو کیا مسائل پیدا ہوں گے؟



کیا ڈیموں سے ملتی جلتی کوئی اور تعمیرات بھی ہیں؟


دریاؤں کے بہاؤ کو کنٹرول کرنے کے لیے ان کے پار بیراج بنائے جاتے ہیں۔ بیراجوں کا پانی زیادہ تر آبپاشی کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

پرکاشم بیاریج:



پرکاشم بیاریج وجئے واڑہ میں دریائے کرشنا پر بنایا گیا ہے۔ بیراج کا ڈھانچہ ضلع این ٹی آر اور ضلع گنٹور کے پار تقریباً 1.2 کلومیٹر تک پھیلا ہوا ہے۔ اس کا افتتاح 1957 میں متحدہ ریاست آندھرا پردیش کے پہلے وزیر اعلیٰ سری ٹنگوٹوری پرکاسم پنتھلو نے کیا تھا اور اس طرح اس کا نام ان کے نام پر پرکاسم بیراج رکھا گیا تھا۔


Let us observe the picture and know more about the journey of the Godavari River.





Let us discuss

- From which place does the Godavari River originate in the picture?
- Follow the Godavari River in the image. Write the states it flows through?
- Where does it finally merge?



Do You Know !

Dowleswaram barrage :

Sir Arthur Thomas Cotton was a British irrigation engineer. He built a barrage across the river Godavari between Dowleswaram in East Godavari district and Vijjeswaram in West Godavari district in Andhra Pradesh.



APSCERT

آیئے تصویر کا مشاہدہ کریں اور دریائے گوداوری کے سفر کے بارے میں مزید جانیں۔





آیئے ہم گفتگو کریں گے

- تصویر میں دریائے گوداوری کس مقام سے نکلتا ہے؟
- تصویر میں دریائے گوداوری کے راستے کا پیچھا کریں۔ ان ریاستوں کے نام لکھیں جہاں سے یہ گزرتا ہے؟
- یہ آخر میں کہاں گرتا ہے؟



کیا آپ جانتے ہیں!




دولیشورم بیاریج :

سر آرتھر تھامس کاٹن ایک برطانوی آبپاشی انجینئر تھے۔ انہوں نے آندھرا پردیش میں مشرقی گوداوری کے دولیشورم اور مغربی گوداوری کے وجیشورم کے درمیان دریائے گوداوری پر ایک بیراج تعمیر کیا۔

Let Us Know

Observe the Andhra Pradesh and fill the given table.



Name of the river	Districts thorugh which the river flows	Location where the river merges with sea

آیئے ہم جانیں گے

آندھرا پردیش نقشہ کا مشاہدہ کریں اور دیے گئے جدول کو پر کریں۔



ندی کا نام	وہ اضلاع جہاں سے ندی گذرتی ہے	وہ مقام جہاں پر ندی سمندر میں جا ملتی ہے

Usage of water in crop fields :

Water is very useful for crops. It helps in germination and growth. Farmers use different irrigation methods like canals, wells, drip and sprinkler systems to supply water for crops.

Dependents on River (Fishermen) :



The river is the source of many livelihoods. The fisherman's livelihood depends on rivers. They go on boats across the river and catch a variety of fish, crabs, or lobsters using nets. They sell them in local markets.



Let us discuss

- What are the occupations in which people are engaged near the river?
- How do rivers help people in transportation and trade?

River pollution :



In addition to agriculture, many industries depend on the Krishna River water. There are many villages and towns located on the banks of the Krishna river water. Effluent from industries, dairy farms, agricultural wastes and wastes of the thermal power stations drains into the river and pollutes it. Long ago people used to drink water from river directly. Now the water is polluted, and it is not useful for drinking purposes. The chemical wastes from the industries and power stations cause large scale damage to the living organisms in the river.

Water safety and cleanliness :

Water safety and cleanliness are important to keep us healthy. We must always drink clean, boiled or filtered water. Water sources like rivers, ponds and wells must be protected from pollution. We should store water in clean containers, use it, and never waste it. By following simple safety rules and keeping our surroundings clean, we can ensure safe water for drinking.

کھیتوں میں پانی کا استعمال :

پانی فصلوں کے لیے بہت مفید ہے۔ یہ بیج کے اگنے اور نشوونما میں مدد کرتا ہے۔ کسان فصلوں کو پانی فراہم کرنے کے لیے آبپاشی کے مختلف طریقے جیسے نہریں، کنویں، ڈرپ اور اسپرینکلر سسٹم استعمال کرتے ہیں۔



دریا پر منحصر افراد (ماہی گیر):

دریا کئی لوگوں کے ذریعہ معاش کا ذریعہ ہے۔ ماہی گیروں کی زندگی کا دارومدار دریاؤں پر ہے۔ وہ کشتیوں پر دریا پار جاتے ہیں اور جالوں کی مدد سے مختلف قسم کی مچھلیاں، کیکڑے یا لابسٹر پکڑتے ہیں۔ وہ انہیں مقامی بازاروں میں فروخت کرتے ہیں۔



آیئے ہم گفتگو کریں گے

- دریا کے قریب لوگ کن پیشوں سے وابستہ ہیں؟
- دریا نقل و حمل اور تجارت میں لوگوں کی کس طرح مدد کرتے ہیں؟

دریا کی آلودگی :



زراعت کے علاوہ بہت سی صنعتیں دریائے کرشنا کے پانی پر منحصر ہیں۔ دریائے کرشنا کے کناروں پر بہت سے گاؤں اور قصبے واقع ہیں۔ صنعتوں، ڈیری فارموں، زرعی فضلہ اور تھرمل پاور اسٹیشنوں کا فضلہ دریا میں گرتا ہے اور اسے آلودہ کرتا ہے۔ بہت عرصہ پہلے لوگ دریا کا پانی براہ راست پیتے تھے۔ اب پانی آلودہ ہو چکا ہے اور پینے کے مقاصد کے لیے مفید نہیں رہا۔ صنعتوں اور پاور اسٹیشنوں سے نکلنے والا کیمیائی فضلہ دریا میں موجود جانداروں کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچاتا ہے۔

پانی کی حفاظت اور صفائی ستھرائی:

ہمیں صحت مند رکھنے کے لیے پانی کی حفاظت اور صفائی ستھرائی اہم ہے۔ ہمیں ہمیشہ صاف، ابلا ہوا یا فلٹر شدہ پانی پینا چاہیے۔ دریاؤں، تالابوں اور کنوؤں جیسے آبی ذخائر کو آلودگی سے بچانا چاہیے۔ ہمیں پانی کو صاف برتنوں میں ذخیرہ کرنا چاہیے، اسے استعمال کرنا چاہیے اور اسے کبھی ضائع نہیں کرنا چاہیے۔ سادہ حفاظتی اصولوں پر عمل کر کے اور اپنے گردونواح کو صاف رکھ کر ہم پینے کے لیے محفوظ پانی کو یقینی بنا سکتے ہیں۔



Let us discuss

- Discuss the causes of water pollution. What are its bad consequences?
- What measures do you take to avoid water pollution in the rivers?



Do You Know !

Namami Ganga is a special plan started by the government of India in June - 2014. The main goal of this mission is to clean the river Ganga and stop pollution. 'We want to save the river and make it fresh again.'

Adverse effects of river pollution :

1. It harms water animals and plants (Aquatic life).
2. It makes water unsafe for drinking.
3. It damages the soil and crops.
4. It disturbs the balance of nature.

When a river floods :

When there is too much rainfall, all the water rushes into the river and the river expands. Water floods houses, fields and roads causing great damage, and destruction. People and animals often have to leave their homes and stay safe.

Things to know





آیئے ہم گفتگو کریں گے

- آبی آلودگی کی وجوہات پر بحث کریں۔ اس کے برے نتائج کیا ہیں؟
- دریاؤں میں پانی کی آلودگی سے بچنے کے لیے آپ کیا اقدامات کرتے ہیں؟



کیا آپ جانتے ہیں!

نمامی گنگا ایک خصوصی منصوبہ ہے جو حکومت ہند نے جون 2014 میں شروع کیا تھا۔ اس مشن کا بنیادی مقصد دریائے گنگا کو صاف کرنا اور آلودگی کو روکنا ہے۔ 'ہم دریا کو بچانا چاہتے ہیں اور اسے دوبارہ تازہ بنانا چاہتے ہیں۔'

دریا کی آلودگی کے مضر اثرات

1. یہ آبی جانوروں اور پودوں (آبی زندگی) کو نقصان پہنچاتا ہے۔
2. یہ پانی کو پینے کے لیے غیر محفوظ بناتا ہے۔
3. یہ مٹی اور فصلوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔
4. یہ فطرت کے توازن کو بگاڑتا ہے۔

جب دریا میں سیلاب آتا ہے

جب بہت زیادہ بارش ہوتی ہے تو سارا پانی دریا میں آجاتا ہے اور دریا پھیل جاتا ہے۔ سیلاب کا پانی گھروں، کھیتوں اور سڑکوں میں داخل ہو کر بڑے پیمانے پر نقصان اور تباہی کا سبب بنتا ہے۔ لوگوں اور جانوروں کو اکثر محفوظ رہنے کے لیے اپنے گھر چھوڑنے پڑتے ہیں۔

جاننے کی باتیں

سیلاب سے بچاؤ تدابیر




When a River runs dry (Drought) :



When there is no rainfall for a long time, the water level in the river goes down or dries up completely. Crops cannot grow without water. People and animals struggle to find drinking water and food; this situation is called drought.

Recently many districts in Andhra Pradesh faced severe drought. The government takes various measures like providing drinking water, food, fodder for cattle etc., to help farmers and solve water problems, our state government is using strategies like river linking. This helps to bring water to dry areas.



Let us discuss

- If there was no water for a week, which problems you may face?

Do You Know !

The National Water Mission works to manage water properly and helps use water wisely across India.

Let us Do


Each one of you can help save water by doing small things every day.

- Use water efficiently. Do not waste it.
- Turn off the tap while brushing your teeth.
- Do not waste drinking water.
- Reuse clean water left from washing fruits or vegetables in watering plants.
- Remind family and friends to save water too.
- Remember every drop counts.

These steps help us use water wisely and protect it for the future. Because every drop is precious.

Rainwater Harvesting pits :

Rainwater harvesting is a suitable practice of collecting, storing, and using rainwater from rooftops or other surfaces for various needs. As shown in the picture ground water levels can be increased through rain water harvesting pits.



جب دریا خشک ہو جائے (خشک سالی)



جب طویل عرصے تک بارش نہ ہو تو دریا میں پانی کی سطح کم ہو جاتی ہے یا وہ مکمل طور پر خشک ہو جاتا ہے۔ پانی کے بغیر فصلیں نہیں اگ سکتیں۔ انسانوں اور جانوروں کو پینے کا پانی اور غذا تلاش کرنے میں جدوجہد کرنی پڑتی ہے؛ اس صورتحال کو خشک سالی کہا جاتا ہے۔

حال ہی میں آندھرا پردیش کے کئی اضلاع کو شدید خشک سالی کا سامنا کرنا پڑا۔ حکومت کسانوں کی مدد اور پانی کے مسائل حل کرنے کے لیے پینے کے پانی، غذا اور مویشیوں کے لیے چارے کی فراہمی جیسے مختلف اقدامات کرتی ہے۔ ہماری ریاستی حکومت دریاؤں کو جوڑنے (ریورلن کنگ) جیسی حکمت عملیوں کا استعمال کر رہی ہے۔ اس سے خشک علاقوں تک پانی پہنچانے میں مدد ملتی ہے۔



آیئے ہم گفتگو کریں گے

- اگر ایک ہفتے تک پانی نہ ہو تو آپ کو کن مسائل کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے؟

کیا آپ جانتے ہیں!

نیشنل واٹر مشن پورے بھارت میں پانی کے مناسب انتظام کے لیے کام کرتا ہے اور پانی کو سمجھداری سے استعمال کرنے میں مدد دیتا ہے۔


آیئے ہم کریں گے

آپ میں سے ہر ایک روزانہ چھوٹے چھوٹے کام کر کے پانی بچانے میں مدد کر سکتا ہے۔

- پانی کا استعمال کفایت شعاری سے کریں۔ اسے ضائع نہ کریں۔
- دانت صاف کرتے وقت نل بند رکھیں۔
- پینے کے پانی کو ضائع نہ کریں۔
- پھل یا سبزیاں دھونے کے بعد بچ جانے والے صاف پانی کو پودوں میں ڈالنے کے لیے دوبارہ استعمال کریں۔
- گھر والوں اور دوستوں کو بھی پانی بچانے کی یاد دہانی کرائیں۔
- یاد رکھیں کہ ہر قطرہ قیمتی ہے۔

یہ اقدامات ہمیں پانی کو سمجھداری سے استعمال کرنے اور اسے مستقبل کے لیے محفوظ رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔ کیونکہ ہر قطرہ انمول ہے۔

بارش کے پانی کو محفوظ کرنے کے گڑھے:



بارش کے پانی کو محفوظ کرنا مختلف ضروریات کے لیے چھتوں یا دیگر سطحوں سے بارش کا پانی جمع کرنے، ذخیرہ کرنے اور استعمال کرنے کا ایک موزوں طریقہ ہے۔ جیسا کہ تصویر میں دکھایا گیا ہے، بارش کے پانی کو محفوظ کرنے والے گڑھوں کے ذریعے زیر زمین پانی کی سطح میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔

APSCERT

Project work :

Prepare a poster on "Save water; Every drop counts" Display in the class.



Key Words

resources ,potable, reservoir, irrigation, dependents, seasonal, agriculture, livelihood, industry, thermal power stations, pollution, tourist industry, drought, floods, tributaries, dams, aquatic life.



What we have learnt ?

- Oceans, seas, rivers, ponds, tanks, and wells are the major sources of water.
- The river Krishna originates at Mahabaleswar in Maharashtra state.
- Dams and reservoirs are constructed to store the water.
- Rivers are getting polluted due to human negligence.
- Droughts, famine, and floods have adverse effects on human life.
- Water is precious; we have to conserve it.



Improve your Learning

1. Name the sources of water.
2. Write the names of some rivers in India.
3. What is a dam?
4. Explain the uses of reservoirs in our surroundings.
5. What are the main reasons for river pollution?
6. Which one of the following is not a primary purpose behind constructing a dam across a river? ( )

   A) fishing B) irrigation

   C) flood control D) power generation

AP SCERT

منصوبہ کام :

"پانی بچائیں؛ہر قطرہ قیمتی ہے" کے عنوان پر ایک پوسٹر تیار کریں اور اسے کلاس میں لگائیں۔

کلیدی الفاظ

وسائل، پینے کے قابل، ذخیرہ آب (ریزروائر)، آبپاشی، منحصر، موسمی، زراعت، ذریعہ معاش، صنعت، تھرمل پاور اسٹیشن، آلودگی، سیاحتی صنعت، خشک سالی، سیلاب، معاون دریا، بند، آبی زندگی۔

ہم نے کیا سیکھا؟

- سمندر، دریا، تالاب اور کنوئیں پانی کے بڑے ذرائع ہیں۔
- دریائے کرشنا ریاست مہاراشٹر کے مہابلیشور سے نکلتا ہے۔
- پانی ذخیرہ کرنے کے لیے بند اور ریزروائرز تعمیر کیے جاتے ہیں۔
- انسانی غفلت کی وجہ سے دریا آلودہ ہو رہے ہیں۔
- خشک سالی، قحط اور سیلاب انسانی زندگی پر مضر اثرات مرتب کرتے ہیں۔
- پانی انمول ہے؛ ہمیں اسے محفوظ کرنا چاہیے۔

اپنے اکتساب کو بہتر بنائیں

1. پانی کے ذرائع کے نام بتائیں۔
2. بھارت کے کچھ دریاؤں کے نام لکھیں۔
3. بند کیا ہے؟
4. ہمارے گرد و نواح میں ریزروائرز (ذخیرہ آب) کے استعمالات بیان کریں۔
5. دریا کی آلودگی کی اہم وجوہات کیا ہیں؟
6. درج ذیل میں سے کون سا دریا پر ڈیم بنانے کا بنیادی مقصد نہیں ہے؟ ( )

الف) ماہی گیری ب) آبپاشی

ج) سیلاب پر قابو پانا د) بجلی کی پیداوار

AP SCERT

7. Your area did not receive rain for a long time. Which problem may occur?

8. During heavy rains, the water level in a river rises.

   What danger does it cause to nearby villages?

9. A village located near a river faces frequent floods during the rainy season and water scarcity during summer. The government plans to construct a dam across the river. How will the dam help the village? ( )

   A) It will only help in generating electricity for nearby cities.

   B) It will stop the river flow completely.

   C) It will control floods, store water, and generate electricity.

   D) It will be used only for recreational activities like boating.

10. Which of the following is the major cause of damage to living organisms in rivers? ( )

    A) wastes from industries and power stations

    B) excess use of fertilizers in nearby fields

    C) cutting down trees along riverbanks

    D) boating and recreational activities

11. Classify the following as natural or human-made causes of river pollution:

    i) Industrial waste ii) Dead plants and animals

    iii) Plastic waste iv) Soil erosion

    v) Decay of organic matter vi) Leaching of minerals

    vii) Waste water viii) Oil spills

Natural river pollution	human-made river pollution

AP SCERT

7. آپ کے علاقے میں طویل عرصے سے بارش نہیں ہوئی۔ کون سا مسئلہ پیدا ہو سکتا ہے؟

8. شدید بارشوں کے دوران، دریا میں پانی کی سطح بلند ہو جاتی ہے۔ اس سے قریبی دیہاتوں کو کیا خطرہ لاحق ہو سکتا ہے؟

9. دریا کے قریب واقع ایک گاؤں کو برسات کے موسم میں کثرت سے سیلاب اور گرمیوں میں پانی کی قلت کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ حکومت دریا پر بند بنانے کا منصوبہ رکھتی ہے۔ بند گاؤں کی مدد کیسے کرے گا؟ ( )

الف) یہ صرف قریبی شہروں کے لیے بجلی پیدا کرنے میں مدد کرے گا۔

ب) یہ دریا کے بہاؤ کو مکمل طور پر روک دے گا۔

ج) یہ سیلاب کو کنٹرول کرے گا، پانی ذخیرہ کرے گا اور بجلی پیدا کرے گا۔

د) یہ صرف کشتی رانی جیسی تفریحی سرگرمیوں کے لیے استعمال ہو گا۔

10. درج ذیل میں سے کون سی دریاؤں میں رہنے والے جانداروں کو نقصان پہنچانے کی بڑی وجہ ہے؟ ( )

الف) صنعتوں اور پاور اسٹیشنوں کا فضلہ

ب) قریبی کھیتوں میں کھادوں کا زیادہ استعمال

ج) دریا کے کناروں پر درختوں کی کٹائی

د) کشتی رانی اور تفریحی سرگرمیاں

11. درج ذیل کو دریا کی آلودگی کی قدرتی یا انسانی وجوہات میں درجہ بندی کریں:

(i) صنعتی فضلہ　　(ii) مردہ پودے اور جانور

(iii) پلاسٹک کا فضلہ　　(iv) مٹی کا کٹاؤ


(v) نامیاتی مادے کا سڑنا　　(vi) معدنیات کا رسنا

(vii) گندا پانی　　(viii) تیل کا بہنا

قدرتی دریائی آلودگی	انسان کے ذریعے کی گئی دریائی آلودگی

AP SCERT

12. Compare floods and droughts. Write one difference.
13. How are rivers, reservoirs, and dams connected to each other?
14. Is it right to release untreated factory waste into rivers? Why?
15. Are dams important for our country? Give one reason.
16. Make a poster on "Save Rivers, Save Life".
17. Suggest two ways to reduce river pollution.
18. Colour the districts through which the Krishna River flows and draw the flow line of the Krishna River on the given map of Andhra Pradesh.



APSCERT

12. سیلاب اور خشک سالی کا موازنہ کریں۔ کوئی ایک فرق لکھیں۔

13. دریا، ریزروائر (ذخیرہ آب) اور ڈیم ایک دوسرے سے کیسے جڑے ہوئے ہیں؟


14. کیا فیکٹریوں کا غیر علاج شدہ فضلہ دریاؤں میں چھوڑنا درست ہے؟ کیوں؟

15. کیا ڈیم ہمارے ملک کے لیے اہم ہیں؟ کوئی ایک وجہ بتائیں۔

16. "دریا بچائیں، زندگی بچائیں" کے عنوان پر ایک پوسٹر بنائیں۔

17. دریا کی آلودگی کو کم کرنے کے لیے دو طریقے تجویز کریں۔

18. آندھرا پردیش کے دیے گئے نقشے پر ان اضلاع میں رنگ بھریں جہاں سے دریائے کرشنا گزرتا ہے اور اس کے بہاؤ کی لکیر بنائیں۔



APSCERT

Mind Map

EVS

CURRICULAR GOALS

CG-1: Explores and engages with the natural and socio-cultural environment in their surroundings.

CG-2 Understands the interdependence in their environment through observation and experiences, developing the basis for appreciation of the idea of 'Vasudhaiva Kutumbakam'.

CG-3 Explains how to ensure the safety of self and others in different (normal, as well as, emergency) situations.


CG-4 Develops sensitivity towards social and natural environment.

Analyze the family budget.	Shows concern towards lives of migrated workers.	Identify different organs in the body. Know about different organ systems in the body. Explain the structure and functions of different organ systems in the body. Conduct activities to understand the functioning of organ systems in the body.	Define migration. Explain the causes and the effects of migration. Classify the reasons for migration. Know about of slums.
Understand the sorting of clothes according to season, culture etc. Gain the knowledge of traditional weaving in Andhra Pradesh. Appreciate the importance of uniform.	Understand the effect of deforestation. Show concern about global warming. Appreciate the environment friendly movements like Chipko movement. Apply the concept of eco friendly home.		Define climate. Identify the causes and effects of climate change.
Identify rice as common food for us. Gain the knowledge about the crops growing in our state.	Appreciate the art of weaving especially weaver bird.	Know the importance of eating varieties of food. Classify the foods. Follow healthy food habits and good life styles.	Classify the fibres. Identify different types of fibres. Know about the process of making fabric. Show concern towards recycling of clothes.
	Appreciate our body as an amazing machine.	Get awareness about flood safety tips.	Know about different stages of cultivation of paddy and different farming tools. . Classify insects into crop friendly and harmful insects. Explain different types of irrigation methods.
	Understand the importance of organic farming.		Identify different sources of water, reasons behind river pollution. Understand about formation of rivers, adverse effects of river pollution. Explain the uses of water storage reservoirs in our surroundings and the effects of droughts and floods. Understand the importance of dams on rivers.
	Show concern towards nature.		

LEARNING OUTCOMES

In summary, the Class 5 EVS textbook fosters understanding of interconnected human, social, and natural systems through Andhra Pradesh-relevant experiential learning. Covering migration, climate change, sustainability, clothing culture, body functions, food production, and river ecology, it cultivates responsible, empathetic citizenship via knowledge, environmental concern, health awareness, practical skills, and hands-on discovery for sustainable living.

Let Us Identify the Districts (آیئے ہم اضلاع کی شناخت کریں گے)



1. Observe each district in different colours.
   مختلف رنگوں میں موجود ہر ضلع کا مشاہدہ کیجیے۔
2. Identify your district. (آپ کے ضلع کو پہچانیے۔)
3. Tell the colour of your district. (آپ کا ضلع کونسے رنگ میں ہے بتایئے۔)
4. Name the districts neighbouring your district.
   (آپ کا ضلع کے پڑوسی اضلاع کے نام بتایئے۔)

AP SCERT